Ocotober 2011

جلد نمبر 2

شمارہ نمبر 6

ماہنامہ

خزینہ روحانیات

لاہور

روحانیات کے اسرار و رموز اور مخفی علوم کا خزانہ

جادو ٹونہ نمبر

کالی ماتا کے وار کا توڑ

جادو کہاں ہے؟ پتہ لگانے کا خاص عمل

جادو کو حاضر کرنے کا خاص عمل

جادو کی اشیاء منگوانے کا خاص عمل

دینی اداروں پر ہونے والے سحر و جادو کے توڑ کا مجرب عمل

واپسی سحر کے اعمال

ایک عرب عامل کا جادو کے توڑ کے لئے مجرب عمل

جادو کی کاٹ کے بڑے اعمال: ہانڈی، کالے بکرے، اونٹ کی ہڈی، کڑاہی، ہتھیلی والے اعمال

روحانیات کے اسرار و رموز اور مخفی علوم کا خزانہ

ماہنامہ
خزینۂ روحانیات
لاہور

جلد 2 اکتوبر 2011ء / ذوالقعدہ ۱۴۳۲ھ شمارہ نمبر 6

چیف ایڈیٹر: ابونافع خالد مقبول عارف چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی

ایڈیٹر: مولانا علی آفاق 0321-4168008

سب ایڈیٹر: مولانا محمد عرفان 0321-4661681

ڈیزائننگ: خضر عباس | کمپوزر: ایم۔ ایس۔ سلمان

سرکولیشن و اشتہارات: (0322) 4773786

خط و کتابت: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: (042) 35033371 موبائل: 0322 / 0343 7772772

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

فہرست مضامین

صفحہ نمبر

قیمت فی شمارہ 70 روپے

- سالانہ ممبرشپ عام ڈاک -/400 روپے — رجسٹرڈ پوسٹ -/640 روپے
- ششماہی ممبرشپ عام ڈاک -/200 روپے — رجسٹرڈ پوسٹ -/320 روپے

- 10 شمارے -/30 روپے کے حساب سے -/300 روپے
- 2 خصوصی شمارے -/50 روپے کے حساب سے -/100 روپے

E-mail: info@darulamal.org
Web: darulamal.org/magazines/ruhani

ڈاکٹر خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز، لاہور سے چھپوا کر ادارہ دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

لائق حمد بھی ثنا بھی تو — میرا معبود بھی خدا بھی تو

تیرے اسرار کون جان سکے — سب میں موجود اور جدا بھی تو

بے نواؤں کی آخری امید — بے سہاروں کا آسرا بھی تو

التجا سب تیرے حضور کریں — سب کی سنتا ہے دعا بھی تو

تو ہی سب سے بڑا مسیحا ہے — سب مریضوں کو دے شفا بھی تو

جو نہ کوئی بھی جانے تو جانے — آرزو تو ہے اور رضا بھی تو

تیرے در کے سبھی سوالی ہیں — اور ظہوری کی ہے صدا بھی تو

محمد علی ظہوری قصوری

لب عرش و فرش پہ ہے رواں صلو علیہ و آلہ

ہے ثنائے خواجہ کہاں کہاں صلو علیہ و آلہ

میں قلم کے فن سے تھا نا بلد، مرے لب پہ مہر سکوت تھی

مری خامشی کو ملی زباں ، صلو علیہ و آلہ

اسے عام بات نہ جانئے، یہ بڑے نصیب کی بات ہے

مرا حرف حرف ہے نعت خواں ، صلو علیہ و آلہ

میں عجب عذاب میں تھا گھرا، میری جان پہ تھی بنی ہوئی

مرے لب پہ آگیا ناگہاں ، صلو علیہ و آلہ

غمِ زندگی کی دوپہر میں ، دلِ زار سایہ فگن وہی!

ہے وہی امیدِ دل جہاں ، صلو علیہ و آلہ

(ڈاکٹر شیخ محمد اقبال)

رقم کی ادائیگی کا طریقہ کار

منی آرڈر 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتے پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ اور موبائل نمبر لازمی منی آرڈر فارم پر لکھیں۔ اور مقصد بھی واضح لکھیں۔

تعمیر بینک کسی بھی ایزی پیسہ دکان پر جا کر اکاؤنٹ نمبر 034377727721 میں رقم جمع کروائیں۔ -/1000 تک -/35 روپے اضافی اور -/1001 سے -/2500 روپے تک -/70 روپے اضافی جمع کروائیں۔ -/2500 سے بڑی رقم بینک میں جمع کروائیں۔ پہلے فون پر رابطہ کریں تا کہ آسانی ہو۔

بینک ڈپازٹ درج ذیل بینکس میں سے کسی میں جمع کروائیں۔ پھر SMS پر اطلاع دیں اور اپنا نام و مکمل پتہ و موبائل نمبر اور مقصد بھی SMS کریں۔ پہلے دو بینکس میں جمع کروانے پر کوئی چارج نہیں ہیں۔

1. Standard Chartered
   Khalid Maqbool A/C # 01-4759966-01
2. Meezan Bank (Branch Code: 0212)
   Khalid Maqbool A/C # 02127600000077
3. UBL Bank (Branch Code: 347)
   Khalid Maqbool A/C # 37100265

اداریہ

تمام تعریفیں اس ذات کے لئے جو تمام جہانوں کا رب ہے، سب کا پالنے والا، سب کو رزق دینے والا، سب کی مشکلات دور کرنے والا، سب کی حاجات کو پوری کرنے والا، سب کو شفاء دینے والا، سب کو بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

اور کروڑوں سلام اور درود نازل ہو آقائے دوجہاں محبوبِ خدا سردار الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر، جن کے طفیل یہ ساری کائنات وجود میں آئی اور ان ہی کے طفیل ساری کائنات چل رہی ہے۔

الحمدللہ ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا دوسرا خاص نمبر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے ہمت دی اور اس کام میں بھرپور غیبی مدد فرمائی۔ اس شمارے میں سحر و جادو سے متعلق معلومات اور اس کو ختم رکنے کے اعمال دئے گئے ہیں تاکہ عوام و خواص...... دونوں فائدہ اٹھائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ یہاں یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ جادو کا علاج کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ لہٰذہ صرف اعمال کو پڑھ کر کسی دوسرے کے جادو کا علاج نہ کیا جائے جب تک اس عمل کی طاقت اپنے پاس نہ ہو۔

قارئین سے درخواست ہے کہ "جادوٹونہ نمبر" کو پڑھ کر اپنی رائے سے ضرور آگاہ فرمائیں۔ اس کی بہتری کے لئے جو مشورہ ہو، ہمارے لئے بہت اہم ہے۔ اسی طرح اگر کوئی غلطی کی نشاندہی ہو جائے تو بہت مہربانی ہوگی۔

آخر میں دعاؤں کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رسالے کو شائع کرنے اور اس فن کی خدمت اور اس کو عام کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہر طرح کی مشکل اور پریشانی خاص کر حاسدوں کے شر اور دشمنوں سے پناہ میں رکھے۔ آمین یارب العالمین

اگلا خاص نمبر "درود شریف نمبر" ہوگا۔ اس بارے میں بھی رائے ارسال فرمائیں کہ کون کون سے مضامین ہونے چاہئیں۔

(چیف ایڈیٹر)

کچھ جادوٹونہ نمبر کے بارے میں

جادوٹونہ نمبر میں اس بات کا دھیان رکھا گیا ہے کہ وہ اعمال دئے جائیں، جو خود تجربہ میں آئے ہوں یا معتبر احباب کے مجرب ہوں یا پھر عاملین کاملین اور اکابرین سے ثابت ہوں۔

اس شمارے میں جادو کے متعلق مضامین ہیں۔ پھر اس کے علاج کے سلسلے میں اعمال دئے گئے ہیں۔ اکابرین، عاملین کاملین اور اساتذۂ کرام کے اعمال کے بعد جادو کی مختلف قسموں کے علاج کے لئے اعمال دئے گئے ہیں۔ ساتھ ہی تشخیص کے اعمال بھی کافی تعداد میں ہیں تاکہ عوام کم از کم لٹیرے اور فراڈ قسم کے عاملوں سے بچ سکے اور خود تشخیص بھی کرسکے کہ معاملہ جادو کا ہے بھی یا نہیں۔

جادو کا علاج تو کئی حضرات کرتے ہیں مگر جادو کی خاص خاص قسموں کا علاج کرنا اور اس میں مہارت حاصل کرنا بہت ہی کم دیکھنے میں آیا ہے۔

جس طرح ایک ڈاکٹر MBBS کرتا ہے تو اس کو اجازت ہوتی ہے کہ تمام بیماریوں کا علاج کرسکے۔ مگر وہ کسی خاص میں مہارت نہیں رکھتا۔ دوسری طرف ایک اسپیشلسٹ ہوتا ہے مثلاً دل کا۔ وہ بھی پہلے MBBS ہی ہوتا ہے، مگر دل کے امراض میں مہارت حاصل کرتا ہے تو اس کا مقام ایک عام MBBS سے بہت اوپر ہو جاتا ہے۔ اسی طرح جادو کا عام علاج کرنے والے تو بہت ہیں۔ مگر کسی خاص میں اسپیشلسٹ شاذ و نادر ہی نظر آتے ہیں۔ اس کا نقصان یہ ہے کہ علاج لمبا ہوتا ہے اور کئی بار تو جادو بھی بار بار ہونے کی وجہ سے پختہ ہو جاتا ہے۔

لہٰذہ ضرورت اس بات کی ہے کہ ایسے افراد میدان میں آئیں جو جادو کی خاص خاص قسموں کے اسپیشلسٹ ہوں۔ پھر وہ اپنے تجربہ سے مزید لوگوں کو سکھائیں تاکہ یہ فن مزید ترقی کرے۔

خاص کر واپسی سحر کا ماہر آج کے دور میں ہونا بہت ضروری ہے۔ کیونکہ دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ سحر کروانے والے باز نہیں آتے۔ اس لیے ان کو سبق سکھانا مجبوری بن جاتا ہے۔

زندگی — زندگی ایک پھول ہے اور محبت اس کی مہک

جادو کے متاثرہ مریضوں کے علاج کیلئے اکابرین اولیاء، مشائخ، علماء و بزرگان دین کے مجربات

حجۃ الاسلام امام غزالی نور اللہ مرقدہ

جادو کا دفاع

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ الخ. آیت الکرسی اور وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَآئِہِمْ مُّحِیْطٌ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ. اس تعویذ کو سحر زدہ کی گردن میں لٹکا دیا جائے یا اس کو پلایا جائے۔ (لٹکانے سے دفاع ہوگا اور پلانے سے علاج۔ زعفران سے لکھ کر سات یوم کے حساب سے پلایا جائے اور مریض کو بھی صبح وشام سات سات بار یہ کلام پڑھ کر اپنے اور پانی پر دم کرنے کو کہا جائے۔ع)

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نور اللہ مرقدہ

برائے مسحور ولاعلاج مریض

جس پر جادو کا اثر ہو اور اس بیمار کے لئے جس کی بیماری نے طبیبوں کو عاجز کر دیا ہو (یعنی ڈاکٹرز وغیرہ علاج کر کے تھک گئے ہوں) تو چینی کے سفید برتن میں یہ کلمات لکھیں: ''یا حی حین لا حی فی دیمومۃ ملکہ و بقائہ یا حی''۔ پھر اس کو پانی سے دھو کر چالیس دن مریض کو پلائیں۔ حضرت رحمہ اللہ کے والد صاحبؒ ان کلمات کے ساتھ سورۂ فاتحہ بھی لکھا کرتے تھے۔ (بہت مجرب علاج ہے۔ع)

قطب عالم حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی نور اللہ مرقدہ

سحر سے حفاظت

صبح اور مغرب کی نماز کے بعد درود شریف تین مرتبہ، سورۂ فاتحہ تین مرتبہ اور سورۃ الکافرون تین مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے اپنے جسم کے اگلے حصہ پر پھیر لیا کریں۔ اسی طرح سورۃ الاخلاص تین مرتبہ، معوذ تین تین مرتبہ اور درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے اپنے جسم کے پچھلے حصہ پر پھیر لیا کریں۔ انشاء اللہ العزیز کسی بھی قسم کا اثر نہ ہوگا۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ

برائے دفع سحر

آیات ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پڑھ کر اس کو پلا دیں۔ اگر نہلانا نقصان نہ کرتا ہو تو ان ہی آیات کو پانی پر پڑھ کر اس سے مریض کو نہلا دیں۔ آیات یہ ہیں: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ ۙ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ ۙ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۙ وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِکِ النَّاسِ اِلٰہِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ۔

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی نور اللہ مرقدہ

ردِسحر کا خاص عمل

جاری پانی (دریا یا نہر کا) یا سات کنوؤں کا پانی ایک گھڑا بھر کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیات گیارہ مرتبہ اور سورۂ فلق اور سورۂ ناس گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور مریض کو اس پانی سے تین گھونٹ پلائیں اور باقی ماندہ پانی سر پر ڈال کر نہلائیں۔ بلاناغہ چالیس (۴۰) دن تک یہی عمل کریں۔ آیات یہ ہیں:

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ ۙ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ ۙ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۙ وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ (یونس: ۸۰-۸۱)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانقَلَبُوا صَاغِرِينَ وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِينَ قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ الْعَالَمِينَ رَبِّ مُوسَىٰ وَهَارُونَ (اعراف:۱۱۸-۱۲۲)

إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ (طٰہٰ:۶۹)

یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے۔ جاڑے میں دوپہر کو نہلایا جائے۔ (مکتوبات شیخ الاسلام جلد چہار ۱۹۵-۱۹۶)

(نہانے میں احتیاط کی جائے کہ ناپاک جگہ پانی نہ جائے۔ اور عورت کپڑے پہنے بھی چھت یا کسی جگہ پر نہا سکتی ہے۔ بس نہانے کے بعد دوسرے کپڑے گھر آکر تبدیل کرلے۔ع)

جادو (سحر) کا علاج

دیسی روشنائی سے مندرجہ ذیل اکتالیس (۴۱) نقش باوضو لکھے۔ نقوش کی خانہ پُری ترتیب وار ہوگی۔ یعنی خانوں کے خطوط کھینچے کے بعد بسم اللہ کا عدد (۷۸۶) اوپر لکھنے کے بعد سب سے چھوٹا عدد (۲۱۵۶۲) اس کے خانہ میں، سب سے پہلے لکھیں۔ اس کے بعد اس کے بعد والا عدد (یعنی ۲۱۵۶۳) اور پھر اسی ترتیب سے خانوں میں ہندسے لکھ دیں۔

۷۸۶

۲۱۵۶۹	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۷
۲۱۵۶۴	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۸
۲۱۵۶۵	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۳

ان نقوش میں سے ایک نقش موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں پہنا دیجئے اور باقی ماندہ کو روزانہ نہار منہ تازہ پانی میں دھو کر پلا دیجئے۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔ (بہتر ہے کہ رات کو ہی ایک نقش پانی کی بوتل میں ڈال کر رکھ دیں۔ صبح نہار منہ پانی پینا شروع کریں۔ع)

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا نور اللہ مرقدہٗ

جن اور سحر (جادو) کے لئے مجرب عمل

صبح کی نماز کے بعد، مغرب کے بعد اور سوتے وقت بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ الحمد شریف مکمل، آیت الکرسی مکمل، قل اعوذ برب الفلق مکمل، قل اعوذ برب الناس مکمل، تین تین مرتبہ اول و آخر درود شریف مریض خود پڑھے تو بہتر ورنہ کوئی دوسرا پڑھ کر اس طرح دم کرے کہ لعاب کا کچھ حصہ مریض کے بدن پر گرے۔ نیز ایک بوتل پانی بھر کر رکھیں اور جو بھی پڑھیں، بوتل پر بھی دم کردیا کریں۔ اور اس سے نہار منہ ایک گھونٹ مریض کو پلائیں اور جب بوتل آدھی رہ جائے تو نئے پانی سے بھر دیں۔ اگر مکان میں آسیب کا اثر ہو تو پانی سے تھوڑا سا لے کر مکان کے چاروں کونوں پر اس طرح سے چھینٹا دیں کہ پانی زمین پر نہ گرے۔

(اس عمل کو مریض ایک ایک ہفتہ کے لحاظ سے کرے۔ یعنی ایک ہفتہ کرے اور کیفیت کو دھیان میں رکھے۔ اگر علاج کے شروع میں کیفیت بگڑ جائے تو علاج کو نہ روکیں، ایک ہفتہ تک جاری رکھیں۔ اگر ایک ہفتہ میں بھی طبیعت بہتر نہ ہو تو علاج روک دیں اور کسی اچھے عامل سے رجوع کریں۔ اگر بہتری ہو تو کم از کم اکیس یوم اس علاج کو جاری رکھیں۔ اکیس یوم کے بعد ایک ایک ہفتہ کے لحاظ سے مزید علاج کریں، جب تک مکمل اثر ختم نہ ہو جائے۔ گھر کا معاملہ بھی مذکورہ طریقہ پر کیا جائے۔ البتہ گھر کے چاروں کونوں کے ساتھ مریض کے کمرے کے کونوں میں بھی چھڑکاؤ کریں۔ اس سے فائدہ ان شاء اللہ زیادہ ہوگا۔ع)

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی نور اللہ مرقدہٗ

جادو کا توڑ

ایک صاحب کے سوال پر فرمایا کہ کسی اچھے عامل کو دکھالو تو بہتر ہے۔ میں تو ان عملیات کو جانتا نہیں۔ ایک عمل بتاتا ہوں، وہ کریں، انشاء اللہ تعالیٰ مدد فرمائیں گے۔ مغرب یا عشاء کے بعد گھر کے تمام افراد بیٹھ کر تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ آخری دونوں سورتیں (معوذتین) پڑھ کر دعا کیا کریں۔ اور گھر میں ٹی وی وغیرہ نہ چلائیں۔

شیخ الاسلام حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی صاحب نور اللہ مرقدہٗ

سفلی جادو و سحر سے نجات

اگر کسی مرد، عورت، بچے پر کسی نے سفلی، جادو، سحر کر دیا ہو جس کے سبب وہ دیوانہ، بیمار، بے روزگار، پریشان اور راتوں کو جاگتا ہو اور گھر سے نکل نکل کر بھاگتا ہو یا اپنے کام پر نہ جاتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل انتہائی مجرب علاج ہے۔

روزانہ خود یا گھر کا کوئی فرد یا کسی بھی دوسرے آدمی سے سورۂ بقرہ بلند آواز سے پڑھ کر ایک پانی بھرے ہوئے برتن میں دم کرے اور یہ پانی مریض کو تھوڑا سا پلا دیا جائے اور بقیہ پانی میں دوسرا پانی ملا کر مریض کو غسل کرائیں۔ یہ عمل چالیس دن بلا ناغہ کریں۔ انشاء اللہ سفلی، جادو، سحر کا خاتمہ ہوگا اور مریض صحیح اور تندرست ہو کر اپنا کام کرنے لگے گا۔

حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب نور اللہ مرقدہٗ

عمل برائے دفع اثرات سحر

1. ثم انزل علیکم ...... بذات الصدور (آل عمران: ۱۵۴)
گیارہ مرتبہ صبح و گیارہ مرتبہ شام۔
2. سورۂ اخلاص، سورۂ الفلق اور سورۂ الناس تین تین مرتبہ صبح و شام۔
3. سورۂ الفلق، سورۂ الناس طاق عدد یعنی تین یا پانچ یا سات مرتبہ پڑھ کر کھانے پینے کی اشیاء پر دم کر کے کھائیں۔
4. بسم اللہ الرحمن الرحیم، پھر سورۂ الفلق، سورۂ الناس اور فلما القوا قال موسی ...... المجرمون (یونس: ۸۲-۸۱)
سات بار پانی پر دم کر کے غسل کریں۔ ہر روز یا ایک دن ناغہ کر کے۔
5. دو رکعت نفل پڑھ کر دعا خوب الحاح سے بھی کی جاوے۔
6. فرض نمازوں کے بعد بھی توجہ سے دعا کریں۔
7. یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ
متفرق اوقات میں جس قدر پڑھ سکیں اور اثراتِ سحر کے دفع کے لئے دعا بہت کریں اور الحمد شریف گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں۔

اور حسبِ ذیل امور کا بھی اہتمام کیا جاوے:

8. جزاء الاعمال پڑھی جاوے۔
9. حیوٰۃ المسلمین کو پڑھا جاوے اور گناہ کے بیان کو دیکھا جاوے۔
10. نمبر ۴ کو پانی پر دم کر کے مکان کے چاروں طرف چھڑکا جاوے۔

نوٹ جو چیز مریض نہ پڑھ سکے تو دوسرا پڑھ کر دم کر دیا کرے۔

حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ

دفع سحر و جادو

سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی اور چاروں قل تین تین بار پڑھ کر سحر و جادو والے کو دم کرے۔ (کم از کم تین یوم کرے۔ بہتر گیارہ یوم ہے۔ ع)

عارف باللہ حضرت مولانا شاہ حکیم اختر صاحب مدظلہ العالی

برائے دفع سحر

"یَا قَهَّارُ" ہر نماز کے بعد سات بار پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔ انشاء اللہ ہر طرح کا جادو ختم ہو جائے گا۔ (مختصر سا عمل ہے مگر بہت پر تاثیر ہے۔ سحر زدہ ضرور پڑھا کریں۔ ع)

حضرت مولانا علیم اللہ مظاہری صاحب مدظلہ العالی

سحر و جادو سے شفاء کے لئے

یہ دعا اکیس مرتبہ پانی پر دم کر کے سحر زدہ کو پلائے۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ دعا یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اللھم صل علی محمد و علی ال محمد وبارک وسلم۔ بجری بجری کواڑ بجری باندھو سوں دوار، بجری آئے، بجری جائے، سب جگ سمائے، ٹونہ جادو سب رد ہو جائے، جو ٹونا جادو پھر کر آئے، الٹ پلٹ وہاں کا وہاں پر جائے، جو کرے سو مرے، بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ. و ننزل من القران ما ھو شفاء و رحمۃ للمؤمنین ولا یزید الظالمین الا خسارا

برائے حفاظت و ردِ سحر

یہ آیات وکلمات کو گیارہ مرتبہ صبح اور گیارہ مرتبہ شام کو پڑھیں۔ انشاء

اللہ سحر سے نجات حاصل ہوگی۔ صبح کو نماز فجر کے بعد پڑھیں اور شام کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں۔ عمل یہ ہے:

سورۂ قریش (مکمل)

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(تمام عمل کو پڑھ کر ایک بار گنیں۔ عمل کے اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ع)

شیخ الحدیث حضرت مولانا مشرف علی تھانوی مدظلہ العالی

برائے دفع سحر

یہ عمل شیخ و مربی شیخ الحدیث حضرت مولانا مشرف علی تھانوی دامت برکاتہم العالی کا فرمودہ ہے۔ ہر جمعرات کو سورۂ بقرہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس سے سحر زدہ کو نہلایا جائے۔ ایک ٹب میں بیٹھ کر اس پر پانی اس طرح بہایا جائے کہ کسی طرح بھی زمین پر نہ گرے۔ (بہتر ہے کہ کمرے میں دو تین چادر بچھا کر اوپر ٹب رکھ کر یہ عمل کریں۔ نیز برہنہ ہو کر نہیں نہانا۔ لوگ اس میں بہت غلطی کرتے ہیں۔ع)

حضرت مولانا سید محمود صندلی صاحب مدظلہ العالی

جادو (سحر) کا تیر بہدف علاج

قَالَ مُوسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ (یونس:۸۱)

اس طاقتور عمل کی زکوۃ یہ ہے کہ اتوار یا پیر کی رات چودہ سو مرتبہ پڑھیں۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف قادری۔

اس کے بعد درج ذیل طریقوں سے مسحور کا علاج کر سکتے ہیں۔

1. گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھے اور اس کے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری پڑھ کر مسحور پر دم کرے۔
2. گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھے اور اس کے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی مریض کو پلا دے یا جس گھر میں جادو ہو اس میں چھڑکے۔
3. مریض پر کپڑا ڈال دے اور دم کیے ہوئے پانی کے چھینٹے اس پر مارے۔
4. چار میخوں پر گیارہ مرتبہ آیت مع اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری پڑھ کر ان میخوں کو اس گھر یا اس کمرے کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں جس پر جادو ہو۔ میخیں لوہے کی استعمال کریں۔

درود قادری درج ذیل ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ

(عمل تو بیشمار ہیں، جو تجربے میں آئے یا پھر دوسرے افراد کے تجربے میں آئے اور لوگوں کو فائدہ ہوا، وہ نقل کر دیئے ہیں۔ بزرگوں کا معاملہ الگ ہے۔ البتہ عامل کو جادو کے توڑ کے لئے اپنا عمل استعمال کرنا چاہئے۔ع)

جادو کے متاثرہ مریضوں کے علاج کے لئے اساتذہ کرام کے مجربات

حضرت مولانا محمد امان اللہ صاحب دامت برکاتہم العالی

جادو و سایہ کا علاج

کورے برتن میں سات نلکوں کا پانی اور سات بیری کے پتے ڈال کر تعویز ڈالیں۔ مزید پانی ملا کر سات دن تک کسی پاک جگہ پر غسل کریں۔ اور بغیر پتوں کے الگ سے سات نلکوں کے پانی میں تعویز ڈال کر سات دن تک پینا ہے۔

جبرائیل ٧٨٦ میکائیل

یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ
یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم
یامطیع	یامطیع	یامطیع	یامطیع
یارحیم	یارحیم	یارحیم	یارحیم
یارحمٰن	یارحمٰن	یارحمٰن	یارحمٰن

اسرافیل اللھم اشف من لہ البلاء عزرائیل

جادو کا علاج

سات پتے بیری کے لے کر ایک ایک پتہ پر آیت الکرسی ایک بار، سورۃ فاتحہ وصل میم کے ساتھ ایک بار، چاروں قل تین تین بار پڑھ کر دم کریں۔ پھر ان پتوں کو ایک پاؤ پانی میں رگڑیں۔ پھر ایک پانی کی بالٹی میں اس پانی کو ملا دیں۔ مریض نے تین گھونٹ پانی پینا ہے اور ایک بوتل بھرنی ہے۔ باقی پانی سے ایک دن غسل کرنا ہے۔ بوتل والا پانی سات دن صبح وشام پینا ہے۔

سات دن کے بعد پھر سات پتے بیری کے لے کر عمل دہرائیں۔ اب پانی تین دن صبح وشام پینا ہے۔ باقی پانی سے ایک دن غسل کرنا ہے۔ تین دن کے بعد چار دن تک روزانہ بیری کے پتے والا عمل دہرائیں۔ چار دن پانی پینا ہے اور غسل بھی چار دن روزانہ کرنا ہے۔ اس کے بعد شیرینی تقسیم کرنی ہے اور ایک بکرا صدقہ کرنا ہے۔ انشاء اللہ جادو ختم ہوگا۔

واپسی سحر

یہ نقش لکھ کر مریض کے سر پر سات بار پھیر کر سات بار جوتے مار کر جلائیں۔ یہ عمل تین دن یا سات دن کریں۔

٣١٣٥	٣١٣٠	٣١٣٧
٣١٣٦	٣١٣٤	٣١٣٢
٣١٣١	٣١٣٨	٣١٣٣

فرعون۔ ہامان۔ شداد۔ نمرود

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب دامت برکاتہم العالی

جادو ٹونے سے نجات کا طریقہ

ایک بار منزل پڑھ کر چاروں قل پڑھیں پھر سورۃ طارق کی آخری ۳ آیات انهم یکیدون کیدا واکید کیدا فمهل الکافرین امهلهم رویدا سات مرتبہ پڑھ کر مریض کے دونوں کانوں پر دم کریں اور یہی عمل ایک بوتل پانی پر دم کر کے مریض کو ایک دن میں پانچ مرتبہ پلائیں۔ ہر نماز کے بعد پلائیں۔ اس عمل کو لگاتار سات روز تک کریں۔ اگر مکمل افاقہ نہ ہو تو مزید سات دن اور جاری رکھیں۔ انشاء اللہ جادو ٹونے سے نجات مل جائے گی۔

سفلی عمل کا سخت توڑ

اگر کسی شخص پر سفلی عمل کرا دیا گیا ہو اور اس کی جان خطرے میں ہو تو بعد نماز مغرب اس کے سامنے بیٹھ کر عامل کو چاہئے کہ حصار قطبی باآواز بلند پڑھے۔ اتنی آواز سے کہ مریض سنتا رہے اور یہ عمل صرف تین دن تک لگاتار

کرے۔ ان شاء اللہ جادوٹونے سے نجات مل جائے گی۔ اس عمل کی زکوٰۃ نکالنے کے بعد ہی یہ عمل صحیح کام کرتا ہے۔ حصار قطبی یہ ہے:

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ۔ ثُمَّ اَنزَلَ عَلَیکُم یَا مِیکَائِیلُ یَامِیکَائِیلُ یَامِیکَائِیلُ مِنۡ بَعۡدِ الۡغَمِّ اَمَنَۃً نُّعَاسًا یَّغۡشٰی طَآئِفَۃً مِّنۡکُمۡ وَ طَآئِفَۃٌ یَارَفۡتَمَائِیلُ یَا رَفۡتَمَائِیلُ یَا رَفۡتَمَائِیلُ قَدۡ اَھَمَّتۡھُمۡ اَنۡفُسُھُمۡ یَظُنُّوۡنَ بِاللّٰہِ غَیۡرَ الۡحَقِّ ظَنَّ الۡجَاھِلِیَّۃِ یَاسَرۡطَائِیلُ یَاسَرۡطَائِیلُ یَاسَرۡطَائِیلُ یَقُوۡلُوۡنَ ھَلۡ لَّنَا مِنَ الۡاَمۡرِ مِنۡ شَیۡءٍ قُلۡ اِنَّ الۡاَمۡرَ کُلَّہٗ لِلّٰہِ یُخۡفُوۡنَ فِیۡۤ اَنۡفُسِھِمۡ مَّا لَا یُبۡدُوۡنَ لَکَ یَقُوۡلُوۡنَ لَوۡ کَانَ لَنَا مِنَ الۡاَمۡرِ شَیۡءٌ مَّا قُتِلۡنَا یَا اَمۡرَائِیلُ یَا اَمۡرَائِیلُ یَا اَمۡرَائِیلُ ھٰھُنَا قُلۡ لَّوۡ کُنۡتُمۡ فِیۡ بُیُوۡتِکُمۡ لَبَرَزَ الَّذِیۡنَ کُتِبَ عَلَیۡھِمُ الۡقَتۡلُ یَااِسۡرَافِیلُ یَااِسۡرَافِیلُ یَااِسۡرَافِیلُ اِلٰی مَضَاجِعِھِمۡ وَلِیَبۡتَلِیَ اللّٰہُ مَا فِیۡ صُدُوۡرِکُمۡ یَا دَرۡدَائِیلُ یَا دَرۡدَائِیلُ یَا دَرۡدَائِیلُ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیۡ قُلُوۡبِکُمۡ وَاللّٰہُ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ اَھۡیًا اَشۡرَاھِیًا اَشۡرَاھِیًا عَلِیۡقًا مَلِیۡقًا تَلِیۡقًا خَالِقًا مَخۡلُوۡقًا بِحَقِّ کٰھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ۔ (آل عمران: ۱۵۴)

دشمن جادو کرنے کی ہمت نہ کرے

جس کسی کو یہ خطرہ ہو کہ کوئی اس پر جادو کردے گا تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز نمازِ فجر اور نمازِ مغرب کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا خوف دور ہوگا۔ کوئی اس پر جادو کرنے کی ہمت نہ کرے گا۔

(یہ عمل خصوصاً ان مریضوں کے لئے مفید ہے جن کو ہر وقت یہ خوف سوار رہتا ہے کہ دشمن ان پر جادو کررہا ہے۔ اس عمل کو چالیس دن لگاتار کریں۔ خواتین پاکی کے غسل کے بعد سے اکیس دن لگاتار کریں۔ اس کے بعد سات سات مرتبہ معمول میں رکھیں۔ انشاء اللہ دشمن کا کوئی عمل نہ چلے گا۔ یقین کامل اور توجہ کامل سے کریں۔ ع)

دفع سحر کے لئے

اگر کوئی شخص سحر کا شکار ہو تو مدینہ کی سات کھجوروں پر سات سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرکے رکھ لے۔ اور سحر زدہ کو روزانہ ایک کھجور کھلائیں۔ اور اکیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر ایک بوتل پانی میں دم کرکے رکھ لیں۔ روزانہ کھجور کھلا کر یہ پانی مریض کو پلائیں۔ یہ بوتل سات دن تک چلائیں۔ انشاء اللہ سحر باطل ہوجائے گا اور مریض کو صحت عطا ہوگی۔

سفلی سحر کا علاج

اگر کوئی شخص میعادی یا سفلی سحر کا شکار ہو تو اس کو چاہئے کہ احرام باندھ کر سورج نکلنے سے پہلے عمل شروع کرے یعنی نمازِ فجر کے فوری بعد ایک ہزار مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔ اس عمل کو اکیس روز تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ اکیس روز میں سفلی اور میعادی سحر سے نجات مل جائے گی۔

اگر کوئی شخص اس عمل کو خود کرنے سے قاصر ہو تو دوسرا شخص ایک ہزار مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اس پر دم کرسکتا ہے۔

ماہر علوم مخفی حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہ

عمل باندھ جادو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آیت الکرسی...... الخ لکھ ہزاری۔ چلے اک لکھ چوی ہزار کی سواری۔ لوہے کا کوٹ۔ تانبے کی کوہاڑی۔ الحمد...... الخ کی زنجیر۔ قل اعوذ برب الفلق...... الخ قل اعوذ برب الناس...... الخ کا کوڑا۔ حضرت عیسیٰ کی کنجی۔ حضرت موسیٰ دا جندرا۔ حضرت شاہ علی دا مندرہ۔ سب کار سندرا۔ بدنظر گفتار کی باندھ کرو۔ سٹھ مٹھ کی باندھ کرو۔ روڑ کنکر کی باندھ کرو۔ جن، پری، بھوت پریت دی باندھ کرو۔ تار تعویذ دی باندھ کرو۔ شیطان ابلیس دی باندھ کرو۔ خبیث ڈائن دی باندھ کرو۔ جادو ٹونے دی باندھ کرو۔ گڈے مسان دی باندھ کرو۔ گرہ لائے تار دھاگے دی باندھ کرو۔ دبے دبائے دی باندھ کرو۔ اگ لائے لٹکائے دی باندھ کرو۔ کھوائے پیائے دی باندھ کرو۔ چلے علم دی باندھ کرو۔ میرے پیر استاد باندھ کرو۔ مرشد کا فیض۔ استاد کی دعا۔ اللہ کا حکم چلے، کل مرسل دی سواری چلے۔ لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم کی چنگاری چلے۔ حضرت سلیمان کا تخت چلے۔ شاہ علی دا مندرا چلے۔ حق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

طریقۂ علاج

یہ عمل سحر جادو، ٹونہ، مسان، نظر بد اور ہر طرح کے تعویذات کے بد اثرات کو ختم کرنے کے لیے قوی الاثر ہے۔ خواہ کسی خبیث ارواح کی چوکی بٹھائی گئی ہو یا پتلہ بنا کر کہیں دفن کر دیا گیا ہو۔ سب کا اثر باطل ہو جاتا ہے۔

سحر اور آسیب زدہ کے لیے اس کے قد کے برابر سات رنگ کے دھاگہ کی سات تاریں لے کر یا کچے سوت کی سات تاریں لے کر ان کو چار تہہ کر لیں۔

اب ایک مرتبہ عمل پڑھ کر دھاگہ پر گرہ لگائیں اور دم کریں۔ اس طرح گیارہ گرہ لگائیں۔ اور یہ دھاگہ مریض کے گلے میں کسی دھات کی تختی میں بند کرا کر ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سحر جادو سے محفوظ ہو جائے گا اور دوبارہ کبھی سحر جادو ٹونہ کے بد اثرات نہ ہوں گے جب تک یہ دھاگہ گلے میں رہے گا۔

عمل جاری کرنے کا طریقہ

عامل کے لیے ضروری ہے کہ پہلے عمل کی قوت اپنے قابو میں لائے۔ طریقہ یہ ہے کہ:

روزانہ گیارہ مرتبہ اس عمل کو خلوت کی جگہ پڑھا جائے۔ مدت ریاضت عمل اکیس یوم ہے۔ بعد ریاضت روزانہ مداومت رکھیں تاکہ عمل کی قوت ہمیشہ قابو میں رہے۔

عمل عصائے کلیم اللہ برائے رد سحر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین۔ الرحمن الرحیم۔ ملک یوم الدین۔ ایاك نعبد وایاك نستعین۔ اھدنا الصراط المستقیم۔ صراط الذین انعمت علیھم۔ غیر المغضوب علیھم ولا الضالین کا چلہ۔ چلہ کی کمان۔ زد میں جس کے زمین آسمان۔ نہ رہے گڈا نہ رہے مسان۔

قل ھو اللہ احد۔ اللہ الصمد۔ لم یلد۔ ولم یولد۔ ولم یکن لہ کفوا احد...... کے تیر، دین کلیجہ چیر۔

الم تر کیف فعل ربك باصحب الفیل۔ الم یجعل کیدھم فی تضلیل۔ وارسل علیھم طیرا ابابیل۔ ترمیھم بحجارۃ من سجیل۔ فجعلھم کعصف ماکول...... کی مار، پڑے ہزار بار۔

عصائے کلیم اللہ سَرَایُو۔ لِزْدِعِی۔ جَوْسًا۔ مَنُوْعًا عَالِمًا طَیُوْنُوْنًا۔ سَلِیْخًا۔ مَلِیْخًا۔ مَلْقُوْمًا۔ یَاقَیُوْمًا کی لگے چوٹ۔ جادو ٹونے کرانے والے پر جائے لوٹ۔ قفل کیے لا الہ کے۔ کنجی لگائی الا اللہ کی۔ دوہائی محمد رسول اللہ کی۔

طریقۂ علاج

جس کسی پر کسی نے سحر و جادو کر دیا ہو۔ یا گڈا بنا کر دفن کر دیا ہو۔ خواہ مسان کا عمل کیا گیا ہو۔ ایسے مسحور مریض کے لیے عامل کسی پھل دار درخت

اپنی تعریف اپنی زبان سے اپنی تعریف کرنا اپنی طرف سے لوگوں کا خیال خراب کرنا ہے

کی سبز ٹہنی لے کر مریض مسحور کو زمین پر ننگے پاؤں کھڑا کر دے اور عمل عصائے کلیم اللہ کو پڑھ کر دم کرے اور سبز شاخ شجر پھلدار سے جھاڑ کرے۔ یعنی عمل پڑھتے ہوئے سر سے شاخ کو مس کرتا ہوا پاؤں تک لائے اور پھونک مارے۔ ہر مرتبہ ایک بار عمل پڑھے۔ گیارہ مرتبہ ایسا کرے۔ انشاء اللہ مسحور شفایاب ہوگا۔

اگر کوئی سحر زدہ اس عمل کو روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھتا رہے تو سحر وجادو کے بد اثرات ختم ہوں۔ اور جادو کرانے والے پر واپس ہوں گے۔ اگر کسی پر سحر جادو ٹونہ کے اثرات کی وجہ سے دماغی صلاحیتیں مفلوج ہو کر رہ گئی ہوں تو روزانہ گیارہ مرتبہ صبح وشام پانی پر دم کر کے پی لیا کرے۔ انشاء اللہ ایک چلہ میں مکمل صحت یاب ہو جائے۔

جادو کی ستر طریقوں سے نجات

سحر وجادو کے اثر کو رفع کرنے کیلئے اور جادو کی تمام تر نحوستوں سے نجات کے لئے یہ عمل بڑا بے نظیر ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اکیس مختلف درختوں کے پتے جو تعداد میں کُل دو سو چورانوے (۲۹۴) ہوں، توڑ کر لائیں اور پھر ہر ایک پتے پر سات سات مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھ کر دم کریں۔ کل تعداد پڑھائی (۲۰۵۸) مرتبہ ہو جائے گی۔ یہ عمل زیادہ سے زیادہ تین نشستوں میں پورا کر سکتے ہیں لیکن بہتر ہے کہ ایک ہی نشست میں پورا کریں۔ انکے بعد ان پتوں کو پانی میں پکائیں۔ پھر مریض مسحور کو اس پانی سے غسل کرنے کی تلقین کریں۔ سات یوم تک روزانہ ایسا ہی کریں۔ ہر ایک درخت کے چودہ پتے توڑیں۔ اس طرح اکیس درختوں کے کُل پتے (۲۹۴) ہو جائیں گے۔ ایک ہی دن میں سات دن کے پتے توڑ کر لانے کی غلطی نہ کریں بلکہ روزانہ تازہ پتے لائیں اور روزانہ کا عمل پڑھ کر مسحور کو غسل کرنے کی تلقین کریں۔ ساتویں دن غسل کے بعد ایک بوتل عرق گلاب پر اکیس مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھ کر دم کریں اور مسحور کو صبح وشام پینے کے لئے دیں تاکہ وہ ایک ہفتہ میں پی کر ختم کر دے۔ ہر ہفتہ نئی بوتل تیار کی جائے اور مسحور مریض اکیس یوم تک مسلسل پیتا رہے۔ روغن کلونجی پر مندرجہ بالا عمل اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تاکہ مسحور اسے روزانہ اپنے سر میں دماغ والے حصہ پر مالش کرے۔ اکیس یوم تک مسلسل ایسا ہی کرے۔ پہلے دن غسل کے بعد مندرجہ ذیل نقش مبارک تحریر کر کے مسحور کے گلے میں ڈال دیا جائے، نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۳۷۸	۳۸۲	۳۸۵	۳۷۱
۳۸۴	۳۷۲	۳۷۷	۳۸۳
۳۷۳	۳۸۷	۳۸۰	۳۷۶
۳۸۱	۳۷۵	۳۷۴	۳۸۶

اور مندرجہ ذیل تعویز آرٹ پیپر پر خوبصورت سیاہ چمکیلی روشنائی سے چار سطروں میں تحریر کر کے گھر میں آویزاں کر دیں تاکہ گھر میں رہنے والے افراد پر کسی بھی طرح کے سحر وجادو کا اثر نہ ہو، تعویز یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الٰهی رحم کُن بَر حالِ مَا و بَر خانۂ مَا

اِنَّکَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۔ اِنَّکَ سَمِیْعٌ مُّجِیْبٌ

وَاِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

(جن احباب نے لاحول کا عمل کیا ہوا ہے، ان کے لئے یہ لاجواب طریقہ ہے۔ بہت جلد مریض صحت یاب ہوتا ہے۔ ایسے اعمال درحقیقت نوری عملیات کے بڑے اعمال میں شمار ہوتے ہیں۔ مگر افسوس کے اب ہم محنت نہیں کرتے اور برائیاں اعمال کی کرتے ہیں کہ اثر نہیں کرتے۔ ع)

ردِ سحر کا لاجواب عمل

مندرجہ ذیل نقش سحر وجادو کی تمام کیفیات کے لئے موثر ترین ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ دس نقوش زعفرانی روشنائی سے تحریر کریں۔ نو (۹) نقوش مسحور کو اس طرح پلائیں کہ ایک نقش کا پانی لگا تار تین یوم تک پیتا رہے اور دن میں روزانہ تین مرتبہ۔ جس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ایک بوتل عرق گلاب میں ایک نقش ڈال کر مسحور اس سے تین دن تک پیتا رہے۔ پھر ہر تین

دن کے بعد نیا نقش بوتل میں ڈال دیا کرے۔ اس طرح ستائیس یوم تک مسلسل عرق پیتا رہے اور ایک نقش پہلے روز سے ہی گلے میں ڈال دیا جائے۔

نقش یہ ہے:

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

۸	۲۵۹۴	۲۵۹۷	۱
۲۵۹۶	۲	۷	۲۵۹۵
۳	۲۵۹۹	۲۵۹۲	۶
۲۵۹۳	۵	۴	۲۵۹۸

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ

سحر و جادو کا مجرب توڑ

تین نقوش تحریر کریں ایک نقش پانی میں گھول کر مسحور کو غسل کرا دیں۔ دوسرا عرق گلاب کی بوتل میں ڈال دیں تاکہ مریض صبح و شام اس سے عرق پیتا رہے۔ تیسرا گلے میں ڈالیں۔ غسل کے لئے ضروری ہے کہ مریض ایسی جگہ غسل کرے کہ غسل کا پانی ناپاک جگہ نہ جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سحر و جادو کے تمام اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے:

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

۲۲۵	۲۲۸	۲۳۲	۲۱۸
۲۳۱	۲۱۹	۲۲۴	۲۲۹
۲۲۰	۲۳۴	۲۲۶	۲۲۳
۲۲۷	۲۲۲	۲۲۱	۲۳۳

یا قابض اقبض جمیع اثرات سحر جادو، آسیب نظر بد بحق یا قابض العجل العجل العجل الساعة الساعة الساعة الوحا الوحا الوحا

جادو کو جلانے کا مجرب عمل

جن لوگوں پر سحر، جادو، ٹونہ اور سفلی اعمال کا اثر ہو یا ان پر کوئی بھی علوی عمل کیا گیا ہو یا کسی بھی علم کے تعویذات ڈالے گئے ہوں، سب کے علاج کے لئے قوی الاثر ہے۔ عمل مختصر مگر کامیاب اور آزمودہ ہے جو میرے روزانہ کے معمولات میں سے ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض مسحور کو سحر سے کُلی نجات حاصل ہوگی۔

طریقۂ علاج مریض کو ننگے پاؤں زمین پر کھڑا کر دیں اور ایک چاقو یا چُھری لے کر مریض کے سر سے پاؤں تک اتار کریں اور تین مرتبہ معوذتین پڑھیں اور چُھری اور بدنِ مسحور پر دم کریں۔ تین تین مرتبہ مسحور کے سیدھے اور الٹے رُخ سے اسی طرح اتار کریں۔ پھر مریض کے پاؤں کی مٹی لے کر اُس پر تین تین مرتبہ معوذتین پڑھ کر دم کریں اور مٹی کو جلتی آگ میں ڈال دیں جو پہلے سے آپ کے پاس جل رہی ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کیسا ہی سحر، جادو اور ٹونہ ہو، سب کا اثر ختم ہو جائے گا۔

اس عمل کی زکات ادا کرنا ضروری ہے تاکہ کُلی اثرات پیدا ہوں۔ اعتقادِ قلبی شرطِ اول ہے۔ دم کرتے وقت یہ پختہ تصور کریں کہ مسحور پر اثراتِ سحر و جادو ٹونہ وغیرہ جو بھی ہیں، سب کے سب جسم سے ہوتے ہوئے پاؤں کی جانب سے زمین میں جذب ہو رہے ہیں۔ گویا علمِ ہیئت کی رُو سے اس عمل معوذتین کا مطلب یہ ہوگا کہ یہ نورانی اور جلالی آیتیں مل کر انسان کی قوتِ متخیلہ اور قوتِ طبیعہ میں جو روگ لگ گیا ہے، اس مَیل اور کثافت کو اسی طرح صاف کر دیں گی جیسے بھٹی میں سونے کو گرم کرنے سے سونے کا مَیل صاف ہو جاتا ہے اور انسان کی روح اور قوتِ متخیلہ آثارِ شیاطین سے اسی طرح نکھر جائے گی جس طرح سونا بھٹی میں گرم ہونے سے نکھر جاتا ہے۔

(جو لوگ معوذتین کا عامل بننا چاہیں، وہ ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ باقاعدہ تین درجوں میں زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔ دوسرے اور تیسرے درجہ کے عامل یہ عمل باآسانی کر سکتے ہیں۔ ع)

اچھا شخص سب سے اچھا شخص وہ ہے جو لوگوں کو نفع پہنچائے

حافظ جمیل احمد سکندر پوری صاحب مدظلہ (بھارت)

برائے دفع سحر

ایک روایت کعب احبار رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ "اگر میں اس عزیمت کو نہ پڑھتا تو یہودی مجھے گدھا یا کتا بنا دیتے۔ کیونکہ وہ میرے ایمان لانے سے از حد خفا اور بدظن ہی نہیں بلکہ جانی دشمن تھے۔ اس عزیمت کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے مجھے ان کے شر و ضرر سے محفوظ رکھا۔" وہ عزیمت یہ ہے:

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَّ أَعُوْذُ بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ الْجَلِيْلِ الَّذِيْ لَا يَحْتَقِرُ جَارُهُ الَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمَاءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ مِنْ شَرِّ التَّامَّةِ وَالْهَامَّةِ وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِي الْأَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا إِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

اگر کوئی شخص اس عزیمت کو روزانہ صبح بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ مغرب ایک ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ جمیع آفات و بلایات ارضی و سماوی سے محفوظ و سلامت رہے۔ اور سحر سفلی و علوی و جادو ٹونہ ابطال و سحر اہل ہنود سے وسحر سامری سے وسحر جادوئے بنگالہ سے وسحر یہودی سے محفوظ و مامون رہے۔

برائے دفع سحر

اگر کسی شخص پر جادو کا اثر ہو گیا ہو تو اس کے واسطے ان آیات کو دریا کے پانی پر پڑھ کر دم کرے اور ہر آیت کو سات سات مرتبہ پڑھے اور پلائے گیارہ روز تک اور اسی پانی سے غسل کرا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسحور کو صحت کامل اور شفائے عاجل ہو گی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

فلما القوا قال موسیٰ ما جئتم به السحر ان الله سيبطله ان الله لا يصلح عمل المفسدين و يحق الله الحق بكلمته ولو كره المجرمون۔ (سورۂ یونس) اور سورۂ اعراف میں فوقع الحق وبطل ما كانوا يعملون فغلبوا هنالك وانقلبوا صغرين والقى السحر سجدين قالو امنا برب العلمين رب موسىٰ وهارون وانما صنعوا كيد ساحر ولا يفلح الساحر حيث اتى بحق اهيا اشراهيا۔

(اگر کسی مریض کی حالت بہت خراب ہو اور جادو کا سخت اثر ہو تو ایک مجرب طریقہ یہ ہے کہ مریض دریا پار کرے۔ دوسرے کنارے پر جا کر دریا کا پانی لے کر اس پر عمل پڑھ کر مریض تھوڑے سے پانی میں کھڑا ہو کر وہیں اپنے اوپر پانی بہائے اور کپڑے تبدیل کر کے واپس آئے۔ ع)

برائے دفع سحر

اگر کوئی شخص سحر جادو ٹونہ ٹوٹکہ کا شکار ہو یا سحر سفلی کی زد میں ہو یا سحر علوی کا مارا ہوا ہو یا سحر بنگالہ کی لپیٹ میں ہو یا کالے جادو سے مسحور ہو یا رجعتِ عمل میں مبتلا ہو تو اس عزیمت کو لکھ کر مسحور کے گلے میں باندھیں اور تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے سات روز تک پلائیں۔ اور تین مرتبہ تیلِ سرسوں پر پڑھ کر دم کر کے تمام جسم کی مالش کرائیں۔ یہ عمل سات روز تک کریں۔ ان شاء اللہ کتنا ہی سخت سحر ہو یا سحر زدہ قریب الموت ہو یا کیسی ہی گرت کی گئی ہو یا کتنا ہی طاقتور عمل پڑھا گیا ہو، اس عزیمت کی برکت سے بفضل رب کریم، سحر زدہ کو صحت کامل اور شفائے عاجل حاصل ہو گی۔ وہ عزیمت یہ ہے: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ أَعُوْذُ أُعِيْذُ فُلَان ابْنِ فُلَان الْمَعْرُوْفُ بِكَذَا وَكَذَا وَسَائِرَ دَوَابِّهِ مِنَ الْخَيْلِ أَدْهَمِهَا وَشَقْرِهَا وَكُمَيْتِهَا وَأَغَرِّهَا وَمُحَجَّلِهَا وَخُصِّهَا وَجُنُوْدِهَا مِنَ الْمَشِيْشِ وَالرَّهْصِ وَالرَّمْسِ وَالدَّمْصَةِ وَالرَّضِّ وَخَفَقَانِ الْفُؤَادِ وَرَعْدِهِ وَغَرِّ الصِّفَاتِ وَالرَّجِيْسِ وَبَلْعِ الْحَشِيْشِ وَالْحُدَّانِ وَوَجَعِ الْجَوْفِ وَالرَّبْوِ فِي الرَّئِيْسِ وَمِنَ الطَّرْفِ وَالصَّدَمِ وَالْعِشَارِ وَمِنَ الْحُمْرِ وَالْبَحْرِ وَسَائِرِ الْأَغْلَالِ فِي الْبَهَائِمِ رُقِعَتْ عُيُوْنُ السُّوْءِ عَنْهَا فِيْ سَائِرِ جُسُوْمِهَا

وَبَشَرِهَا وَلَحْمِهَا وَدَمِهَا وَمُخِّهَا وَعَظْمِهَا وَجِلْدِهَا وَجَوْفِهَا وَ
عَرَقِهَا وَ شَعْرِهَا وَ وَبَرِهَا وَ بَطْنِهَا بِالْإِحَاطِ الْكُبْرٰى وَ
بِأَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى وَبِكَلِمَتِهِ الْعُظْمٰى مِنَ لَاشْتَاءِ مِنَ الْأَكْلِ
وَالتَّعَضُّضِ وَالْإِلْتِوَاءِ وَالضَّرْبَانِ وَمِنْ جَرْحٍ بِالْحَدِيْدِ وَوَصْرٍ
بِالتَّشَرُّكِ وَحِرَاقٍ بِالنَّارِ وَبِجَلْبٍ وَمِنْ دَفْعِ نِضَالِ السِّهَامِ
وَلَسْنِ الرِّمَاحِ وَمِنَ الْغَوَامِ وَالْوَازِعِ وَضَرْدِ مُوْهِدٍ وَوَقْعِ مُوْلًا أُعِيْذُهٗ
وَرَاكِبَهٗ بِمَا اسْتَعَاذَ بِهٖ جِبْرَائِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِمَا عَوَّذَ بِهِ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاٰلِهِ الْبَرَاثُ وَبِمَا عَوَّذَ بِهٖ فَرَسَهُ الرَّازِ وَبِمَا
عَوَّذَ بِهٖ شِمْعُوْنَ الصَّفَا فَرَسَهُ الطَّمَاحَ وَبِمَا عَوَّذَ بِهٖ مُوْسٰى
الْكَلِيْمُ فَرَسَهُ الَّذِيْ عَبَرَ فِيْ اَفْرِ الْبَحْرِ عَوَّذْتُ هٰذِهِ الدَّآءَ
وَصَاحِبِهَا وَمَوْضِعِهَا وَمَرْعِهَا وَسَائِرِ مَا لِهٖ مِنَ الْكُبْرَآءِ وَ
الرَّوَابِعِ مِنَ الْهَامِ وَالسَّامِ وَالْعَيْنِ اللَّامِ وَمِنَ السِّبَاعِ وَ
الْهَوَامِ وَمِنْ كُلِّ اَذٰى وَبَلَاءٍ وَمِنَ الشُّهُوْدِ وَالدُّهُوْرِ وَالرَّدِّ وَ
الْغَرَقِ وَ الْحَرَقِ وَ الْوَنَا وَ مَدَارِكِ الشِّفَا بِالْعَقْلِ وَ الْعَظْوَ
وَالْاَسْمَآءِ الْاَوَّلِيَّةِ الْعُلْيَا اَعْيُنِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَجْمَعِيْنَ ۔ بِسْمِ
اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ بِسْمِ اللّٰهِ عَالِمِ السِّرِّ وَالْخَفِيِّ بِسْمِ اللّٰهِ الْاَعْلٰى
بِاَسْمَآئِهِ الْكُبْرٰى فِيْ سُرَادِيْ فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ وَفِيْ حُجُبِ مَلَكُوْتِ
اللّٰهِ الَّذِيْ يُحْيِ الْاَمْوَاتِ وَبِهَا رُفِعَتِ السَّمٰوٰتُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِيْ
اَضَاءَتْ بِهَا الشَّمْسُ وَارْتَفَعَ بِهَا الْعَرْشُ مِنْ سَائِرِ مَا
ذَكَرْتُ وَمَا لَمْ اَذْكُرْ وَمَا عَلِمْتُ وَلَا اَعْلَمُ وَرَفَعْتُ عَنْهَا سَائِرُ
الْعُيُوْنِ النَّاظِرِ وَ الْعَاذِرِ وَ الْخَوَاطِرِ وَ الصُّدُوْرِ وَ الْوَاعِظِ بِلَا
حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔

برائے دفع سحر

اگر کوئی شخص سحر زدہ ہو اور تمام علاج آزما لئے ہوں اور کوئی علاج کارگر ثابت نہ ہو تو اس عزیمت کو ۴۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے سحر زدہ کو پلائے اور اسی عزیمت کو سرسوں کے تیل پر پڑھ کر دم کر کے تمام جسم پر مالش کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر سفلی، عطائی، سیفی، علوی، جادو، ٹونہ، ابطال دور و رفع ہوگا۔ اور مریض کو صحت یابی ہوگی۔ وہ عزیمت یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم وصلی اللہ سیدنا محمد وال و صحبہ وسلم بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم بسم اللہ واللہ اکبر لا حول ولا قو الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی سیدنا محمد و الہ و صحبہ وسلم و رضی اللہ عن کل الصحابۃ اجمعین والتابعین وتابعیھم باحسان الی یوم الدین لا الہ الا اللہ ایمانا و اسلاما محمد رسول اللہ مسکا وختاما و الحمد اللہ تسلیما و اعلانا واللہ اکبر اکبارا واعظاما ولا حول ولا قو الا باللہ العلی العظیم برھانا و اکراما لخلق السموت و الارض اکبر من خلق الناس ولکن اکثر الناس لا یعلمون اللھم رب عبس عابس ونفس نافس وحبس حابس ولیل دامس وطریق طامس وحجر یابس وشھاب قابس اللھم رد عین المعیان علیہ وعلی اقرب الناس الیہ فی مالہ و والدہ واعز الناس علیہ وخذ کلمتہ من مربین شفتیہ ونظرتہ من مربین جفنیہ ورد اللھم عینیہ علیہ فارجع البصر ھل تری من فطور ثم ارجع البصر کرتین ینقلب الیک البصر خاشئا وھو حسیر ورد اللہ الذین کفروا بغیظھم لم ینالو خیرا وکفی اللہ المؤمنین القتال واللہ قوی عزیز بل نقذف بالحق علی الباطل فیدمغہ فاذا ھو زاھق الا یات اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ جل جلالہ اللہ لا الہ الا اللہ ما اشرق نور اللہ لا الہ الا اللہ لا شئ اعظم من اللہ لا الہ الا اللہ ظھرت حجۃ اللہ لا الہ الا اللہ اکثر خلق اللہ لا الہ الا اللہ لا معبود بحق الی اللہ لا الہ الا اللہ لا یبقی الا اللہ لا الہ الا اللہ استغفر اللہ لا الہ الا اللہ استعنت باللہ لا الہ الا اللہ انی توکلت علی اللہ ربی تا وھو علی صراط مستقیم۔ وصلی اللہ علی سیدنا محمد والہ وصحبہ وازواجہ وذریاتہ اجمعین۔

مزدوری مزدور کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کی مزدوری ادا کرو

برائے دفع سحر

اگر کوئی شخص مبتلائے سحر ہو تو اس عطائی عمل کو کام میں لائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت یابی حاصل ہوگی۔ ترکیب یہ ہے کہ اس بند کو تین سفید کاغذ پر بروز دوشنبہ، پنجشنبہ، جمعہ کو لکھے اور تعویذ کو سحر زدہ گے گلے میں باندھے۔ دوسرے تعویذ کو مکان کی چھت پر لٹکائے۔ اور تیسرے تعویذ کو چوکھٹ میں لگائے۔ اور ۱۳ مرتبہ پانی پر پڑھ کر پینے کیلئے دیوے۔ اور ۲۱ مرتبہ سرسوں کے تیل پر پڑھ کر دیوے اور مالش کرائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر ہر قسم دور بھی ہوگا اور آئندہ کے واسطے بھی بندش ہوگی اور محفوظ رہیگا۔ وہ بند عطائی یہ ہے:

"بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ بند، بند بند، بجر بند، اثر بند، سحر بند، ہر قسم بند، جمیع آفات وبلایات بند، کیا کرایا بند، دیو بند، دشمن بند، ہاتھ بند، دشمن کا پیر بند، دشمن کا دل بند، دماغ بند، بند کے بند حضرت شاہ مرداں علی مرتضیٰ زرہ بکتر بند سے بند باندھ کر کیا درویش کے سپرد، پھر آنے راہ نہ دیا۔ لا الہ کا کوٹ، الا اللہ کی کھائی محمد رسول اللہ کی دہائی۔ العجل العجل العجل"۔

برائے دفع سحر

اگر کوئی شخص سحر جادو میں مقید ہو تو اس چہل کاف کو ۲۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے دیوے اور اکیس روز پلائے اور تیل سرسوں پر دم کر کے دیوے اور مالش کرادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفائے عاجلہ وکاملہ نصیب ہووے۔ سکون قلبی وذہنی حاصل ہووے۔ مجرب وآزمودہ ہے۔

چہل کاف یہ ہے۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم - کفاک ربک کم یکفیک واکفۃ کفکا فھا ککمین کان من کلکا تکر کرا ککر الکر فی کبد تجلی مشکشکۃ کلکلک کلکا کفا ک مابی کفا ک الکاف کر بتہ یا کو کبا کان یحکی کو کب الفلک۔**

برائے دفع سحر

چہل کاف کو ۱۴ مرتبہ پڑھ کر ۳۰۰ ہرے پتوں پر دم کر کے پانی میں پکائیں اور پھر سحر زدہ کو کسی علیحدہ جگہ بٹھا کر نہلائیں تا کہ پانی زمین میں جذب ہوجائے۔ انشاء اللہ سحر زدہ کو آرام وسکون میسر ہوگا۔ تین دن اسی طرح نہلائیں۔ اس بات کا خیال رہے کہ پتے سات مختلف درختوں کے ہوں۔

رجعت عمل اور سحر ونحوست کا علاج

اگر کسی کا کوئی عمل خراب ہوگیا ہو اور اس کی رجعت ونحوست میں مبتلا ہو یا سحر جادو ٹونہ کی مصیبت میں مبتلا ہو تو تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ روزانہ بلاناغہ پڑھیں۔ انشاء اللہ اکیس (۲۱) روز کی مداومت سے رجعت عمل اور سحر ونحوست اور بلائے ناگہانی ومصیبت دور ہوگی۔ وہ عزیمت یہ ہے: "بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ وبہ نستعین لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔ صم بکم عمی فھم لا یرجعون"

جادو کے متاثرہ مریضوں کے علاج کے لئے عاملین کاملین کے مجربات

مولانا یوسف رحمانی صاحب دامت برکاتہم (ٹنڈو آدم)

ہر قسم کے جادو اور جنات کا علاج

حضرت دامت برکاتہم نے بندے کو فون پر یہ عمل لکھوایا تھا جو عوام کے فائدے کے لئے درج کیا جارہا ہے۔

عارف باللہ حضرت شاہ نفیس الحسینی رحمہ اللہ کے حوالے سے حضرت مدظلہٗ نے ایک عمل فرمایا کہ شاہ صاحب رحمہ اللہ نے فرمایا کہ فجر کے بعد گیارہ بار منزل پڑھی جائے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراھیمی۔ انشاء اللہ ہر قسم کا جادو اور جنات کا اثر لازمی ختم ہوجائے گا۔

ماسٹر شفیع نظامی صاحب مرحوم (کراچی)

جادو سے حفاظت

آیت الکرسی ''الحی القیوم'' تک بیس بار تکرار کریں۔ اکیسویں بار پوری آیت الکرسی پڑھیں۔ یہ ایک بار ہوا۔ اس طرح اکتالیس بار روزانہ پڑھنے والا ہر قسم کے حادثات، ناگہانی آفات، جنات و جادو وغیرہ سے محفوظ رہتا ہے۔ کاروبار میں ترقی اور عزت ووقار میں اضافہ ہوتا ہے۔

جناب ابو حسنین صاحب

جادو اور سایہ کا توڑ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سورۃ کافرون مکمل	سورۃ اخلاص مکمل
سورۃ فلق مکمل	سورۃ ناس مکمل

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

طریقہ مذکورہ نقش کی مہر بنوالیں۔ جادو اور سایہ کے مریض صرف گیارہ یوم پئیں اور ایک نقش گلے میں پہنے۔

لاعلاج جادو اور سایہ کا توڑ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سورۃ کوثر مکمل	سورۃ کوثر مکمل
سورۃ کوثر مکمل	سورۃ کوثر مکمل

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

طریقہ مذکورہ نقش کی بھی مہر بنوالیں۔ سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے جنات اور جادو کے مریض کو پینے کے لئے دیا جائے اور ایسا مریض جو بالکل لاعلاج ہے وہ گیارہ یوم تک استعمال کرے۔ انشاء اللہ صحت یاب ہوجائے گا۔

سخت سے سخت جادو اور سایہ کے توڑ کا خاص عمل ''سری والا عمل''

سخت سے سخت جنات اور جادو کا صرف 72 گھنٹے میں توڑ سری والے عمل سے۔ درج ذیل اشیاء منگوانی ہیں۔

① بکرے کی سری ایک عدد	② سندور 1 تولہ
③ کالی مرچ 21 دانے	④ لونگ 21 دانے
⑤ ثابت ماش 2½ تولہ	⑥ قبرستان کی مٹی ایک چٹکی
⑦ پاؤں کی مٹی ایک چٹکی	⑧ سر کے بال چند عدد

نقش باموکل

۱۱۳

۱۶۱۷	۱۶۱۷	۱۶۱۱
۱۶۱۷	۱۳۱۱	۱۸۳۱
۱۸۵۶	۱۸۱۱	۱۹۱۷

مریض کا نام مع والدہ

مذکورہ اشیاء پر درج ذیل پڑھائی کرنی ہے۔

① یَاذَالطَّوْلِ 2300 مرتبہ صرف 41 عمل تک۔ بعد 41 عمل کے

پھر صرف 81 مرتبہ۔ (۲) سورۃ فاتحہ 7 بار (۳) آیۃ الکرسی 7 بار۔ (۴) چاروں قل 7 بار۔ اول آخر درود ابراہیمی 3+3 مرتبہ۔

طریقہ بکرے کی سری کے مغز والی جگہ خالی کرا کے ان تمام اشیاء پر پڑھائی کر کے مذکورہ نقش و مذکورہ اشیاء مغز والی خالی جگہ میں رکھ دیں۔ پھر اس سری کو پلاسٹک کے شاپر میں رکھ کر حصار لگائیں۔ حصار یہ ہے الحسبتم سے آخر تک 3 مرتبہ پڑھ کر پھونک دیں پھر یہ سری قبرستان میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ مریض 27 گھنٹے میں ٹھیک ہوگا۔ جادو اور جنات کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

نوٹ سری والے عمل کا کم از کم ہدیہ مریض سے تین ہزار لینا ہے۔ زیادہ کی حد نہیں۔ مریض کی حیثیت دیکھ لی جائے۔ سری والے عمل کی خاص اجازت کے لئے استاذ محترم ڈاکٹر خالد مقبول صاحب مدظلہ سے رابطہ کریں۔

مجربات قاری منظور احمد صاحب دامت برکاتہم

مرسلہ: ابو حنین صاحب

استاذ قاری منظور احمد صاحب دامت برکاتہم کی 35 سالہ زندگی کے تجربات و عملیات کا نچوڑ ان قارئین کیلئے پیش خدمت ہے جو میرے اُستاد ولی کامل پیر طریقت حضرت مولانا امان اللہ صاحب سے باقاعدہ چاروں کابیوں کے اجازت یافتہ ہے۔

تجربہ نمبر 1..... مریض جنات و جادو کا کتنا ہی سخت سے سخت تر کیوں نہ ہو، آپ صرف 3 یوم اُس پر دم کریں، درج ذیل طریقہ سے۔ مریض اور عامل باوضو ہو کر عامل مریض کے سر پر اپنا دایاں ہاتھ رکھ کر 40 دفعہ سات سلام اور 40 دفعہ چہل کاف پڑھیں۔ انشاء اللہ العزیز اس عمل کے کرنے کے بعد جنات اور جادو جل جائے گا۔ اگلا عمل کرنے تک کی نوبت ہی نہیں آئے گا۔

تجربہ نمبر 2..... ہانڈی کا عمل جب بھی کریں تو دال ماش کالی ثابت پر 101 دفعہ آیت الکرسی بجائے وھو العلی العظیم کے ھم فیھا خالدون تک پڑھیں اور 40 دفعہ چہل کاف پڑھیں۔ 11 دفعہ معوذتین پڑھیں اور 11 دفعہ درج ذیل دعا پڑھیں "بسم اللہ سددت اخواہ الجن والانس والشیاطین والسحرۃ الا بالسۃ من الجن والانس والشیاطین ویعوذ بھم باللہ العزیز الاعز و باللہ الکبیر الاکبر برحمتک یاارحم الرحمین وبحق محمد وآلہ وصحبہ اجمعین اور جتنی ہانڈیاں بھی کریں ایک مرغی منگوا کر اُس کا خون تمام ہانڈیوں میں تھوڑا تھوڑا کر کے ضرور ڈالیں اور ہانڈی میں اول عامل کوشش کرے کہ تمام گھر والوں کے ہاتھ پاؤں کے ناخن ڈلوائے۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو مریض کے ہاتھ کے ناخن ضرور اس میں ڈلوائے۔ مذکورہ طریقہ پر عمل کرنے کے بعد ممکن ہی نہیں کہ عامل کا یہ عمل خطا کر جائے۔

تجربہ نمبر 3..... اگر دکان کی کاروباری بندش ہے یا گھر میں اثرات ہیں تو عامل کو چاہئے کہ صرف 3 دن اُس دکان یا مکان میں جائے نماز بچھا کر 2 رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت پڑھے اور بعد نماز کے 40 مرتبہ سات سلام پڑھے اور 40 مرتبہ چہل کاف پڑھ کر آخر میں اللہ سے دعا کرے۔ تیسرے دن مکان اور دکان کے اثرات انشاء اللہ ختم ہونگے اور کاروبار چل پڑے گا۔

تجربہ نمبر 4..... ایک نقش پیش خدمت ہے جو سورۃ فلق کا نقش ہے، جو جادو اور جنات کے مریض کیلئے ہے۔ مگر کاروبار بندش کیلئے بہتر بہدف ہے۔

۲۱۶۱	۲۱۷۴	۲۱۷۱	۲۱۶۸
۲۱۷۲	۲۱۶۷	۲۱۶۲	۲۱۷۳
۲۱۶۶	۲۱۶۹	۲۱۷۶	۲۱۶۳
۲۱۷۵	۲۱۶۴	۲۱۶۵	۲۱۷۰

ق ق ق ق ق ق ق

طریقہ ایک تعویز دکان کے پیسے والے گلے میں رکھے اور دوسرا دکان کے اندر چھینٹے مارے اور اگر مریض ہے تو ایک گلے میں اور دوسرا پینے کے لئے دیا جائے۔

ملازم حسین صاحب (اسلام آباد)

برائے دفع سحر

سحر و جادو کے علاج کے لئے نہایت ہی مجرب نقش ہے۔ تین عدد نقش لکھیں۔ ایک نقش مریض کے گلے میں پہنادیں۔ دوسرا پینے کے لئے اور تیسرا نہانے کے لئے۔ نہاتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ تعویذ کا پانی کسی گندی نالی یا ناپاک جگہ پر نہ جائے۔ یعنی اس پانی کی بے ادبی نہ ہو۔ بہتر ہوگا کہ مریض کسی ٹب میں نہائے اور اس کے بعد یہ پانی چھت وغیرہ پر ڈال دیں یا ایسی جگہ ڈالیں جہاں پر بے ادبی نہ ہو۔ (نقوش زعفرانی سیاہی سے لکھیں۔ ع) نقش درج ذیل ہے:

۷۸۶

۲۲۵	۲۲۸	۲۳۲	۲۱۸
۲۳۱	۲۱۹	۲۲۴	۲۲۹
۲۲۰	۲۳۴	۲۲۶	۲۲۳
۲۲۷	۲۲۲	۲۲۱	۲۳۳

یاقابض اقبض جمیع اثرات سحر و جادو و آسیب

و نظر بد بحق یاقابض العجل العجل العجل

الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا

برائے دفع سحر و آسیب

بروز جمعہ سورۂ یٰسین شریف کو سات بار پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر چینی اور الائچی پر دم کر کے مریض کو دیں کہ وہ چینی چائے میں ملا کر پئے۔ جب طبیعت خراب ہو تو الائچی منہ میں رکھ لیا کرے۔ اسی طرح لگاتار اس عمل کو تین جمعہ تک کریں۔ یہ عمل حضرت خواجہ غریب نواز قطب جیلانی رحمہ اللہ سے منسوب ہے۔ (یعنی تین ہفتہ تک مریض یہی چینی استعمال کرے گا۔ اگر چائے کے علاوہ بھی کوئی میٹھی چیز کھانی ہو تو اسی چینی کی بنائی جائے یا چینی میں تھوڑی سی دم کی ہوئی چینی ملا کر دی جائے۔ ع)

حکیم پیر صوفی عبدالرؤف نظامی چشتی صاحب (رینالہ خورد)

صدقہ برائے بندش نکاح

حسب توفیق زرد رنگ کا کپڑا لے کر اس میں چنے کی دال، شکر، میٹھا سوڈا..... تینوں کا برابر وزن سوا کلو ہو، اس کپڑے میں باندھ کر اپنے جسم سے سات مرتبہ پھیر کر جمعرات کے روز عصر کی نماز کے بعد کھول کر ایسی جگہ رکھ دیں، جہاں کیڑے مکوڑے ہوں۔ بندشِ نکاح کے لئے یہ صدقے والا عمل کم از کم پانچ جمعرات ضرور کریں۔ انشاء اللہ مقصد ہاتھ آ جائے گا۔

جادو، ٹونہ اور آسیبی اثرات کی رکاوٹیں

جادو، ٹونہ یا آسیبی اثرات کی وجہ سے رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہوں تو یوں کریں کہ ایک مرغی لے کر اپنی پہنی ہوئی بنیان پر ذبح کروائیں اور اسی بنیان میں باندھ کر کوری ہنڈیا میں رکھ کر اچھی طرح منہ بند کر کے اپنے جسم سے سات بار پھیر کر منگل کے دن بعد از نمازِ فجر یا مغرب، کسی قبرستان میں دفنا دیں۔ آپ قبرستان جائیں یا کوئی دوسرا فرد جائے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ واپس آ کر غسل کرے اور نئے کپڑے پہنے۔

سید ریاض علی شاہ بخاری مرحوم

جادو کا اثر زائل کرنا

سات نمازیوں کے وضو کا پانی (جو پنج وقتہ نمازی ہوں)، ایک بوتل میں جمع کر لیں۔ اس پر دو سو مرتبہ "سلام قولا من رب رحیم" پڑھ کر دم کر دیں۔ سات چھوارے لیں اور ان میں سے ہر چھوارے پر اکیس مرتبہ یہی آیت پڑھ کر دم کریں۔ مریض کو عصر اور مغرب کے درمیان ایک چھوارہ کھلا کر بوتل کا پانی پلائیں۔ سات دن پورے ہو جانے پر اسی آیت کا نقش ذیل مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ جادو کے اثرات سے نجات ملے گی۔

۷۸۶

۲۸۴	۲۷۹	۲۸۶
۲۸۵	۰۸۳	۲۸۱
۲۸۰	۲۸۷	۲۸۲

جادو اور جنات کا علاج سیکھنے والوں کے لئے خصوصی کورس

آج کل جادو اور جنات کے اثرات بہت زیادہ ہو گئے ہیں۔ نہ کوئی عام بندہ محفوظ ہے نہ خاص۔ خصوصاً بڑے بڑے بزرگوں، مشائخ، مفتیان وعلمائے کرام پر بے شمار حملے ہو رہے ہیں۔ جہاں انسان عامل ہیں، وہیں جنات عامل بھی وار کر رہے ہیں۔ شیطان ابلیس بڑے بڑے شیاطین کو بڑوں کے پاس بھیجتا ہے۔ نتیجہ یہ کہ خانقاہیں، مدارس، دینی جماعتیں وغیرہ...... سب بری طرح متاثر ہو رہی ہیں اس لئے جادو اور جنات کا علاج سیکھنا بہت ضروری ہے۔ خصوصاً گھر والوں اور قریبی لوگوں کے لئے تاکہ خدانخواستہ اثر ہونے کی صورت میں صحیح علاج کیا جا سکے۔ ورنہ مریض کسی غلط عامل کے ہتھے چڑھ جائے گا اور مالی، بدنی اور سب سے بڑھ کر ایمانی نقصان کروالے گا۔ اور اس کا ذمہ دار کون ہوگا؟ سوچئے!!!

اس کورس میں چودہ چلے کروائے جاتے ہیں۔ پہلے چھ چلوں کے بعد والے چلوں میں غیبی مخلوق کی آمد شروع ہو جاتی ہے۔ اور اختتام سے پہلے پہلے غیبی مخلوق کی ایک بڑی جماعت معاون کے طور پر عامل کے ساتھ کام کرنے لگتی ہے۔ عموماً دس چلوں کے بعد ہی عامل جادو اور جنات کا مضبوط علاج کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔

جو حضرات پہلے سے عامل ہیں، اور مزید مضبوط ہونا چاہتے ہیں، وہ کم وقت میں یہ کورس کر سکتے ہیں۔ نیز جو حضرات مکمل کورس کرنا چاہتے ہیں اور وقت کی کمی ہے، وہ نقد صدقہ ادا کر کے اجازت لے سکتے ہیں۔ اس صورت میں چند چلّے کرنے ہوں گے۔ مزید تفصیل کے لئے رابطہ فرمائیں۔

عام فیس -/6000 روپے

علماء اور مفتیان کرام کے لئے خصوصی رعایت فیس -/3000 روپے

www.darulamal.org/ruhanidarsgah
E-mail: info@darulamal.org
(042) 35033371
(0322)/(0343) 7772772

روحانی علاج کرنے کے تین مراحل

ایک ایسا مضمون جس کی عاملین حضرات کو بہت ضرورت ہے۔ نیز عوام کے لئے بھی بہت ضروری ہے تاکہ وہ عاملین سے صحیح کام لے سکیں۔ خالد مقبول

کافی عرصہ سے اس مضمون کو لکھنے کا سوچ رہا تھا مگر وقت کی کمی کے باعث مضمون شروع ہی نہ کر سکا۔ ممکن ہے کہ اس مضمون سے چند عاملین اختلاف کریں مگر پرواہ نہیں کیونکہ اختلاف کے لئے بھی دلیل کی ضرورت ہوتی ہے اور ہمارے ہاں اختلاف بلا دلیل کرنے کا مرض بہت لوگوں میں ہے۔

اس مضمون میں روحانی علاج سے مراد صرف اور صرف جادو اور جنات کا علاج لیا جا رہا ہے۔ جادو اور جنات کا علاج کرنے کے تین مراحل ہیں۔ دراصل یہ تین مراحل ہر کام کے ہو سکتے ہیں۔ مگر سمجھانے کے لئے جادو اور جنات کا بیان کیا جائے تو سمجھنا بہت آسان ہوتا ہے۔ جنات اور جادو ایک دشمن ہے جو مریض پر حملہ کر رہا ہے۔ اور عامل مریض کا ہمدرد ہے۔

پہلا مرحلہ

مریض عامل کے پاس آیا۔ عامل نے حالات سن کر اسے صرف وظیفہ پڑھنے کو دے دیا۔ یہاں دو باتیں ہو سکتی ہیں۔ پہلی کہ عامل خود اس وظیفے کا عامل ہے اور دوسری کہ عامل نہیں۔ اگر عامل نہیں، تو اس کی مثال ایسی ہے جیسے مریض دشمن کے سامنے کھڑا ہوا ہے، دشمن حملہ کر رہا ہے اور مریض اس وقت اللہ تعالیٰ سے مانگ رہا ہے تاکہ اسے ہتھیار ملے، لڑنے والے ملیں اور وہ دشمن کا مقابلہ کر سکے۔ یہ درجہ عموماً کثرت سے ہمارے بزرگوں کا بھی ہے۔ چونکہ خود عامل نہیں ہوتے، اس لئے اللہ تعالیٰ ہی کوئی خاص معاملہ کریں اور اس عمل کی طاقت پڑھنے والے کو دے دیں۔ اس صورت میں مریض سے پیسے نہیں مانگنے چاہئیں۔ جو وہ خوشی سے دے، عامل لے لے۔ عامل نے صرف رستہ دکھایا ہے، اور کچھ نہیں کیا۔

اگر عامل اس وظیفے کا بھی عامل ہے، تو اس کی مثال ایسی ہے جیسے مریض کو عامل نے ہتھیار دیا کہ دشمن پر حملہ کرو اور مریض حملہ کر رہا ہے۔ ساتھ ہی مریض کو اس بات کا پابند کیا جائے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے مانگنا نہ چھوڑے۔

اس معاملہ میں عامل مریض سے کچھ رقم کا مطالبہ کر سکتا ہے۔ مگر چونکہ عامل کی مریض کے علاج میں کوئی محنت نہیں، محنت ساری مریض کی ہے، اس لئے کوئی زیادہ رقم کا مطالبہ نہیں کرنا چاہئے۔

دوسرا مرحلہ

دوسرا مرحلہ یہ ہوتا ہے جہاں عامل مریض کو کچھ علاج بنا کر دیتا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے مریض دشمن پر عامل کے دئے ہوئے ہتھیار سے وار کر رہا ہے، اور عامل مریض کے پیچھے کھڑا ہوتا ہے۔ اور دشمن کو عامل نظر بھی آ سکتا ہے کہ مریض کے پیچھے کون کھڑا ہے۔ چونکہ عامل بھی میدانِ جنگ میں کود جاتا ہے، اس لئے اس کو بھی نقصان کا اندیشہ ہوتا ہے۔ وہ جہاں مریض کو اسلحہ دے رہا ہوتا ہے، وہیں مریض کی مرہم پٹی بھی کر رہا ہوتا ہے۔ چونکہ عامل اس میں کام کر رہا ہوتا ہے، اس لئے مناسب رقم مریض سے مانگ لی جائے تو کوئی حرج نہیں۔

تیسرا مرحلہ

تیسرا مرحلہ یہ ہے کہ عامل مریض کو پیچھے کر کے خود دشمن کے سامنے ہو جاتا ہے۔ اس مرحلے میں عامل کو بہت خطرہ ہوتا ہے اور مریض کو صرف مرہم پٹی کے لئے علاج دیا جاتا ہے۔ عمل عامل خود کرتا ہے۔ اس صورت میں عامل کو چاہئے کہ اچھی رقم مریض سے لے کیونکہ وہ اپنی اور اپنے گھر والوں کی جان داؤ پر لگائے ہوئے ہوتا ہے۔ اول تو تیسرے مرحلہ میں عمل کیسے کئے جاتے ہیں، یہ بات خود عاملین کو کم ہی پتہ ہوتی ہے۔ زیادہ تر عاملین دوسرے مرحلے سے آگے نہیں جاتے۔ اور اس طرح کے بڑے عملیات بغیر بڑی رقم کے نہیں کرنے چاہئیں۔ کیونکہ جب عامل پر مصیبت آتی ہے، تو کبھی مریض تعاون نہیں کرتا۔ اور ایسا بہت دیکھا گیا ہے کہ عامل حضرات سخت پریشانی میں ہیں اور کوئی ان کا مددگار نہیں۔

جہنم حرام — جو شخص خوف خدا سے روتا ہے وہ جہنم میں ہرگز داخل نہ ہوگا

سحر کی اقسام

ابو نافع

سحر کی قسمیں...... علاج السحر میں بہت اہم ہیں۔ اور سب سے زیادہ اہمیت ان کی یہ ہے کہ لوگ پڑھیں اور خود دیکھیں کہ کہیں وہ سحر میں مبتلا تو نہیں؟ عاملین کے لئے اس لئے اہم ہے کہ ان کو پتہ ہو کہ کون کون سے مقاصد کے لئے سحر کیا جاتا ہے؟ اور اچھا عامل وہی ہوتا ہے جس کے پاس ہر قسم کے سحر کو توڑنے اور اس کے بداثرات کو دور کرنے کا مجرب اور طاقتور عمل ہوتا ہے۔ ایسے عملیات جو خاص کسی قسم کے سحر کی کاٹ کے لئے نہیں ہوتے، ان کو ہر قسم کے علاج کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اگر وہ کبھی کام نہ کریں تو خاص قسم کے سحر کے علاج کے لئے خاص اسی قسم کے توڑ کے جو عملیات ہوتے ہیں، وہ استعمال کرنے چاہئیں۔ (ع)

اوّل قسم سحر کی یہ ہے کہ دو میاں بیوی آپس میں محبت والفت سے زندگی گزار رہے ہیں۔ یکا یک مرد وعورت میں تنازعہ کی شکل کھڑی ہو جائے اور ایک دوسرے کی شکل سے بھی بیزار ہو جائیں۔

دوسری قسم سحر کی یہ ہے کہ عورت اپنے شوہر کی محبت میں فریفتہ ہو اور سحر کر کے اس کو برگشتہ (یعنی خلاف) کر دیا جاتا ہے۔ اور وہ شوہر کی شکل دیکھ کر آگ بگولہ ہو جاتی ہے۔

تیسری قسم سحر کی یہ ہے کہ عورت اپنے شوہر کے اوصاف بیان کرتے کرتے نہیں تھکتی بلکہ رات دن شوہر کی محبت کا دم بھرتی ہے۔ مگر سفلی سحر کے ذریعہ اس کو بدظن، متنفر کر دیا جاتا ہے اور اس کو شوہر کی شکل مثل کتے اور خنزیر کے نظر آنے لگتی ہے۔

چوتھی قسم سحر کی یہ ہے کہ نوجوان حسین خوبصورت لڑکی ہونے کے باوجود رشتہ والے لڑکی کو دیکھ کر اچاٹ ہو جاتے ہیں اور رشتہ سے انکار کر دیتے ہیں۔ اسی طرح عرصہ دراز گزر جاتا ہے۔

پانچویں قسم سحر کی یہ ہے کہ لڑکیوں کے رشتہ آنے ہی بند ہو جاتے ہیں یعنی بغیر دیکھے ہی لوگ بدظن ہو جاتے ہیں۔ ان کے ذکر سے نفرت اور اچاٹ پن دلوں میں ہونے لگتا ہے۔

چھٹی قسم سحر کی یہ ہے کہ مرد اپنی بیوی بچوں پر محبت میں جان دیتا ہے مگر سحر زدہ ہونے کے بعد نفرت وبغض کرنے لگتا ہے اور سمجھانے والا بھی دشمن لگتا ہے۔

ساتویں قسم سحر کی یہ ہے کہ بھیڑ، بکریوں، گایوں اور بھینسوں پر یعنی دودھ دینے والے جانوروں پر کیا جاتا ہے۔ ان کے راستے میں ڈال دیتے ہیں۔ ان جانوروں کا دودھ سوکھ جاتا ہے۔ بچہ مر جاتا ہے۔ دودھ پینے والے بیمار ہو جاتے ہیں۔

آٹھویں قسم سحر کی چوپایوں کیلئے مخصوص ہے۔ اس سحر کے کرنے سے جانوروں کے جوڑوں میں درد ہو جاتا ہے۔ اور وہ جانور گھاس کھانا چھوڑ دیتے ہیں۔ اگر بروقت علاج نہ ہو تو مر جاتے ہیں۔

نویں قسم سحر کی یہ ہے کہ سحر دودھ دینے والے جانوروں اور بچہ جننے والی ماؤں پر کیا جاتا ہے۔ خواہ جانور ہوں یا عورتیں، اس کے کرنے کے بعد بچہ پیٹ سے بے وقت ضائع ہو جاتا ہے۔

دسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس سحر کے ذریعہ خاص کر اولاد کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔ یعنی نومولود اور شیر خوار بچوں پر سحر کیا جاتا ہے۔ اور بچے سوکھ سوکھ کر مر جاتے ہیں۔

گیارہویں قسم سحر کی یہ ہے کہ طالع سنبلہ میں بروز منگل یا جمعہ کو ایک پتلہ عطارد کا بنا کر راستہ میں ڈال دیتے ہیں۔ جس عورت کے پیروں میں آ جائیگا، اس عورت کے یہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوں گی، لڑکا نہ ہوگا۔

بارہویں قسم سحر کی یہ ہے کہ مرد کو بستہ کر دیا جاتا ہے یعنی وہ مرد ہمبستری کے قابل نہیں رہتا۔

تیرھویں قسم سحر کی یہ ہے کہ دلہن کو اپنے شوہر سے یا جس سے بستہ کیا ہے، اس کیساتھ ہمبستری سے نفرت ہو جاتی ہے۔

چودھویں قسم سحر کی یہ ہے کہ مرد کے مفاصل (جوڑوں) میں درد پیدا کر دیا جاتا ہے۔ اور مرد بیکار ہو جاتا ہے۔

پندرھویں قسم سحر کی یہ ہے کہ عورت کے پیٹ میں اور سر میں پانی پیدا ہو جاتا ہے۔

سولہویں قسم کی سحر کی یہ ہے کہ سحر زدہ ہونے کے بعد عورت رنگ بدلنے لگتی ہے اور تھوڑی دیر کے بعد تبدیلی رونما ہوتی ہے۔ اور شکل وصورت بھیانک ہو جاتی ہے۔

سترھویں قسم سحر کی یہ ہے کہ عورت کو باندھ دیا جاتا ہے اور عورت عقیمہ (بانجھ) ہو جاتی ہے۔ ماہواری بھی ہوتی رہتی ہے۔ مگر استقرارِ حمل نہیں ہوتا ہے۔

اٹھارھویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس سحر کے ذریعہ کسی بھی شخص کا روزگار باندھ دیا جاتا ہے۔ اور سحر زدہ کا مال واسباب تلف ہو جاتا ہے۔ مویشی مرجاتے ہیں۔ آئے دن نقصان کا سامنا رہتا ہے۔

انیسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس قسم کے ذریعہ رشتہ ازدواجی منقطع کر دیا جاتا ہے۔ اور مرد عورت جدا جدا ہو جاتے ہیں۔

بیسویں قسم کی سحر کی یہ ہے کہ اس قسم کے ذریعہ سے کسی گھر کو ویران وبرباد کر دیا جاتا ہے۔ اس گھر کی خیر وبرکت اڑ جاتی ہے۔ محبت والفت جاتی رہتی ہے۔ ایک، دوسرے کو دشمن سمجھتا ہے۔ رات دن جھگڑا بنا رہتا ہے۔

اکیسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس سحر کے ذریعہ اپنے مطلوبہ شخص کو خواہ مرد ہو یا عورت، شدید بیماری میں مبتلا کر دیا جاتا ہے۔ اور وہ کسی صورت صحت یاب نہیں ہو پاتا۔

بائیسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس سحر کے ذریعہ کسی بھی شخص کو (مرد یا عورت کو) ذلیل کر دیا جاتا ہے۔ ہر کوئی اس سے بلاوجہ نفرت کرنے لگتا ہے۔ کوئی اعتبار نہیں کرتا۔

تئیسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس سحر کے ذریعہ سے کسی افسر یا حاکم یا ملازم کو نوکری سے، یا افسر کو عہدہ سے ہٹا دیا جاتا ہے۔ سحر زدہ ہونے پر نوکری وعہدہ سے معطل ہو جاتا ہے۔

چوبیسویں قسم سحر کی ہے کہ امیر کو، رئیس کو، تاجر کو، وزیر کو...... عہدہ سے گرا دیا جاتا ہے۔ اور فقیر وکنگال بنا دیا جاتا ہے۔

پچیسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس سحر سے عورتوں کو اجاڑ کر دیا جاتا ہے یعنی طلاق دلا دی جاتی ہے۔ جب تک اس سحر کا دفعیہ نہ ہوگا تو کتنے ہی نکاح کر لئے جائیں، سب منقطع ہوتے رہتے ہیں۔

چھبیسویں قسم سحر کی یہ ہے کہ اس سحر کے ذریعہ حاکم کو بتادلہ پر پہونچا دیا جاتا ہے۔ اور شہر سے دور کر دیا جاتا ہے۔

ستائیسویں قسم کی سحر کی یہ ہے کہ اس کے ذریعہ خوبصورت حسین عورت کے حسن وجمال کو خراب کر دیا جاتا ہے۔ جسکی وجہ سے وہ اپنے پرایوں کی نظر میں ذلیل وخوار ہو جاتی ہے۔

اٹھائیسویں قسم سحر کی یہ ہوتی ہے کہ اس کے ذریعہ سے ہر ترقی کو مسدود کر دیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ تعمیر شدہ مکان کو اجاڑ دیا جاتا ہے۔ اس گھر میں کوئی آباد نہیں ہو پاتا ہے بلکہ ویران رہتا ہے۔ جو بھی مکان میں آتا ہے جلد ہی چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے۔

(سحر کی اور بھی بہت کی قسمیں ہیں لیکن کثیر الوقوع کا ذکر ہو چکا۔ جو عامل حضرات سحر کا علاج کرتے ہیں، وہ ہر قسم کا علاج کرنا سیکھیں۔ خصوصاً کسی خاص میں مہارت بھی حاصل کرنی چاہئے تاکہ وقت پڑنے پر اس قسم کے علاج میں ناکامی نہ ہو۔

ہمارے ہاں علاج السحر ماہر کورس میں خاص سحر کی کئی قسموں کا علاج سکھایا جاتا ہے۔ جن عاملین نے عملیات پہلے سے سیکھے ہوتے ہیں، ان کو کم وقت میں اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ جو مبتدی حضرات ہیں، ان کو وقت زیادہ لگتا ہے۔ ع)

عاملین جہاں مخلوق کی حفاظت اور بہتری وفلاح وبہبود کیلئے کوشش کرتا ہے، اول اپنی حفاظت کرنا بھی ضروری ہے۔ یعنی اکل حلال، صدق مقال اور پابندی شریعت وپابندی صوم وصلوٰۃ کا اہتمام رکھنا ازحد ضروری ہے۔ تبھی مخلوق خدا کی صحیح معنوں میں خدمت انجام دے سکتا ہے اور ثواب دارین حاصل کر سکتا ہے۔ وہمات اور لغویات سے، کذب، دروغ گوئی سے اور خرافات واہیات سے دور رہنا چاہئے۔ امراض کا علاج اور عقائد کی اصلاح کرنی چاہئے۔

جادو کے متاثرہ مریضوں کے علاج میں ہدایات

ابو نافع

جادو کے متاثرہ مریضوں میں تین قسم کے مریض ہوتے ہیں:

۱ وہ مریض جس پر جادو کے اثرات ہوں۔ مگر جنات نہ ہوں۔

۲ وہ مریض جس پر جادو کے اثرات ہوں اور جن بھی موجود ہو، مگر دورہ نہیں ڈالتا ہو یعنی جسم میں حاضر نہ ہوتا ہو۔

۳ وہ مریض جس کے جسم میں جادو کے ذریعے مسلط شدہ جنات حاضر ہوتے ہوں۔

یہ تیسری قسم عموماً سب سے زیادہ خطرناک قسم گنی جاتی ہے۔ اس میں جنات سے مقابلہ ہونا یقینی بات ہے۔ اور اسی قسم میں عموماً عاملین کو سب سے زیادہ نقصان ہوتا ہے۔

حاضری والے مریض کے علاج میں ہدایات

حاضری والے مریض کا علاج کرتے وقت جب مریض پر عمل کریں تو چند خاص باتوں کا دھیان رکھنا ضروری ہے۔ مختصراً چند ہدایات درج ذیل ہیں:

جگہ کے متعلق ہدایات

۱ ...... مقام عمل پاک ہو

۲ ...... اس جگہ کوئی حائضہ عورت موجود نہ ہو، نہ ہی کوئی ناپاک مرد ہو۔

۳ ...... جتنے افراد ہوں۔ سب باوضو ہوں۔

۴ ...... اس جگہ جنات کا بسیرا نہ ہو۔ نہ ہی ان کی گذرگاہ ہو۔

۵ ...... عمل چھت دار مکان میں ہو۔ کھلے آسمان کے نیچے نہ ہو۔

۶ ...... اس مجلس میں زیادہ بات چیت سے گریز کریں۔

۷ ...... اس مجلس میں کوئی نابالغ بچہ نہ ہو۔ اگر بذریعہ حاضرات عمل کرنا ہو اور کسی نابالغ بچہ کے ذریعے حاضرات کرنی ہوں، تو صرف وہی موجود ہو۔ حاضری والے مریض کا علاج، نابالغ بچے کے ذریعے بذریعہ حاضرات جو عاملین کرتے ہیں، عموماً جنات اس بچے کا نقصان ضرور کرتے ہیں۔ اس لئے تھوڑے سے مفاد کے لئے کسی کی زندگی خراب نہیں کرنی چاہئے۔ جو عامل بچے کی حفاظت کا معاملہ اچھی طرح سنبھال سکتے ہوں، وہ حاضری والے مریض کے علاج میں بچے سے مدد لیں۔ ورنہ احتیاط ہی کریں۔

مریض سے متعلق ہدایات

۱ ...... دوران عمل مریض کے گلے یا پاس کوئی بھی پرانا تعویذ موجود نہ ہو۔

۲ ...... مریض باوضو ہو۔ ہرگز ناپاکی کی حالت میں عمل نہ کریں۔

۳ ...... مریض کو عامل کے روبرو ہونا چاہئے۔

عمل کے متعلق ہدایات

۱ ...... جس عمل کی جو بھی تعداد ہو، اس میں کم بیشی نہ کریں۔

۲ ...... عمل کا بہتر وقت بعد نماز عصر یا بعد نماز مغرب ہے۔

۳ ...... عامل عزیمت باآواز بلند پڑھیں۔ ورنہ کم سے کم درود شریف تو باآواز بلند پڑھیں۔

۴ ...... عمل کے وقت متعلقہ دھونی دیتے رہیں۔

۵ ...... کسی وجہ سے ایک بار عمل کرنے سے کام نہ بنے تو اس عمل کو مکرر کریں۔ ایک بار کر کے چھوڑ دینا بہت غلط ہے۔

۶ ...... کامل یقین سے عمل کریں۔ اگر خود ہی عامل کو یقین نہ ہو تو جنات بھی تعاون نہیں کرتے۔ اور اللہ تعالیٰ کی مدد بھی پوری طاقت کے ساتھ نہیں ملتی۔ یقین کی قوت سب سے بڑی قوت ہے۔

عامل کے متعلق ہدایات

۱ ...... عمل سے پیشتر کچھ نہ کچھ صدقہ دیں۔

۲ ...... عمل شروع کرتے وقت عامل اپنے گناہوں کی معافی چاہے اور

اپنے عاجز اور کمزور ہونے کا اعتراف کرے۔

۳...... دو رکعت صلوٰۃ الحاجات پڑھ کر عمل شروع کریں۔

۴...... عمل کے وقت عامل کا پیٹ کھانے سے پر نہ ہو۔

۵...... عمل کے وقت عامل خوشبو غیرہ کا استعمال کریں۔

۶...... عامل دوران عمل حصار کے ساتھ ساتھ کوئی نقش برائے حفاظت اپنے بازو پر ضرور باندھ لیں۔

۷...... عمل کامیابی سے پورا ہونے پر دو رکعت صلوٰۃ الشکر پڑھیں۔

مریض کے بارے میں مزید ہدایات

ایسے مریض جن پر حاضری ہوتی ہے، ان کے لئے دورانِ عمل ہدایات تو درج کر دیں۔ مریض کو درج ذیل باتوں کا پابند کریں۔ اور جن مریضوں پر حاضری نہ ہوتی ہو، لیکن اثرات ہوں تو وہ بھی ان ہدایات پر پابندی کریں گے تو انشاء اللہ بہت جلد ٹھیک ہونگے۔

۱...... باہر زیادہ نہ نکلا کرے۔

۲...... مریض اگر عورت ہو تو خوشبو لگا کر اور ننگے سر باہر نکلنے سے حتی الامکان پرہیز کریں۔ خصوصاً کھلے آسمان کے نیچے اور خاص کر مغرب کے وقت بالکل باہر نہ نکلے۔

۳...... کوشش کرے کہ بڑے گوشت اور مچھلی کا استعمال نہ کرے۔

۴...... نمک بالکل کم کر دے۔ بہتر ہے کہ دوران علاج استعمال ہی نہ کرے۔

۵...... میٹھا زیادہ کھائے۔ صبح و شام اور رات کو سوتے وقت خالص شہد ایک بڑا چمچ لے لیا کرے۔

۶...... اپنے حصار کا خاص خیال رکھے۔ ہر نماز کے بعد، رات کو سوتے وقت اور باہر نکلتے وقت حصار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔

۷...... کسی ایسے مریض سے ملنے میں احتیاط کرے، جس پر جن کی حاضری ہوتی ہو یا پھر سخت جادو کا اثر ہو۔

۸...... کسی ایسی جگہ بھی جانے سے پرہیز کیا جائے، جس کے بارے میں یقین ہو کہ وہاں جنات کی رہائش ہے یا سخت جادو کا اثر ہے۔

۹...... قبرستان، ویرانوں، کھلے علاقوں میں بھی جانے سے پرہیز کریں۔

۱۰...... سوتک (زچہ) اور مرگ والے گھر بھی جانے میں احتیاط کریں۔ اگر جانا بہت ضروری ہو تو حفاظت کا تعویز اتار دیں۔ اپنے اوپر دم کر کے جائیں اور واپس آکر غسل کر کے دوسرے کپڑے پہن کر اگر کوئی تعویز پہنا ہو تو پہن لیں۔

۱۱...... روزانہ دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں۔ اور سلام کے بعد اللہ تعالیٰ سے خوب دعائیں مانگیں۔ اپنے لئے، عامل کے لئے، عامل کے عمل کی کامیابی کے لئے اور عمل میں جو جو بھی معاون ہیں (یعنی انسان و جنات) ان سب کے لئے۔

۱۲...... ہرگز ناپاکی میں نہ سوئیں۔ خواتین کا شرعی ناغہ مستثنیٰ ہے۔

۱۳...... کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ باوضو رہیں۔

۱۴...... خواتین ناغہ کے دنوں میں حصار کی جگہ "یَا حَافِظُ یَا حَفِیظُ" ہر اذان کے بعد، رات کو سوتے وقت اور باہر جاتے وقت ایک سو مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں۔ اول و آخر ایک بار درود ابراہیمی۔

۱۵...... دورانِ علاج دور دراز کے سفر سے بھی پرہیز کریں۔ خصوصاً دریا یا سمندر پار کے سفر سے۔ اس سے کچھ عامل اختلاف کرینگے۔ ان سے عرض ہے کہ جو بھی ہدایات لکھی گئی ہیں، یہ تجربہ کی بنیاد پر لکھی گئی ہیں۔ ان میں جنات سے بھی مشاورت لی گئی ہے۔ اگر کسی بھی ہدایت سے آپ کو اختلاف ہے تو کوئی بات نہیں۔ علمی اختلاف ہر فن میں ہوتے ہیں۔

عام جادو والے مریض کے علاج میں ہدایات

جادو اور جنات کے مریضوں میں ایک فرق ہوتا ہے۔ جادو میں عامل کسی جن کو بھیجتا ہے اور جنات میں جن خود سے آتے ہیں۔ اگر جنات کو سمجھاؤ تو چلے جاتے ہیں۔ دورانِ علاج بھی میدان چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔ برعکس جادو کے ذریعے بھیجے ہوئے جنات میدان چھوڑ کر نہیں بھاگتے۔ میں نے کئی ایسے کیسز دیکھے ہیں، جن میں جنات خود کہتے ہیں کہ ہم جانتے ہیں کہ

مریض بے قصور ہے یا ہم مریض کو تنگ نہیں کرنا چاہتے، مگر ہم مجبور ہیں۔ یا تو ہمیں آپ اس عامل سے آزاد کروائیں یا پھر پکڑلیں۔ یہاں تو عامل کو اس لئے پتہ چل جاتا ہے کہ جن حاضر ہو کر بتاتا ہے۔ لیکن عام مریض جس میں حاضری نہ ہوتی ہو، اس پر مسلط جادو والے جنات سے اپنے جنات کے ذریعے سے ہی بات چیت کی جاسکتی ہے۔ وہ بھی بتاتے ہیں کہ فلاں مریض کے جنات اچھے ہیں، لڑنا نہیں چاہتے اور فلاں کے لڑنا چاہتے ہیں۔

جادو کا کوئی بھی کیس ہو یعنی عام ہو یا خاص ہو، محتاط اس لئے رہنا چاہئے کہ جادو سے بھیجے ہوئے جنات عامل کے اشارے پر چلتے ہیں۔ برعکس جنات کے کیس میں جن اپنی مرضی سے چلا جاتا ہے۔ جادو کے ذریعے مسلط شدہ جنات کی اپنی مرضی نہیں چلتی۔ اس لئے وہ نقصان بہت کرتے ہیں۔ اس لئے جادو کے کسی بھی مریض کا علاج کیا جائے تو اپنے حصارات پر خاص دھیان دیا جائے۔ اپنا، اپنے گھر والوں اور گھر کا لازمی حصار کیا جائے۔ اپنے جنات کو پیغام بھی لگایا جائے کیونکہ آپ کو نہیں پتہ کہ مخالف عامل کیسا ہے اور کس حد تک جاسکتا ہے؟ کئی عامل ایسے سرپھرے ہوتے ہیں جو صرف اس بات پر کہ میرے عمل کی کاٹ کی ہے، آپ کے جانی دشمن ہو جاتے ہیں۔ اور ان کے پاس غلط قسم کے ڈھیروں اعمال ہوتے ہیں۔ اس لئے جنات سے زیادہ جادو کے سلسلے میں حفاظت کی ضرورت رہتی ہے۔

درج بالا چند ضروری ہدایات لکھ دی گئی ہیں۔ عاملین سے درخواست ہے کہ ان ہدایات پر خود بھی عمل کریں اور مریضوں کو بھی عمل کروائیں۔ بہت زیادہ عاملین کو دیکھا ہے کہ کسی طرح کا نہ خود خیال رکھتے ہیں، نہ ہی مریضوں کو ہدایات کرتے ہیں۔ اس لاپرواہی کی وجہ سے خود بھی متاثر ہو کر مریض بنتے جاتے ہیں اور مریضوں کا کیس بھی بہت خراب کر دیتے ہیں۔ کوئی بھی فن ہو، اس کے کچھ اصول ہوتے ہیں۔ جادو کے متاثرہ مریضوں کا علاج کرنا بھی ایک فن ہے۔ اس کو فن ہی کی طرح سیکھا جائے۔ ورنہ اپنی، اپنے گھر والوں کی اور اپنے مال واسباب کی تباہی کے ذمہ دار آپ خود ہونگے۔ اللہ تعالیٰ سمجھ عطا فرمائیں۔ آمین

جادو کے متاثرہ مریضوں کی تشخیص کے اعمال

پہنے ہوئے کپڑے کے ذریعے تشخیص کرنا

☆......مریض کا ایک رات کا پہنا ہوا اوپری حصہ (بنیان، قمیض یا شمیز) کا کپڑا لیں اور اس پر بالشت سے نشان لگائیں۔ پھر اس پر سات بار چہل کاف پڑھ کر دم کریں اور پھر ناپیں۔ اگر کپڑا بڑھ جائے تو اثر جنات کا ہے۔ کم ہو جائے تو جادو کا ہے۔ کچھ تبدیلی نہ ہو تو مرض جسمانی ہے۔ جو نتیجہ نکلے اس کو نوٹ کر لیں۔ پھر دوبارہ کپڑے پر دم کریں۔ مذکورہ اصول پر دوبارہ نتیجہ دیکھ لیں۔ اسی کے مطابق علاج کریں۔

کھلا کر تشخیص کرنا

☆......مرض کے متعلق معلوم کرنا مقصود ہو کہ روحانی ہے یا جسمانی تو نیم کے چار عدد پتے لے کر ہر ایک پتے پر یہ آیت ۳-۳ بار پڑھ کر دم کریں اور مریض کو کھلا دیں۔ آیت یہ ہے: لا یجلیھا لوقتھا الا ھو۔

- اگر ذائقہ کڑوا ہے تو مرض بدنی ہے۔
- اگر ذائقہ نمکین ہے تو علامت سحر یا جادو ہے۔
- اگر ذائقہ میٹھا ہے تو اثر آسیب ہے۔

☆......الم۔ المص۔ المر

تین بار چینی پر دم کر کے مریض کو کھلائیں۔

- اگر کڑوا ہو تو سحر ہے۔
- اگر زیادہ میٹھا ہو جائے تو سایہ ہے۔

نقش کے ذریعے تشخیص کرنا

آسیب وسحر و مرض کو معلوم کرنے کے لئے باوضو یہ نقش لکھے۔ اور یہ اسماء سات مرتبہ پڑھ کر تعویز پر دم کر کے مریض کے ہاتھ پر رکھ دے۔ اور یہی اسماء سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر پھونک دے۔ اگر سحر (جادو) ہو گا تو سر اور کان (گوش) بھاری ہوں گے۔ اگر آسیب ہے تو مریض کا ہاتھ کانپے گا۔ اگر بدنی مرض ہے تو کچھ اثر نہ ہو گا اور مریض حسب حال رہے گا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

٣٢٤	٣٢٧	٣٣٠	٣١٧
٣٢٩	٣١٨	٣٢٣	٣٢٨
٣١٩	٣٣٢	٣٢٥	٣٢٢
٣٢٦	٣٢١	٣٢٠	٣٣١

اسماء یہ ہیں:

مَلْخَشْفًا مَلْخَشْفًا مَلْخَشْفًا مَلْحِتُهَا لَنَا تِنَا اَنَمْ عَلَقْ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاؤد عَلَيْهِ السَّلَام حاضر آ بند بند شوند

دھاگہ ناپ کر تشخیص کرنا

☆......مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا (دھاگہ) ناپیں۔ پھر دھاگے پر سات مرتبہ سورۃ المزمل (پ۲۹)، اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں اور دوبارہ اس ڈورے کو ناپیں۔

- اگر کم ہو جائے تو سحر کا اثر ہے۔
- اگر بڑھ جائے تو جنات کا اثر ہے۔
- اگر دھاگہ قد کے برابر رہے تو مرض جسمانی ہے۔

☆......مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک نیلا ڈورا (دھاگہ) ناپ کر سات مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر پھونکیں۔

- سحر و آسیب ہونے کی صورت میں دھاگہ بڑھ جائے گا۔
- جسمانی بیماری ہونے کی صورت میں دھاگہ چھوٹا ہو جائے گا۔

عزیمت یہ ہے: "اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا شَنْشَارَنْ اَخْبِرْنِيْ بِالْاَسْرَارِ

الْجَلِیُّ وَ الْخَفِیُّ بِحَقِّ رُؤْیَایِ یُوْسُفَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ بِحُرْمَتِ لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا ھُوَ"

وار کر جلا کر تشخیص کرنا

☆...... یہ عمل حضرت شیخ محمد محدث تھانوی نور اللہ مرقدہٗ کا ہے۔ حضرت رحمہ اللہ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نور اللہ مرقدہٗ کے ہم عصر تھے۔

ایک کورہ سکورہ لے کر اس پر اس نقش کو لکھے اور سات مرتبہ مریض پر سے اتارے۔ پھر آگ میں ڈالے اور آگ کو خوب روشن کرے۔

اگر حروف سفید ہو جائیں تو مریض پر سحر ہے۔

اگر سرخ پڑ جائیں تو چڑیل کا اثر ہے۔

اگر حروف غائب ہو جائیں تو آسیب پری ہے۔

اگر حرف سیاہ رہیں تو مرض بدنی ہے۔

نقش معظم یہ ہے:

۵۱۸۳۱۱ ع ۹ ح ۳ ع ۳۳۴۱۱۲

☆......اس نقش کو لکھ کر مریض پر سے وار کر آگ میں ڈال دے۔ نقش یہ ہے:

للوط عوط
عوط للوط

- اگر حروف کا رنگ سفید ہوں تو سحر ہے۔
- اگر حروف غائب ہوں تو زبردست جن کا اثر ہے۔
- اگر حروف سرخ ہوں تو آسیب ہے۔
- اگر حروف سیاہ رہیں تو جسمانی بیماری ہے۔

بازو ناپ کر تشخیص کرنا

مریض کے داہنے بازو پر مریض کی بائیں بالشت رکھوا کر نشان لگائیں۔ پھر سات مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح تین بار دم کریں۔

- اگر نشان بڑھ جائے تو جنات کا اثر ہے۔
- اگر کم ہو جائے تو جادو کا اثر ہے۔
- اگر برابر رہے تو مرض جسمانی ہے۔

عامل اپنی بالشت بھی مریض کے بازو پر رکھ کر تشخیص کر سکتا ہے۔

مریض پر دم کر کے تشخیص کرنا

مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر اس پر مندرجہ ذیل قرآنی دم کریں:

درود شریف...........ایک بار

سورۃ الفاتحہ...........سات بار (بوصل میم بسم اللہ)

درود شریف...........ایک بار

- اگر مریض کے بدن پر بوجھ محسوس ہو یا مریض جھوم اٹھے تو آسیب کا اثر ہے۔
- اگر مریض کا جسم ہلکا محسوس ہو تو اثر جادو کا ہے۔
- اگر ان دونوں علامتوں میں سے کوئی بھی ظاہر نہ ہو تو جسمانی مرض ہے۔

دور کے مریض کی تشخیص کرنا

اس سلسلے میں بہت سے عاملین سوال کرتے ہیں۔ ہمارے ہاں تو کوشش یہی کی جاتی ہے کہ کپڑا منگوایا جائے۔ دور کے مریض کے داہنے ہاتھ میں ایک کپڑے کی پٹی بندھواتے ہیں۔ پھر مریض رات کو سو کر صبح وہ پٹی اتار کر بھیجتا ہے۔ اس طرح تھوڑے سے وزن میں بذریعہ ڈاک مکمل گھر کے کپڑے آجاتے ہیں۔ پھر کپڑے کی تشخیص کے طریقے پر تشخیص کرتے ہیں۔ اگر کوئی کپڑا نہ بھجوا سکے تو حالات کے مطابق علاج دے دیتے ہیں۔

دور سے مریض کی تشخیص کرنے کے دو ہی طریقے معتبر ہیں۔ ایک طریقہ کشف کا ہے۔ اور دوسرا جنات کے ذریعے۔ چاہے جنات حاضرات کے ہوں، باطنی رابطے والے ہوں یا پھر ظاہری حاضری والے۔ عملیات میں یہ دو ہی طریقے ہیں۔

کشف والا معاملہ اب بہت مشکل ہے۔ البتہ جنات سے بات چیت کے لئے ہمارے ہاں عمل سکھایا جاتا ہے جس سے عامل اپنے جنات سے بات کر سکتا ہے اور دور کے مریض کی تشخیص بھی کر سکتا ہے۔ اس کو سیکھنے کے لئے رابطہ فرمائیں۔

جادو کے متاثرہ مریضوں کے علاج کے لئے مجرب اعمال

جادو کا علاج کرتے وقت کئی قسموں کے مریضوں سے واسطہ پڑتا ہے۔ ایک تو وہ جن پر عام جادو ہوتا ہے۔ اور دوسری جن پر خاص مقصد کے لئے عمل ہوتا ہے۔ پھر جادو بھی کئی قسم کے ہوتے ہیں۔ ان سب قسموں میں سب سے خطرناک قسم جناتی جادو کی ہوتی ہے۔ یعنی مریض پر جنات عمل کرتے ہیں۔ اس قسم کا علاج عموماً وہی عامل کر سکتے ہیں جو کہ روحانی لحاظ سے بہت مضبوط ہوتے ہیں اور ان کے پاس بڑے روحانی ہتھیار بھی ہوتے ہیں۔ عام عامل اگر ایسے کیس میں ہاتھ ڈالے تو جنات بہت جلد اس عامل کا عمل ختم کر کے اس کو سخت مریض بنا دیتے ہیں۔

اب یہ کیسے پتہ لگے گا کہ کون سا کیس سخت ہے اور کون سا نہیں۔ اس کا جواب عام عاملین کے لئے یہ ہے کہ وہ استخارہ کر لیا کریں۔ جلدی کے استخارے بھی ہوتے ہیں۔ باقی ماہر عامل جانتا ہے کہ اس نے کیسے پتہ کرنا ہے کہ کون سا کیس کیسا ہے۔

درج ذیل میں جادو کی عام قسم کا علاج دیا جا رہا ہے، جس سے عوام و خواص ...... دونوں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس مضمون کے بعد جادو کی خاص قسموں کا علاج بھی دیا جائے گا۔

قرآنی عملیات

۱ ...... سوا پاؤ کچی گھانی کے سرسوں کا تیل کسی تانبے کے برتن میں ڈال کر چودہ (۱۴) دفعہ آیت قطب پڑھ کر تیل پر اس طرح دم کرے کہ ہر بار پڑھے اور زور کے ساتھ تیل پر پھونکے۔ پھر دم کیا ہوا تیل آسیب زدہ یا جادو کئے ہوئے کے سارے بدن پر اس طرح ملے کہ بال برابر بھی خالی نہ چھوٹے۔ اس بات کی بھی احتیاط رہے کہ پڑھے ہوئے تیل کی ایک بوند تک زمین پر نہ گرنے پائے۔ اور نہ اس میں کسی اور کا ہاتھ پڑنے پائے۔ اور بدن پر جو پہلے روز مالش کرے، وہی روز مرہ کرتا رہے۔ نیز جو وقت اول دن مقرر کرے، اس سے منٹ بھر کا فرق نہ کرے۔ اللہ نے چاہا تو بھوت پریت جادو سب رفع ہو جائے گا۔ آیت قطب یہ ہے:

ثم انزل علیکم من ...... بذات الصدور (آل عمران: ۱۵۴)

۲ ...... اگر معوذتین کا نقش آسیب زدہ کے گلے میں یا بازو میں باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۶۸۲	۳۶۹۵	۳۶۹۲	۳۶۸۹
۳۶۹۳	۳۶۸۸	۳۶۸۳	۳۶۹۴
۳۶۸۷	۳۶۹۰	۳۶۹۷	۳۶۸۴
۳۶۹۶	۳۶۸۵	۳۶۸۶	۳۶۹۱

بحق ایں نقش ہر قسم آسیب و نظر بد و ہر مرض در وجود ایں را دفع شود دفع شود

۳ ...... پانی پر یہ قرآنی دم کریں:

درود ابراھیمی، آیت الکرسی، چاروں قل، درود ابراھیمی ...... یہ سب پڑھ کر ایک بار ہوا۔ اس طرح اکیس (۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے صبح و شام پلائیں۔ اور گیارہ (۱۱) روز اس علاج کو جاری رکھیں۔ دم صرف ایک بار کرنا ہے۔ گیارہ دن کا ایک کورس ہوگا۔ اس طرح کے تین کورس کروائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

۴ ...... گیارہ (۱۱) مرتبہ سورۃ المزمل (پ ۲۹) پانی پر دم کر کے صبح نہار منہ چالیس (۴۰) دن پلائیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ اگر دور کا مریض ہو تو ایک ہی بار دم کر کے دے دیں اور اگر قریب کا ہو تو بہتر ہے کہ ہر دس دن بعد دم کریں۔ اول و آخر درود ابراھیمی گیارہ بار پڑھیں۔ نہار منہ کے علاوہ دن میں کم از کم تین سے پانچ بار ضرور پلانا ہے اور رات کو سوتے

وقت بستر پر بھی چھڑکوانا ہے۔

۵۔ مندرجہ ذیل آیات مبارکہ سات کاغذ کے ٹکڑوں پر مع بسم اللہ زعفران اور گلاب سے تحریر کر کے مسحور کو دی جائیں تاکہ وہ روزانہ ایک تعویز پانی میں گھول کر نہار منہ پی لیا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سحر کے بداثرات کلی طور پر ختم ہو جائیں گے۔ رات کو پانی میں ڈال کر رکھ دیں۔ صبح نہار منہ مریض پیے۔ پھر دن بھر مریض پیتا رہے۔ کھانے میں تھوڑا پانی ملا کر دیں۔ چائے، دودھ وغیرہ میں پانی ملا کر دیں۔ دن میں کم از کم تین سے پانچ بار ضرور پلانا ہے۔ نیز رات کو سوتے وقت مریض اپنے بستر پر بھی چھڑکے۔ آیات یہ ہیں:

قال موسیٰ............ کرہ المجرمون (یونس:۸۱-۸۲)

فوقع الحق وبطل............ وھرون (اعراف:۱۱۸-۱۲۲)

انما صنعوا کید............ حیث اتی (طٰہٰ:۶۹)

۶......زیادہ مقدار میں کھانے کا آئیوڈین ملا نمک لے کر اس پر مندرجہ ذیل آیت ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں۔ جب مریض آئے تو حسب ضرورت نمک اس کو دیں۔ اور مریض چالیس (۴۰) یوم تک متواتر کھانے پینے کی چیزوں میں روزانہ معمولی سا دم شدہ نمک ملا کر کھائے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ جادو سے نجات ملے گی۔ آیت یہ ہے:

واذقتلتم نفسا...... لعلکم تعقلون (البقرۃ:۷۲-۷۳)

دوران علاج مریض حتی الامکان بازار کا کھانا نہ کھائے۔ فروٹ وغیرہ کھا سکتا ہے مگر کوئی ایسا کھانا نہیں جس میں نمک ڈلتا ہو۔ اسی طرح کسی رشتہ دار یا دوست احباب کے ہاں بھی نمک والا کھانا نہیں کھانا۔ یہ ایک خاص رمز ہے۔ جو لوگ کم اثر ہونے کی شکایت کرتے ہیں، وہ نمک کا مکمل پرہیز کروائیں۔

۷......مسحور کے سر سے لیکر پاؤں کے انگوٹھے تک نیلے سوتی دھاگے کے گیارہ تار ناپ کر ان گیارہ تاروں کی چار تہیں کر لیں۔ اب دھاگے کے سرے پر ایک ڈھیلی گرہ لگائیں اور ایک بار سورۃ الفلق (پ ۳۰) پوری تسمیہ پڑھ کر گرہ پر پھونک دیں اور فوراً کس دیں۔ اسی طرح گیارہ گرہ لگائیں۔ پھر دہکتے ہوئے کوئلوں پر ڈال دیں۔ دھاگہ جلنے پر اس میں سے بدبو آئے گی۔ جب تک بدبو آتی رہے، یہ عمل کرتے رہیں۔ روزانہ ایک بار کرنا ہے۔ آہستہ آہستہ بدبو روزانہ کم ہوگی۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ سحر ختم ہو رہا ہے۔

۸......یہ عمل بعد از مغرب کم از کم سات یا گیارہ دن کیا جائے۔

(i) الٰہی جو کچھ کسی نے ہم پر کر رکھا ہے وہ باہر گلی میں گر جائے یہ کہہ کر سورۃ کوثر گیارہ بار پڑھیں۔

(ii) الٰہی جو کچھ باہر گلی میں گرا ہے وہ جل جائے یہ کہہ کر سورۃ فلق گیارہ بار پڑھیں۔

(iii) الٰہی جو کچھ باہر گر کر جلا ہے اس کی راکھ کسی دریا میں چلی جائے یہ کہہ کر سورۃ الناس گیارہ بار پڑھیں۔

نماز پنجگانہ کی پابندی شرط اول ہے۔ جتنے دن یہ عمل کیا جائے اتنے ہی دن عمل نمبر ۲ پڑھا جائے۔ عمل نمبر ۲ یہ ہے:

سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 35 قلنایاآدم اسکن...... الخ اول و آخر درود شریف تین تین بار صبح و شام پڑھیں۔

۹......

اول — درود شریف ۱۱ مرتبہ

دوم — ہمراہ بسم اللہ سورۃ السباء

سوم — ہمراہ بسم اللہ سورہ الفاطر

چہارم — ہمراہ بسم اللہ یٰسین (بس "یس" پڑھنا ہے)

پنجم — گیارہ مرتبہ درود شریف

ششم — الٰہی بحق یٰسین وآل یٰسین میری حاجت پوری فرما

ہفتم — اسم الٰہی القدوس کا ورد (کھلا ورد کریں)

اس عمل کے لیے وقت کی قید نہیں۔ دن رات میں روزانہ ایک مرتبہ ۱۱ دن تک کریں۔ اگر کچھ کسر باقی رہے تو 21 دن تک کریں۔

(قرآنی یا نورانی اعمال کے وقت یہ دھیان ضرور رکھا جائے کہ جس کو علاج دیا جارہا ہے، اس کا ماحول کیسا ہے۔ ایسا تو نہیں کہ ہر وقت گانے بجانے اور غلط کاموں میں گھرا ہوا ہے۔ پھر علاج کا زیادہ فائدہ نہ ہوگا۔ ع)

بہتر گھر سب سے بہتر گھر وہ ہے جس میں یتیم ہو اور اس سے بہتر سلوک کیا جائے

اسماء الحسنیٰ کے عملیات

۱۔ ''یَامُمِیْتُ'' جس شخص کو جادو کا خوف ہو، سات مرتبہ اس نام کو پڑھ کر اپنے آپ کو دم کیا کرے۔ جادو کسی قسم کا بھی ہو، انشاءاللہ تعالیٰ اس کے پاس آ کر مر جائے گا۔ ہر نماز کے بعد یہ عمل کرنا ہے۔ اول و آخر ایک ایک بار درود شریف پڑھیں۔

۲۔......تین نقوش تحریر کریں۔ ایک نقش پانی میں گھول کر مسحور کو غسل کرا دیں۔ دوسرا عرقِ گلاب کی بوتل میں ڈال دیں تاکہ مریض صبح و شام اس سے عرق پیتا رہے۔ تیسرا گلے میں ڈالے۔ غسل کے لئے ضروری ہے کہ مریض ایسی جگہ غسل کرے کہ غسل کا پانی ناپاک جگہ نہ جائے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ سحر و جادو کے تمام اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۱۸	۲۳۲	۲۲۸	۲۲۵
۲۲۹	۲۲۴	۲۱۹	۲۳۱
۲۲۳	۲۲۶	۲۳۴	۲۲۰
۲۳۳	۲۲۱	۲۲۲	۲۲۷

یا قابض اقبض جمیع اثرات سحر جادو. آسیب نظر بد بحق یا قابض العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا

نقش کے ذریعے علاج

۱......مندرجہ ذیل نقش باوضو عرق گلاب و زعفران سے بیالیس (۴۲) عدد لکھیں۔ ایک کو موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری میں باندھ کر گلے میں ڈالیں۔ یا مرد کے دائیں بازو پر اور عورت ہے تو بائیں بازو پر بندھوائیں۔ اکتالیس (۴۱) تعویزوں کو روزانہ ایک تعویز باوضو پانی میں گھول کر مریض کو پلائے۔ یہ عمل اکتالیس (۴۱) دن جاری رکھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مریض سے سحر، جادو، آسیب، جن، بھوت وغیرہ دور ہو جائیں گے۔ اور مریض صحت مند ہو جائے گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

۱۹۱۶	۱۹۲۹	۱۹۲۶	۱۹۲۳
۱۹۲۷	۱۹۲۲	۱۹۱۷	۱۹۲۸
۱۹۲۱	۱۹۲۴	۱۹۳۱	۱۹۱۸
۱۹۳۰	۱۹۱۹	۱۹۲۰	۱۹۲۵

۲۔ اس نقش کو مریض اپنے جسم پر صبح و شام ملتا رہے۔ صبح شام کو ملنے کے بعد جلا دیا جائے۔ اس کے جلنے سے جادو اور سایہ جل جائے گا۔ انشاءاللہ اس کا ایک خاص طریقہ یہ بھی ہے کہ نقش کو جلانے کے بعد اس کی راکھ کو تیل میں ڈالتے جائیں۔ اور رات کو سونے سے قبل اس تیل کی مالش کریں۔ خصوصاً اس حصے میں جہاں تکلیف زیادہ ہے۔

۲۱

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

۱۶- ۱۳- ۲۱- ۱۲- ۲۸- ۴- ۷

شیاطین کے ناموں کے عملیات

اس تعویز کو مریض اپنے پورے جسم پر پھیر کر آگ لگا دے۔ صبح و شام کا ایک تعویز جلایا کرے۔ ان شاءاللہ سات یوم یا گیارہ یوم میں اثرات زائل ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے:

فرعون	قارون	ھامان	سعیان
نمرود	بے ایمان	ابلیس	بیداد
خدسو	بیداد	ھامان	لمیس الیمین
ترملین	ترابلیس	قارون	ترابلیس

علوی عملیات

علوی عملیات سے یہاں مراد ایسے غیر قرآنی اعمال ہیں جو کہ شرعاً جائز ہوں۔ علوی عملیات میں جنات تعاون کرتے ہیں۔ وہ جنات مسلمان بھی ہو سکتے ہیں، غیر مسلم بھی۔ سنی بھی ہو سکتے ہیں اور شیعہ بھی۔ مختصر یہ کہ جس طرح انسانوں میں مختلف مذاہب اور مسالک ہیں، اسی طرح جنات میں بھی ہوتے ہیں۔ نیز اس عقیدے کی بھی اصلاح کر لیں کہ غیر مسلم جن سے کام لینا حرام نہیں جیسے انسان کا غیر مسلم آدمی سے مدد لینا حرام نہیں۔

۱۔۔۔۔جادو علوی ہو یا سفلی، اس عزیمت کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور کنوئیں کے پانی پر اکیس (21) مرتبہ اس عزیمت کو پڑھ کر دم کر دیں۔ پھر اسی پانی کو اکیس (21) روز تک مریض کو صبح وشام پلاتے رہیں اور اس عزیمت کو اکیس (21) مرتبہ سرسوں کے تیل پر دم کر کے رات کو مریض کے پورے بدن کی مالش کرتے رہیں۔ انشاء اللہ مریض کو شفاء ہو گی۔ عزیمت یہ ہے:

''موسیٰ وہارون کی لاٹھی، ٹوٹکا کرنے والے کی ٹوٹے پائی، ساحر پڑے موت کی کھائی، کعبہ کی نظر، بیکار ہوا جادو کا اثر، بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرْ، لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ'' (اجازت شرط ہے)

۲۔۔۔۔بارش کا پانی، آبِ زم زم، دریا کا پانی، چار مساجد کا پانی، کسی ولی کی درگاہ کا پانی۔

ان سب پانیوں کو ملا کر رکھیں۔ پھر ان پر مندرجہ ذیل عمل اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور دم کریں۔ اس طرح تین مرتبہ کریں۔ اور اکتالیس روپے کی چیز دریا میں عامل کے نام کی پھینک دیں۔ جتنی بار عمل کریں، اتنی مرتبہ چیز پھینکیں۔ انشاء اللہ ہر جادو، ٹونہ، آسیب چیخیں مارتا بھاگ جائے گا۔

عمل یہ ہے: اللہ ربی کل نور میں اکیلا منزل دور
چودہ طبق تیرا نور میری بیڑی تیرا پور
نام نبی دے بنے لادے

۳۔۔۔۔مریض مسحور کو کچی زمین پر کھڑا کر کے کسی درخت کی سبز شاخ لے کر عمل سات مرتبہ پڑھ کر مسحور کے سر سے پاؤں کی طرف شاخ سے جھاڑ کر پاؤں پر شاخ کو ماریں۔ تین مرتبہ ایسا کریں۔ پھر شاخ اور مریض کے پاؤں کی مٹی جلتی آگ میں ڈال دیں۔ کم از کم تین روز اور زیادہ سے زیادہ سات یوم کے عمل سے برسوں کا پرانا مسحور اللہ تعالیٰ کے حکم شفایاب ہو جائے گا۔ یہی عمل مریض کو پانی پر دم کر کے دیں تا کہ وہ روزانہ پیتا رہے۔ اگر خود مریض بھی روزانہ اس عمل کو تین تین مرتبہ صبح وشام پڑھے تو بہت بہتر ہے۔

یہ ایک ایسا عمل ہے جو فوری طور پر اپنا اثر دکھاتا ہے۔ عمل یہ ہے:

آیت الکرسی دِل قرآن۔ آپ چلیے تو رحمن۔ ہلکے ہلکے سات آسمان۔ ساتوں کے لئے ایک دربان۔ پاؤں رکھے جبرئیل علیہ السلام۔ دھڑ رکھے رحمن۔ کمر رکھے محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔ ہاتھ رکھے علی کرم اللہ وجہہ۔ سر رکھے سُبحان۔ وجود موجود بارگاہِ رسول۔ چلہ کرے۔ چھلاوے کرے۔ بھیرا کرے۔ بھیرا پھڑے۔ بھیرا پھڑائے۔ جادو ٹونہ۔ کالا جادو۔ طلسم سحر آسیب۔ جن خبیث دیو پری نظر بد۔ اثر بد تعویذ دھاگہ ٹونہ ٹوٹکہ سب کا سب رد ہو جائے۔ جو، جو کرے۔ سو، سو مرے۔ اُسی کا اُسی کو الٹ پلٹ پڑے۔ سب ملے حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ملے۔ بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ بحق علیؑ ولی اللہ وصی الرسول اللہ بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام۔

تنتر۔۔۔۔ٹوٹکے

تنتر سے مراد ٹوٹکے ہوتے ہیں۔ یعنی اشیاء سے علاج کرنا۔ اس میں کوئی پڑھنا یا لکھنا وغیرہ نہیں ہوتا۔

۱۔۔۔۔جس گھر میں اکثر سحر جادو کا اثر رہتا ہو اُن کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے گھر میں قمریاں، فاختہ اور کبوتر سفید پالنا شروع کر دیں۔ کاملین کا بیان ہے کہ وہ گھر سحر جادو کے اثرات سے محفوظ رہے گا۔ کیونکہ یہ پرندے ہر وقت اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتے ہیں اور اکثر دیکھا گیا ہے کہ جب جادو کے حملے شدید ہوتے ہیں تو ان پرندوں پر اثر ہوتا ہے اور اہلِ خانہ محفوظ رہتے ہیں۔ عاملین وکاملین کے نزدیک مسحور کو ہُدہُد کے گوشت کی دھونی دینے سے بھی سحر کا اثر ختم ہوتا ہے۔

سحر جادو کے علاج کے بڑے اعمال...... ھانڈی والے اعمال

ابو نافع

(۱) ایک مٹی کی کوری ہانڈی لے کر اس میں سوا پاؤ ثابت کالی ماش ڈال کر ہفتہ یا منگل کو صرف سات بار خاص کلام پڑھ کر دم کریں۔ ایسا تین بار کریں۔ پھر ڈھکنا بند کر کے آٹے سے ہر طرف سے منہ بند کر دیں۔ ذرا بھی سوراخ نہ رہے۔ اب مریض کو چارپائی پر لٹا دیں۔ اور ہانڈی کو مریض کے اوپر سے سات چکر دیں۔ ہانڈی کا مریض کے جسم سے لگنا ضروری ہے۔ اگر عورت ہو تو اس پر سفید چادر ڈال دیں۔ پھر ہانڈی واریں۔ ہر چکر پر ایک بار خاص کلام پڑھ کر ہانڈی پر دم کریں۔ سات چکروں کے بعد ہانڈی کو چولہے پر فوراً رکھ دیں اور نیچے تیز آگ جلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چوبیس گھنٹہ کے اندر اندر ہانڈی سے بدبو نکلے گی اور بہت غلیظ مواد نکلے گا۔ پس جب بدبودار غلیظ مواد نکلنا بند ہو جائے تب ہانڈی کو کسی نہر یا دریا میں پھینک دیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے تمام تر اثرات دور ہو جائیں گے۔ اور مریض کا جسم ہر قسم کے سحر و جادو اور آسیبی و جناتی اثرات سے پاک ہو جائے گا۔

یہ عمل ایسے لوگوں کے لئے بھی کیا جا سکتا ہے جو ایک عرصہ سے لاعلاج امراض میں مبتلا ہوں۔ ادویات اپنا اثر چھوڑ چکی ہوں۔ ڈاکٹر و حکماء علاج سے عاجز آ چکے ہوں۔ اور کسی علاج سے صحت یاب نہ ہو پاتے ہوں۔ ان کے لئے ایک بے نظیر اور سریع الاثر علاج ہے۔ یہ عمل ہفتہ یا منگل کے روز ہی کرنا ہے۔ (خاص کلام جاننے کے لئے رابطہ کریں۔ ع)

(۲) مٹی کی کوری ہنڈیا آب نارسیدہ کے درمیان عین دوپہر کو ڈھائی مٹھی سیاہ ماش مریض اپنے ہاتھ سے ڈالے اور ان پر ذیل کی عزیمت سنہرے کاغذ پر لکھ کر رکھ دے۔ ڈھکنے کو ماش کے آٹے سے بند کر دے اور ہنڈیا مریض کے سر سے پاؤں تک تین مرتبہ لائیں۔ پھر ایک شخص کسی الگ جگہ جہاں آدمیوں کی آمدورفت کم ہو، لے جا کر پتھر کا چولہا بنا کر ڈھائی کلو لکڑی نیچے جلائے تاکہ اس میں جوش آ جائے۔ جب منہ سے عرق نکلنا بند ہو تو اس ہنڈیا کو وہیں گاڑ کر وہ شخص باہر سے نہا کر گھر واپس آئے۔ مریض مسحور کو فوری آرام آنا شروع ہو جائے گا، عزیمت یہ ہے:

الحفیظ الحفیظ الحفیظ الحفیظ الحفیظ الحفیظ الحفیظ الحفیظ الحفیظ الرقیب الرقیب الرقیب الرقیب الرقیب الرقیب الرقیب اعوذ باللہ الواحد الصادق من شر کل طارق بحق ایاك نعبد و ایاك نستعین الٰہی بحرمت ایں تعویذ فلاں بن فلاں را صحت دہی۔ **یا اللہ یا اللہ یا اللہ یَا ربُ یَا ربُ یَا ربُ یَا غفور یَا غفور یَا غفور**

نوٹ: ہانڈی والے عملیات ''بڑے علاج'' میں آتے ہیں۔ جس طرح ڈاکٹری میں آپریشن بڑا علاج ہوتا ہے، اسی طرح عملیات میں بھی بڑے علاج ہوتے ہیں۔ اور ایسے تمام عملیات بغیر ھدیہ نہیں کرنے چاہئیں۔ ورنہ رجعت کا خطرہ رہے گا۔ اس بات کا تجربہ کئی عاملین کو ہو چکا ہے۔ کئی عاملین یہ غلطی بھی کرتے ہیں کہ جلد ہی ھانڈی کا عمل مریض پر کر دیتے ہیں۔ پھر جب علاج مکمل نہیں ہوتا تو مریض کسی اور جگہ چلا جاتا ہے۔ مگر مریض کے ساتھ ایک ظلم ہو جاتا ہے کہ مریض کے مخالفین کو ھانڈی میں جلایا گیا۔ اب ان کے متعلقین ہاتھ دھو کر مریض کے پیچھے پڑ جاتے ہیں اور مریض کو بہت نقصان دیتے ہیں۔ اس لئے عاملین کو چاہئے کے اگر ھانڈی کا عمل کرنا ہو تو سب سے پہلے مریض کی حفاظت کا خیال رکھیں۔ ایسا نہ ہو کہ مریض علاج کا فائدہ نہ ہونے پر کہیں اور تو چلا جائے مگر اس کے دشمن جلائے جانے کی وجہ سے اس کو شدید نقصان دیتے رہیں۔ (اجازت کے لئے رابطہ کریں۔ ع)

جادو کی خاص قسموں کا علاج

کاروباری بندش کا علاج

① کاروبار جو نہ چلتا ہو یا چلتے چلتے رک گیا ہو، نقصان ہو رہا ہو تو روزانہ بعد نماز فجر 20 مرتبہ سورۃ الکافرون اور 20 مرتبہ سورہ النصر 40 دن پڑھیں۔ انشاء اللہ کاروبار میں ترقی و وسعت آئے گی۔ غیب سے رزق مہیا ہوگا۔ صرف ایک دعا برکت رزق کی مانگیں۔

② اگر کسی کی دوکان، دفتر یا کاروبار بستہ کر دیا گیا ہو یا کسی وجہ سے کاروبار نہ چلتا ہو، لاکھ کوشش اور محنت سے بھی کاروبار میں ترقی نہیں ہوتی تو ذیل کے عمل کو استعمال میں لائیں۔ خداوند تعالیٰ کے حکم سے غیبی اسباب پیدا ہوں گے اور کاروبار میں خوب ترقی ہوگی۔ پھر لطف کی بات یہ ہے کہ جب تک نقش دوکان یا دفتر میں آویزاں رہیں گے، کسی کے سحر جادو اور نظر بد کا اثر نہیں ہوگا۔

ترکیب عمل کچھ اس طرح ہے کہ سفید کاغذ کے چوبیس الگ الگ ٹکڑوں پر ذیل کا نقش تحریر کریں۔ نقش لکھنے کا کوئی مخصوص وقت نہیں۔ عروج ماہ میں کسی بھی مبارک دن کی سعد ساعت میں تحریر کریں۔ اب سوا کلو گندم کا آٹا گوندھ کر اس کے اکیس برابر وزن کے پیڑے بنائیں۔ اور ہر پیڑے میں ایک ایک نقش بند کر کے کسی نہر یا دریا میں ڈال دیں۔ اور واپس اپنی دوکان، دفتر، کاروبار، جگہ پر آ کر وہاں لوبان کا نجور روشن کریں۔ باقی جو تین نقش ہیں۔ ان میں سے ایک کو دوکان، دفتر کے اندر بالکل سامنے اونچی جگہ پر جہاں آنے والے کی نظر پڑے، آویزاں کریں۔ باقی دو کو دائیں اور بائیں طرف کی دیواروں پر بلند جگہ آویزاں کریں۔ اب کچھ دیر بیٹھ کر وہی شعر پڑھیں، پس عمل مکمل ہوا۔ اسی شعر کو بلا تعداد چلتے پھرتے اور کاروباری جگہ پر بیٹھے پڑھا کریں۔ اس عمل سے وہ تمام لوگ جن کا واسطہ اکثر عوام الناس سے رہتا ہے۔ مثلاً ڈاکٹرز، حکمار، وکلا تاجران اور دوکاندار حضرات یکساں فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ پڑھنے والا شعر یہ ہے۔

یا ہست خضر یا مست خضر جو چلے خضر کی آن
ہند، سندھ کوٹ نگر تھیں لے آئیو میری دکان

اور نقش یہ ہے

۷۸۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظالمین ۱۱ ک ۱۱۱۱ ۹۰۰۰ ط ء ل ۹ و

③ سفید کاغذ پر عام روشنائی سے ایک بار سورۂ فاتحہ، ایک بار سورۂ الم نشرح، ایک بار آخری دونوں قل شریف اور آخر میں یہ تحریر کریں۔

بسم اللہ الکبیر اعوذ باللہ العظیم من شر کل شیطان وھامۃ وعین لامۃ ومن شر کل غرق النھار وشر النار ولا حول ولا قوۃ الا باللہ وصلی اللہ تعالٰی علٰی خیر خلقہ محمد و الہ و اصحابہ اجمعین۔

طریقہ استعمال اس کاغذ کو پانی میں بھگو دیں۔ جب سیاہی اتر جائے تو اس پانی کو صبح و شام کاروبار کی جگہ، دفتر، دوکان وغیرہ میں چھڑکاؤ کریں۔ جب پانی خشک ہو جائے تب اوپر سے گزر سکتے ہیں۔ دیواروں پر بھی چھڑک دیں۔ انشاء اللہ بندش ختم ہوگی۔ اور کاروبار خوب چلے گا۔

④ دوکان کی بندش کھولنے کیلئے۔ یہ سب نام ایک سطر میں لکھ کر کاروبار کی جگہ پر روزانہ تین بار جلائیں اور لوبان کا نجور روشن کریں۔ چھ سات روز کافی ہیں۔

ابلیس نمرود شداد لعین فرعون ابوجہل ہاروت وماروت ہامان

(کاروبار کی بندش کا علاج کرتے وقت یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ کئی بار بندش تو ختم ہو جاتی ہے، مگر رزق یا کاروبار ویسے نہیں چلتا جیسے پہلے چلتا تھا۔ اس کی وجہ ایک عرصہ سے گاہک کا رجوع نہ ہونا ہوتا ہے جو کسی اور دکان کے گاہک بن گئے ہوتے ہیں۔ اس لئے بندش ختم ہونے کے بعد ترقی رزق کا عمل بھی دیں۔ ع)

جادو کی خاص قسموں کا علاج

نکاح کی بندش کا علاج

بخت کشائی کے لئے چند چٹکلے

بخت کشائی کے یہ چٹکلے اور بندش توڑنے کے اعمال استاد محترم جناب غلام سرور شاب صاحب کے ہیں۔

۱ ...... جس لڑکی کا نکاح یا شادی نہ ہوتی ہو یا بخت باندھا گیا ہو تو ذیل کے اسماء طلسمات کو زعفران سے سفید کاغذ پر کسی سعد وقت میں لکھ کر کسی مٹی کے کوزے میں ڈال کر پانی سے بھر دیں۔ تین ہفتہ تک لڑکی اس کوزے سے پانی پیتی رہے۔ خدا نے چاہا تو بخت کشادہ ہوگا۔ اور جلد شادی یا نکاح ہوگا۔

اسمائے طلسمات یہ ہیں: سو لمالج ملحی هملوخیم

۲ ...... اس طلسم کو کسی نئے کپڑے پر دھاگہ سے کڑھائی کر کے اپنے پاس رکھے۔ مقصد برآئے طلسم یہ ہے:

همطیطلا ہنا سلمسلا بطیسلہ ہہو

برحہ مہسہ کہلہۂ بلع عجائیب

۳ ...... اگر کسی دوشیزہ کا بخت بستہ ہو تو ذیل کی عبارت کو کسی سعد وقت میں سفید کاغذ پر زعفران سے تحریر کر کے کسی کنویں میں یا دریا میں ڈال دیں۔ روزانہ ایسے گیارہ تعویز تیار کر کے آٹے میں گولیاں بنا کر ڈالیں۔ صرف گیارہ روز تک ایسا کریں۔ خدا نے چاہا تو بخت کشادہ ہوگا اور شادی یا نکاح ک پیغامات آئیں گے اور کسی صالح مرد سے ضرور شادی ہوگی۔ وہ عبارت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - من یحی العظام وہی رمیم رب العرش العظیم- من کان لکم افتح بخت (نام لڑکی مع والدہ تحریر کریں) و آور با زوجاً صالحاً ابداً

۴ ...... ہمہ قسم کی بندش نکاح ختم کرنے کے لئے سورۂ فتح لکھ کر غسل کرنے اور پینے کے لئے دیں۔

۵ ...... اگر کوئی عورت اپنے خاوند سے نفرت کرتی ہو یا کسی نوجوان دوشیزہ کا نکاح نہ ہو رہا ہو اور شادی میں رکاوٹ ہو، سب کے لئے یہ عمل قوی الاثر ہے۔ سفید کاغذ پر تحریر کر کے اسے کندر کا بخور دیں اور لڑکی اسے اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ مقصد پورا ہوگا، عمل یہ ہے:

نهش۔ کہل۔ ماوش۔ بارش۔ سدرش۔ ہوش۔ نوش۔ نواش۔ فہواش۔ اِنْحَلَّتْ عُقْدَةُ فلاں بنت فلاں وَرَغَّبَ فِيْ خِطْبَتِهَا كُلُّ مَنْ رَاٰهَا بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ الْعَظِيْمَةِ وَ بِاَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ الوحا العجل الساعة

۶ ...... بدھ کے دن نمازِ ظہر کے بعد مندرجہ ذیل عزیمت کسی کاغذ پر تحریر کریں تاکہ لڑکی اِسے اپنے پاس رکھے۔ بہت جلد مقصد پورا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا حَيُّ يَا حَيُّ يَا حَيُّ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ اَسْاَلُكَ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَالنَّبِيِّ الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ عِيْسٰى وَمُوْسٰى وَاِبْرَاهِيْمَ الْخَلِيْلِ تَجْلِبُوْا فُلَانَ بِنْ فُلَانٍ اِلٰى مُحَبَّةِ فُلَانٍ بِنْتِ فُلَانٍ وَ تَجْلِبُوْا اَيُّهَا اَوْلَادَ اٰدَمَ لِلْخُطُوْبَةِ وَالزَّوَاجِ فِي الْحَلَالِ بِحَقِّ وَ اَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَ اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ يَا عَلَّامَ الْغُيُوْبِ يَا مُحَلِّبَ الْقُلُوْبِ لِلْقُلُوْبِ اَنْ تَجْلِبَ اَوْلَادَ اٰدَمَ اِلٰى حَامِلَةِ حِجَابِيْ هٰذَا بِهَا يَظْهَرُ الْحُبُّ فِيْ قُلُوْبِ وَ اَعْيُنِ النَّاسِ بِحَقِّ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ الْفَرْدِ الصَّمَدِ وَبِحَقِّ مَنْ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

جادو کی خاص قسموں کا علاج

جدائی والے جادو (سحر التفریق) کا علاج

اس قسم میں دو فریقین کے درمیان جدائی کروائی جاتی ہے۔ عموماً یہ عمل شوہر اور بیوی کے درمیان جدائی کے لئے کیا جاتا ہے۔

① یہ عمل اپنی مثال آپ ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ کسی کھانے پینے والی چیز پر دم کیا جائے۔ یا کسی عطر پر دم کر کے لباس کو معطر کریں یا تحریر کر کے فریقین میں سے کوئی ایک اپنے پاس رکھے یا تحریر کر کے شربت میں گھول کر پلایا جائے۔ عمل کو بہتر (۷۲) مرتبہ پڑھا جائے۔ لکھنے کی صورت میں صرف ایک مرتبہ لکھیں۔ پڑھتے اور لکھتے وقت لوبان اور جاوی کا بخور روشن کریں۔ عمل یہ ہے:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ خَطَفْتُ قَلْبَ فلاں بنت فلاں اِلٰی فلاں بن فلاں بِالسِّحْرِ وَالزَّلْزَلَةِ وَمَيْلِهَا وَسَجِهَا وَوَضَعْتُ فِيْهَا مُحَبَّةَ فلاں بن فلاں حَتّٰى لَا تَنْفِلُ وَ لَا تَنَامُ عَنْ مُحَبَّةِ فلاں بن فلاں دَرَجَةً وَّاحِدَةً اِلَّا قَلْقَانَةً وَلْهَانَةً حَيْرَانَةً بِالنَّارِ وَالنَّيْرَانِ وَالْوَهِيْجِ وَالْغِلْيَانِ مَرَجَ الْبَحْرَانِ يَلْتَقِيَانِ بشماشم. شماشم. شميم. شموم . طموم. عموم. هلجوم . ابروم. حبروم. قيوم. ديوم. سُبْحَانَ مَنْ بِذِكْرِهٖ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ وَ يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَ مَا تُخْفِي الصُّدُوْرِ وَ اَصْحَابُ الشِّمَالِ مَاۤ اَصْحَابُ الشِّمَالِ فِيْ سَمُوْمٍ وَّ حَمِيْمٍ وَظِلٍّ مِنْ يَحْمُوْمٍ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ حَتّٰى تَاْتِيَ فلاں بنت فلاں اِلٰی فلاں بن فلاں فَرْحَانَةً مَسْرُوْرَةً ضَاحِكَةً مُسْتَبْشِرَةً اَجِبْ وَ تَوَكَّلْ يَا وَسْوَاسُ وَيَا خَنَّاسُ وَالْبِسْ فلاں بنت فلاں مِنَ الْقَدَمِ الرَّأْسِ وَحَرِّكْ وَ قَلْبَهَا بِالْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ لَا تَنْفَكُ مُحَبَّةُ فلاں بن فلاں مِنْ قَلْبِ فلاں بنت فلاں حَتّٰى يَنْجَرَّ لَهَا بِالنَّاسِ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ

② ایک سفید کاغذ پر زعفران و عرق گلاب سے یہ نقش تحریر کریں اور اس کے نیچے یہ آیت بھی تحریر کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ب	ط	د
ز	ھ	ج
و	ا	ح

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ

آیت مبارکہ سات مرتبہ تحریر کریں اور پھر میاں بیوی کو روزانہ پلایا جائے۔ سات روز تک مسلسل پلائیں۔ ان شاء اللہ سحر التفریق کا اثر ختم ہوجائے گا۔

③ سحر التفریق کے متاثرہ افراد کے لیے ضروری ہے کہ وہ مسلسل چالیس روز تک روزانہ نمازِ فجر کے بعد یہ کلمہ کم از کم ایک تسبیح پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ سحر کا اثر ختم ہوجائے گا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اور نمازِ مغرب کے بعد ایک تسبیح چالیس روز تک یہ پڑھیں۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اور سونے سے قبل روزانہ ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں۔

جادو کی خاص قسموں کا علاج

بیمار کرنے والے جادو (سحر الامراض) کا علاج

❶ سلام قولا من رب رحیم۔ اگر سات مسجدوں کے پانی پر دو سو مرتبہ دم کر کے اس شخص کو دیا جائے جس پر کسی نے سحر کر رکھا ہو اور اس پانی کو مریض سات روز تک لگاتار پئے، اس طرح ۷ ہفتوں تک ۷ بوتلیں سحر زدہ کو پلائی جائیں تو سحر سے نجات مل جاتی ہے، سحر زدہ کے گلے میں مندرجہ ذیل تعویذ کالے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈالیں۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۰۴	۲۰۷	۲۱۰	۱۹۷
۲۰۹	۱۹۸	۲۰۳	۲۰۸
۱۹۹	۲۱۲	۲۰۵	۲۰۲
۲۰۶	۲۰۱	۲۰۰	۲۱۱

❷ اگر کسی پر سحر جادو کر دیا گیا ہو جس کی وجہ سے وہ مختلف امراض اور پریشانیوں میں مبتلا ہو تو کسی چینی کی صاف پلیٹ یا شیشے کی پلیٹ پر یہ آیت مبارکہ زرد رنگ یا زعفران سے تحریر کریں۔ خشک ہونے پر قدرے شہد خالص ڈال دیں تا کہ تمام حروف دھل جائیں اور یہ شہد مسحور کو صبح و شام چٹا دیں۔ اگر مرض کی شدت ہو تو چند دن استعمال کریں ورنہ صرف ایک بار ہی کافی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر جادو کا تمام اثر زائل ہو جائے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

ومن یخرج من بیتہ مہاجرا الی اللہ ورسولہ ثم یدرکہ الموت فقد وقع اجرہ علی اللہ ط وکان اللہ غفورا رحیما (النساء آیت ۱۰۰)

❸ سحر المرض کے مریض کے لئے یہ نقش تحریر کریں اور مریض مسحور کے گلے میں ڈال دیں اور ایسا ہی ایک نقش زعفران و گلاب کی روشنائی سے تحریر کر کے مریض کو پینے کے لئے دیں۔ ایک تعویز عرقِ گلاب میں ڈال دیں اور روزانہ صبح و شام اس سے دو دو گھونٹ عرق پی لیا کرے۔ ایک ہفتے بعد نیا تعویز عرق میں ڈال دے۔ اس طرح ہر ہفتے نیا تعویز ڈالے اور چھ ہفتے تک مسلسل استعمال کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔ نقش مبارک یہ ہے:

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۹۹۸۲۰	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۷	۹۹۸۱۳
۹۹۸۲۶	۹۹۸۱۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۲۴
۹۹۸۱۵	۹۹۸۲۹	۹۹۸۲۱	۹۹۸۱۸
۹۹۸۲۲	۹۹۸۱۷	۹۹۸۱۶	۹۹۸۲۸

قَالَ مُوسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ

(یہ عمل استاذ محترم جناب غلام سرور شباب صاحب کا ہے۔ ع)

❹ یہ نقش سحر المرض کے لئے حسب سابق استعمال کریں ان شاء اللہ تعالیٰ سحر سے نجات ملے اور ہر مرض سے شفاء ملے گی۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ أَذْهِبِ الْبَأْسَ وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا

۲۶۸۴	۲۶۸۸	۲۶۹۱	۲۶۷۷
۲۶۹۰	۲۶۷۸	۲۶۸۳	۲۶۸۸
۲۶۷۹	۲۶۹۳	۲۶۸۵	۲۶۸۲
۲۶۸۶	۲۶۸۱	۲۶۸۰	۲۶۹۲

قَالَ مُوسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ

(یہ عمل استاذ محترم جناب غلام سرور شباب صاحب کا ہے۔ ع)

(سحر المرض کا علاج کرتے وقت اس بات کا خاص دھیان رکھیں کہ جو بیماریاں بن چکی ہیں یا جو بیماریاں حقیقی بیماریاں ہیں، جادو کی وجہ سے نہیں، ان کا طبی علاج مریض کو ضرور جاری رکھوائیں۔ ع)

جادو کی خاص قسموں کا علاج

قوت مردمی کی بندش کا علاج

بستہ مرد سے مراد یہ ہے کہ جادو کے ذریعے مرد کی قوت مردمی باندھ دی گئی ہو۔اور وہ بیوی سے صحبت پر قادر نہ ہو۔

(۱) اگر کسی عورت نے مرد کو جادو یا سفلی عمل کے ذریعہ ناقابل بنا دیا ہو اور لاعلاج ہو چکا ہو تو نقش ذیل کو مشک و زعفران سے لکھ کر پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ تین روز میں اصلی حالت میں آجائے گا۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء غسل کرے اور احرام باندھے۔ احرام کا کپڑا مریض لائے گا، جس کا ایک ٹکڑا سوا گز (1-1/4) لمبا اور دوسرا ٹکڑا پانچ گز 5 گز لمبا سفید یا زرد رنگ کا ہوگا۔

پاک مصلے پر بیٹھ کر سورۂ ابراہیم (پ ۱۳) کو لاتعداد (بغیر شمار) پڑھے اور متعدد بار پڑھنے کے بعد ایک نقش تیار کرے۔روزانہ ایک نقش شب میں لکھے اور صبح کو پلائے۔نقش تیار کرنے سے پہلے حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایصال ثواب کے لئے سوا کلو مٹھائی روزانہ بچوں میں تقسیم کردے۔ مدرسہ کے قرآن پڑھنے والے بچے ہوں تو بہتر ہے۔تین، پانچ یا سات یوم کرے۔سورۂ ابراہیم (پ ۱۳) کا نقش یہ ہے:

۷۸۶

٦١٤٥٤	٦١٤٥٧	٦١٤٦٠	٦١٤٤٧
٦١٤٥٩	٦١٤٤٨	٦١٤٥٣	٦١٤٥٨
٦١٤٤٩	٦١٤٦٢	٦١٤٥٥	٦١٤٥٢
٦١٤٥٦	٦١٤٥١	٦١٤٥٠	٦١٤٦١

(۲) جو شخص کسی جادو سفلی سے یا ویسے ہی نامرد ہو چکا ہو، اس کو مندرجہ ذیل نقش مشک و زعفران سے لکھ کر سات روز، روزانہ ایک نقش پلائیں۔انشاء اللہ تعالیٰ قوت مردمی بحال ہوگی۔یہ نقش سورۂ یٰس شریف کا ہے۔نقش لکھنے سے قبل سات رنگ کی مٹھائی سوا کلو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایصال ثواب کی نیت سے بچوں میں تقسیم کردے۔نقش یہ ہے۔

۷۸۶

٥٥٣٥٢	٥٥٣٥٥	٥٥٣٥٨	٥٥٣٤٥
٥٥٣٥٧	٥٥٣٤٦	٥٥٣٥١	٥٥٣٥٦
٥٥٣٤٧	٥٥٥٣٦٠	٥٥٣٥٣	٥٥٣٥٠
٥٥٣٥٤	٥٥٣٤٩	٥٥٣٤٨	٥٥٣٥٩

(۳) مشک و زعفران سے باوضو درج ذیل تعویز لکھ کر ایک نقش بازو پر باندھے اور تین نقش تین روز کے حساب سے نہار منہ پانی میں گھول کر پلائے جائیں۔نقش یہ ہے:

۷۸۶

٨	٦	٤	٢
٢	٤	٦	٨
٦	٨	٢	٤
٤	٢	٨	٦

(۴) ذیل کے نقش کو قمر در جدی کے اوقات میں (سیسہ) کی دھات پر کسی لوہے کے قلم سے کندہ کریں اور مرد بستہ اس لوح کو اپنی کمر پر باندھے تو سحر جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔نقش یہ ہے:

۷۸۶

٥٠	٥٥	٤٨
٤٩	٥١	٥٣
٥٤	٤٧	٥٢

کینیلج

(۵) اگر پاکباز عورت کو کسی نے حسد و بغض کی وجہ سے بذریعہ جادو بستہ کردیا ہو تو ان حروف کو کسی کاغذ پر تحریر کر کے دھو کر عورت عضو پوشیدہ کو دھوئے اور ایسا ہفتہ عشرہ تک کرے۔اثر باطل ہوگا۔حروف یہ ہیں:

ف ج ش ث ظ ز ف ج اش ج ش ت

نیک عورت دنیا کی سب سے اچھی متاع ہے

جادو کی خاص قسموں کا علاج

جادو کی چند خاص قسمیں اور ان کا علاج

چہرہ بگڑ گیا ہو

علاج اگر جادو، سحر یا آسیبی اثرات کی وجہ سے چہرہ بگڑ گیا ہو تو اس آیت کو اکیس (۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے صبح و شام چہرے پر ملیں یا وہ کریم جو آپ چہرے پر لگاتی ہیں، اس پر اس آیت کو پڑھ کر دم کر دیں۔ اور صبح و شام یہ کریم چہرے پر لگائیں۔

اور یہی آیت (۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے صبح و شام یہ پانی پییں۔ اس عمل کو لگاتار (۲۱) روز تک کریں۔ انشاء اللہ چہرہ خوبصورت ہو جائے گا۔ اور عجیب طرح کی کشش پیدا ہوگی۔ آیت شریف یہ ہے:

وَإِذَا بَطَشْتُم بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ (شعراء: ۱۳۰)

سحر الخمول

کمزوری، سستی اور کاہلی پیدا کرنے کا جادو

اس جادو سے جوڑوں کا درد، کمزوری اور سستی و کاہلی پیدا کی جاتی ہے۔

علاج سحر الخمول کے مریض کو یہ نقش دیں کہ وہ عرقِ گلاب کی بڑی بوتل میں اسے ڈال دے اور روزانہ صبح و شام اس سے دو، دو گھونٹ عرق پی لیا کرے۔ چالیس یوم تک مسلسل ایسا ہی کرے۔ نقش یہ ہے:

بِسْمِ	اللّٰہِ	الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
طَرَقَ	سَمْعَکَ	النَّصِیْحَۃَ
طَرَقَ	سَمْعَکَ	النَّصِیْحَۃَ
طَرَقَ	سَمْعَکَ	النَّصِیْحَۃَ

اور یہ نقش کسی مومی کاغذ پر زعفرانی روشنائی سے تحریر کر کے مسحور کو دیں کہ وہ کسی کھلے منہ والے برتن میں نقش کو رکھ کر اس میں ایک پاؤ شہد ڈال دے اور اس سے صبح و شام ایک ایک چمچ شہد کھا لیا کرے۔ ایک ہفتہ بعد اس شہد میں ایسا ہی ایک اور نقش ڈال دیا جائے۔ اسی طرح ہر ہفتہ ایک نیا نقش ڈال دیا جائے اور چھ (۶) ہفتے مسلسل استعمال میں لایا جائے۔ اگر شہد کم ہو جائے تو حسبِ ضرورت اور شامل کر لیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام سحری اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے:

یَا حَیُّ قَبْلَ کُلِّ شَیْئٍ یَا حَیُّ بَعْدَ کُلِّ شَیْئٍ

مسحور کے لئے ضروری ہے کہ وہ چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لاتعداد ورد کرتا رہے۔ خاص طور پر رات کو سوتے وقت اور صبح بیدار ہوتے ہی اور نمازِ فجر کے بعد ایک تسبیح یہ کلمہ پڑھے: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ (یہ عمل استاذ محترم جناب غلام سرور شباب صاحب کا ہے۔ ع)

سحر الھواتف

غیبی آوازوں کے ذریعہ پریشان کرنے کا جادو

اس جادو کے ذریعہ غیبی طور پر جادو کے عمل سے مسحور کی طرف ارواح بھیجی جاتی ہیں جو عامل کے مقصد کے مطابق مطلوبہ شخص پر اثرات پیدا کرتی ہیں۔ جادو کرنے والے ھواتف سے ہر طرح کے مقاصد پورے کرواتے ہیں۔

علاج سحر الھواتف کے مسحور کے لئے ضروری ہے کہ وہ روزانہ رات کو سوتے وقت یہ دعا پڑھا کرے:

بِسْمِ اللّٰہِ وَضَعْتُ جَنْبِیْ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَاَخْسِئْ شَیْطَانِیْ وَفُکَّ رِھَانِیْ وَاجْعَلْنِیْ فِی النَّدِیِّ الْاَعْلٰی

اس کے بعد سورۂ فلق اور سورۂ والناس پڑھے اور اسے اپنا معمول بنا لے۔ (یہ عمل استاذ محترم جناب غلام سرور شباب صاحب کا ہے۔ ع)

(جادو کی ان اقسام کے علاوہ بھی بہت سی اقسام ہیں۔ افسوس کہ اس موضوع پر ماہر عاملین کی بہت زیادہ کمی ہے۔ کاش ایسے عامل بکثرت ہوں جو اسپیشلسٹ ڈاکٹرز کی طرح جادو کی مختلف اقسام کے علاج کے ماہر ہوں تا کہ عوام اور خواص...... دونوں فیض یاب ہوں۔ ع)

جادو کی خاص قسموں کا علاج

سید علی حسین شاہ صاحب مدظلہٗ

ناجائز شہوت بڑھنا

بذریعہ جادو یا بداعمال کے ذریعے اس قسم کا عمل تیار کیا جاتا ہے جس سے مرد وعورت کا دل ہر وقت صحبت کرنے کو کرتا رہتا ہے۔ یعنی شہوت اتنی بڑھ جاتی ہے جو قابو میں نہیں رہ سکتی۔ اس کے لئے کسی اپنے یا غیر کو نہیں دیکھا جاتا بلکہ صرف شہوت کے ہاتھوں مجبور ہوتے ہوئے مرد وعورت ایسے افراد سے بھی صحبت کرنا چاہتے ہیں یا کر بیٹھتے ہیں جو ان کے معیار کے نہیں ہوتے یا ان کے اپنے ہی کوئی عزیز یا رشتہ دار ہوتے ہیں۔ اس کے علاج کے لئے اس نقش کو کورے ٹھیکرے پر کوئلے کو باریک کر کے اس سے لکھا جائے اور اس کو دریا کے پانی میں ڈال کر اس سے غسل کیا جائے اور اسی نقش کو دو مرتبہ زعفران سے لکھ کر چمڑے میں بند کروا کر ایک کو گلے میں باندھا جائے اور دوسرے کو کسی میٹھی شے میں گھول کر پیا جائے۔ ناجائز شہوت کا خاتمہ ہوگا۔ اس بات کا مکمل خیال رکھا جائے کہ اس عمل کو کسی ایسی جگہ کیا جائے جو نہایت ہی پاک وصاف ہو اور غسل کرتے وقت نقش کے پانی کی ذرا بھی بے ادبی نہ ہو اور بچا ہوا پانی اگر پودوں میں ڈال دیا جائے تو بہت بہتر ہوگا۔ اس عمل کو کسی بے ادبی کے بغیر کیا جائے۔

نقققققققققبض

الثابت	الباسط	الکفیل	الشاھد
الشاھد	الثابت	الثابت	الثابت
الثابت	الشاھد	الثابت	الباسط
الباسط	الکفیل	الشاھد	الکفیل

جسم میں چیونٹیاں یا سوئیاں

اکثر افراد پر اس قسم کا جادو کیا جاتا ہے جس سے ان کے جسم میں سوئیاں اور چیونٹیاں سی چلتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں۔ جسم میں گرمائش پیدا ہوتی ہے۔ اس کا زیادہ غلبہ پاؤں پر رہتا ہے۔ پاؤں جلتے ہیں اور کسی بھی دوا سے آرام نہیں آتا۔ جسم بوجھل بوجھل رہتا ہے۔ کسی کی اچھی بات بھی بری معلوم ہوتی ہے۔ چڑچڑا پن مزاج میں ایسا پیدا ہوتا ہے کہ والدین جیسے عظیم رشتے کی بھی پہچان بھول جاتی ہے اور مریض اس جادو جیسے بدعمل کے زیراثر ہوتے ہوئے اُن سے بھی زبان درازی اور بدتمیزی کرتا ہے۔ اس کے توڑ اور جسم میں سکون اور راحت پیدا کرنے کیلئے اس نقش کو بروز بدھ ایک رنگ کالے

دیسی مرغ کے خون سے بنایا جائے۔ اللہ کے فضل سے جسم میں سکون پیدا ہوگا۔ اور جس بھی نوعیت کا کالا جادو کیا ہوگا، اس کا خاتمہ یقینی ہوگا۔ اسی نقش کو اس صورت میں بھی مریض کے گلے میں پہنایا جائے، جب کہ جسم میں کوئی اور دوسری چیز ہم کلامی کرتی ہو اور گھر والوں کو پریشان کرتی ہو۔ جس کے پاس یہ نقش ہوتا ہے، اس پر جادو کسی بھی صورت اپنا اثر نہیں دکھا سکتا اور کوئی

بھی غیر انسانی مخلوق جسم کے اندر حلول نہیں کر سکتی۔ اسی نقش کو ایک بڑا سا بنا کر گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگا یا جائے۔

(قرآن کو خون سے لکھنا درست نہیں۔ اس کی بجائے کالے دیسی مرغ کو ذبح کریں اور لال روشنائی سے اسی وقت تعویز لکھیں۔ ع)

دولہا دلہن اور ہم بستری سے انکار؟

ایک قسم کا ایسا جادو ہے جس سے نو بیاہتا جوڑا ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہیں۔ جس سے ناراضگی یا نفرت ہونے کی کوئی بھی واضح نشانی معلوم نہیں ہوتی۔ ایسا جادو وہی مفاد پرست افراد کرواتے ہیں جن کو ان کی نفرت سے کوئی فائدہ حاصل ہوتا ہو مثلاً لڑکے پر ایسی لڑکی اس قسم کا جادو کروا سکتی ہے جس سے اس لڑکے کی شادی نہ ہو اور لڑکی پر ایسا لڑکا جو اس سے شادی کرنے کا خواہش مند ہو اور اس کی شادی اس سے نہ ہو۔ ایسے مفاد پرست افراد خود کامیاب نہیں ہوتے مگر ان کو بھی سکھ چین سے نہیں رہنے دیتے۔

ایسی حالت میں اس جوڑے کو اس نقش کو میٹھے پانی میں گھول کر پلایا جائے یا کسی بھی میٹھی کھانے و پینے والی شے میں پلایا جائے۔ وہ آپس میں سلوک و اتفاق قائم کریں گے۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کوئی مرد و عورت ایک دوسرے کو نہیں چاہتے اور کسی اور جگہ شادی کے خواہش مند ہوتے ہیں لیکن ان کو کسی بھی مجبوری کی حالت میں ایسا کرنا پڑ جاتا ہے اور یہ شادی کر لیتے ہیں چونکہ دونوں میں سے ایک یا دونوں ہی ایک دوسرے کو پسند نہیں کرتے اس لئے بھی ان کا آپس میں سلوک و اتفاق قائم نہیں ہوتا۔ اس کے لئے بھی اسی عمل کو کیا جائے۔ اللہ کے فضل سے اگر جادو کے ذریعے ایسا کیا ہوگا یا قدرتی طور سے بھی ان کا ملاپ نہیں ہوگا تب بھی یہ نقش اپنا اثر اس مقصد میں ضرور دکھائے گا، انشاء اللہ۔ بعض اوقات عورت کے جسم کے اندر کسی غیر انسانی مخلوق کو حاضر کر دیا جاتا ہے، جس سے وہ اپنے مرد سے نفرت کرنے لگتی ہے اور جب کبھی مرد کا دل ہمبستری کرنے کو کرے تو وہ ہرگز نہیں مانتی اور وہی چیز اس عورت کے جسم کے اندر گھس کر اسے اسی بات پر اکساتی ہے جو وہ اپنی زبان سے اپنے مرد کو کہتی ہے۔ تعویز یہ ہے:

<table>
<tr><td>جبرائیل</td><td colspan="3">ماشاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العظیم</td><td>عزرائیل</td></tr>
<tr><td rowspan="3">وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد</td><td>بسم</td><td>لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ</td><td>اللہ</td><td rowspan="3">حسبنا اللہ ونعم الوکیل علی اللہ توکلنا</td></tr>
<tr><td>لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ</td><td>نادعلیا مظہر العجائب تجدہ عونا
لک فی النوائب کل ہم وغم سینجلی
بعظمتک یا اللہ وبنبوتک یا رسول
اللہ وبولایتک یا علی یا علی یا علی
فلاں بن فلاں</td><td>لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ</td></tr>
<tr><td>الرحمن</td><td>لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ</td><td>الرحیم</td></tr>
<tr><td>میکائیل</td><td colspan="3">لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین</td><td>اسرافیل</td></tr>
</table>

جسم میں رسولیاں

بذریعہ جادو اس نوعیت کا بھی جادو کیا جاتا ہے جس سے جسم کے اندر اچانک پتہ چلتا ہے کہ رسولیاں بن گئی ہیں۔ جب کہ ان کی نا تو کوئی تکلیف ہوتی ہے اور نہ ہی ایسی کوئی بد پرہیزی کی ہوتی ہے جس سے رسولیاں بن جائیں۔ بذریعہ جادو اس قسم اور اس سے زیادہ خطرناک و مہلک امراض میں کسی کو بھی مبتلا کیا جا سکتا ہے، جس سے انسان سوچتا ہی رہ جاتا ہے کہ میرے ساتھ ہی ایسا کیوں ہوا؟ ایسے امراض زیادہ عورتوں پر اپنا غلبہ پکڑتے ہیں۔ اس نقش کو بوقت صبح سورج طلوع کے دو عدد کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھا جائے۔ ایک کو پانی میں گھول کر صبح نہار منہ اور سارا دن پیا جائے اور دوسرے نقش کو اس جگہ باندھا جائے جہاں رسولیاں بنی ہوں۔ اس عمل کو پہلے سات دنوں تک کر لیا جائے۔ پھر ڈاکٹری علاج کروایا جائے۔ اس عمل سے اگر جادو ہوگا تو باطل ہوگا اور اگر ڈاکٹری علاج ہوگا تو شفائے کاملہ ہوگی۔

جسم میں دردیں

جادو کی اس قسم کے ذریعے جسم میں ہر وقت عجیب سا درد مسلسل ہوتا ہی رہتا ہے۔ اکثر جسم کے جوڑ دکھتے ہیں۔ جبکہ ایسا محنت طلب کوئی بھی کام نہیں کیا جاتا جس سے جسم کے جوڑے میں درد ہو۔ ایسا بد عمل ایک پتلے پر کیا جاتا ہے جس سے وہ فرد بد اثرات اپنے جسم میں محسوس کرتا ہے۔ ہڈیاں درد کرتی ہیں اور ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے کسی نے ڈنڈوں کے ساتھ پٹائی کی ہو۔ اس قسم کے جادو و بد عمل کو باطل کرنے کے لئے اس نقش کو پیلے رنگ کے کاغذ یا کپڑے پر کالی سیاہی سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اور روزانہ چینی کی نئی پلیٹ پر زعفران سے اکیس دنوں تک لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پئے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس مرض کا جڑ سے خاتمہ ہوگا۔

بقیہ: واپسی سحر

اس کا طریقہ یہ ہے کہ مسحور پر صبح و شام سات سات مرتبہ منتر پڑھ کر دم کیا جائے اور پانی پر دم کر کے پلایا بھی جائے۔ کم از کم سات یوم تک اور زیادہ سے زیادہ اکیس یوم تک۔ ان شاء اللہ تعالیٰ متاثرہ مریض صحت یاب ہو جائے گا اور جادو کرنے والے پر تمام اثرات واپس چلے جائیں گے۔ مگر ضروری ہے کہ کسی بھی چاند یا سورج گرہن میں ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھ لیں تاکہ عمل کی قوت قابو میں آجائے۔

(عمل کی قوت قابو کرنے کے لئے اجازت ضروری ہے۔ ع)

بقیہ: کڑاہی والا عمل

جنات کا نہ جلنا اگر پھر بھی جن یا جنات نہ جلیں تو اساتذہ سے رابطہ کر کے بڑے جنات بلوائے جائیں۔ یا پھر چند ساتھی مل کر اپنے اپنے بڑے اعمال پڑھنا شروع کر دیں۔ انشاء اللہ بڑے سے بڑا جن بھی جل جائے گا۔

اس کے بعد اپنے جنات کو پیغام دیں کہ مزید مقابلے کے لئے آنے والے جنات اور جادوگر کی تمام طاقتوں کو پیچھے جا کر ختم کرو۔ مریض کی نظر کھلی ہوگی تو اس کو باقاعدہ منظر نظر آئے گا کہ جنات پیچھے جا رہے ہیں اور مخالف جنات اور جادوگر کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ اس وقت سورۂ فیل کا نقش کڑاہی میں ڈالیں۔ اور سورۂ فیل اکتالیس بار پڑھیں۔ ترمیھم پر قطع اعضاء کا تصور کریں اور ماکول پر عمل کی واپسی کا۔ اس طرح تین بار کریں۔ مریض اور کڑاہی پر دم کریں۔

مریض کو باقاعدہ یہ احساس ہوگا کہ اس کا جسم ہلکا ہو گیا ہے اور جسمانی اور روحانی طور پر بہت بہتر محسوس کر رہا ہے۔ اگر نظر کھلی ہوگی تو معاملہ صاف نظر آئے گا۔ اگر پھر بھی کچھ علامات برقرار ہیں تو عمل جاری رکھیں۔ عمل کے ختم پر یہ آیت پڑھ کر مریض کا رابطہ کڑاہی سے ختم کروا دیں۔ کڑاہی دھو کر گھر میں استعمال کی جا سکتی ہے اور دوبارہ عمل بھی کیا جا سکتا ہے۔ باقی چیزیں دفن کر دیں۔ آیت یہ ہے:

ختم اللہ علی ...... عظیم (البقرہ:7)

مریض کو تیل، پانی وغیرہ دم کر کے علاج بھی دیں۔

نوٹ (جو اس عمل کا عامل بننا چاہیں، وہ ادارے سے رابطہ کر کے نقد صدقہ ادا کر کے اجازت لے سکتے ہیں۔ ع)

جادو کے متاثرہ جگہ کی تشخیص کے اعمال

جگہ کی تشخیص کرنے کے معاملے میں بیشمار عاملین کو دیکھا کہ کوئی اہمیت نہیں دیتے۔ کئی تو مریض کی بھی تشخیص پر صحیح توجہ نہیں دیتے۔ جگہ کی تشخیص کس حد تک ضروری ہے، اس کے لئے ایک مثال دیتا ہوں۔ ایک مریض ہے۔ اس کو پینے نہانے کے تعویز دئے جاتے ہیں۔ اس پر گندگی لگی ہوئی ہے۔ نہانے سے وہ گندگی دھلتی ہے۔ لیکن رات کو پھر اسی گندگی میں وہ سو جاتا ہے۔ یا لوگ رات کو آ کر اس پر گندگی ڈال دیتے ہیں۔ وہ صبح اٹھ کر پھر نہاتا ہے۔ اور اسی طرح معاملہ چلتا رہتا ہے۔

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ گھر میں کسی جگہ جنات یا جادو پناہ لے لیتا ہے۔ ضروری نہیں کہ وہ کوئی کونا ہی ہو۔ نہ اس جگہ کی تشخیص ہوتی ہے، ان ہی علاج۔ جس کی وجہ سے جب تک علاج چلتا ہے، وہ مریض کو کچھ نہیں کہتے۔ پھر علاج ختم ہوتے ہی دوبارہ اثر ڈالنا شروع کر دیتے ہیں۔ یا گھر سے چلے بھی جاتے ہیں مگر ان کے لئے راستے کھلے ہوتے ہیں۔ جب چاہے مرضی سے آ جاتے ہیں۔

میرا تجربہ ہے کہ مریض سے زیادہ مریض کے کمرے، باتھ روم اور گھر کو اہمیت دی جائے تو فائدہ بہت زیادہ اور دیرپا ہوتا ہے۔ اور دوبارہ اثر بھی جلدی نہیں ہوتا۔ اس لئے گھر یا جگہ کی تشخیص ضرور سیکھنی اور کرنی چاہئے تا کہ پتہ لگے کہ گھر میں کس جگہ عمل کرنے کی ضرورت ہے اور کس جگہ نہیں ہے۔ بس اندازے سے عمل نہ کیا جائے۔ اب چند اعمال تحریر کئے جاتے ہیں:

جگہ ناپ کر تشخیص کرنا

الم المص المر

تین بار لکڑی پر دم کر کے گھر کا صحن یا کمرہ ناپ لیں۔

☆...... اگر کم ہو جائے تو سحر ہے۔

☆...... اگر زیادہ ہو جائے تو سایہ ہے۔

کپڑے کے ذریعے تشخیص کرنا

جس کمرے یا جگہ کی تشخیص کرنا ہو تو ایک سفید کاٹن کا کپڑا (دو انچ چوڑا اور ایک فٹ لمبا) لے کر کمرے یا جگہ کے جتنے بھی کونے ہوں، رات سونے سے پہلے ان پر وہ کپڑا ملیں اور کمرے کے درمیان میں رکھ دیں۔ کپڑا ساری رات اسی جگہ یا کمرے میں رہے گا۔

صبح دوبارہ کونوں میں مل کر چیک کریں۔ کپڑے کی تشخیص کا کوئی بھی عمل پڑھ کر دم کر لیں۔

اگر مکمل مکان کی تشخیص کرنا ہو تو جتنے کمرے ہوں، اتنے کپڑے لے کر ان سب کپڑوں پر کمروں کا نام لکھ دیں تا کہ بعد میں پہچاننے میں آسانی ہو کہ کس کمرے کا کپڑا ہے۔ غسل خانہ وغیرہ میں کپڑا کسی اونچی پاک جگہ رکھ دیں۔ مگر ساری رات اسی باتھ روم میں رہے۔

یہ تشخیص بہت زیادہ ضروری ہے۔ عموماً مریض کے گھر میں مخالف جنات نے کوئی نہ کوئی راستہ بنایا ہوتا ہے۔ سو فیصد تو نہیں کہتا مگر اسی سے نوے فیصد اگر مکمل گھر کی تشخیص کر کے علاج کیا جائے تو فائدہ ہوتا ہے۔

جادو سے متاثرہ جگہوں کے علاج کے لئے چند اعمال

۱......منزل کا دم کیا ہوا پانی گھر کی چاروں دیواروں پر چھڑک دیں۔ چالیس دن پابندی سے عمل کریں۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

۲......لوبان کوڑیا پیس لیں۔ اس پر ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ سورۃ الفلق (پ ۳۰) پڑھ کر دم کریں۔ اول و آخر گیارہ بار درود ابراھیمی۔ پھر رات کو سارے گھر میں بلا ناغہ اکتالیس (۴۱) دن تک دھونی دیں۔

۳......اگر کسی کے گھر جادو وغیرہ کیا گیا ہو تو اس نقش کو سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھیں۔ نقش کو بند کر کے اپنے پاس حفاظت سے محفوظ رکھیں۔ زوال کے وقت گھر کے دروازے میں کھڑے ہو کر ایک پیر دروازے کے اندر رکھیں اور ایک پیر باہر رکھیں اور اس نقش کو کھول دیں۔ اس طرح سات روز تک بلا ناغہ عمل کریں۔ جادو کا اثر دور ہوگا۔

۷۸۶

اللہ	محمد	محمد	اللہ
محمد	ابوبکر	عمر	محمد
محمد	عثمان	علی	محمد
اللہ	محمد	محمد	اللہ

۴......اگر گھر میں جادو دفن ہو تو سورۃ التکویر یعنی کورت (پ 30) کسی سفید کاغذ پر تحریر کریں اور ایسا ایک ایک تعویز گھر کے چاروں کونوں میں دفن کریں۔ انشاء اللہ جادو کا اثر باطل ہوگا۔ کیسا ہی جادو کیا گیا ہو فوراً باطل ہو جاتا ہے۔

۵......مکان میں جادو، سحر یا جنات ہوں تو درج ذیل چاروں نام مکان کے چاروں کونوں میں لکھ دیں۔ ہر چیز کا اثر ختم ہو جائے گا۔

الٰہی بحرمت ابراھیم اللہ　　　الٰہی بحرمت ابراھیم ادھم

الٰہی بحرمت ابراھیم خواص　　　الٰہی بحرمت ابراھیم مخفی

۶......اس نقش کو لکھ کر کوری ہانڈی میں کنویں یا نل کے تازہ پانی میں گھول کر مکان کے کونوں میں چھڑکیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب، جن، بھوت، جادو سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۶۶۳۵ع	۶۶۴۸ع	۶۶۴۵ع	۶۶۴۲ع
۶۶۴۶ع	۶۶۴۱ع	۶۶۳۶ع	۶۶۴۷ع
۶۶۴۰ع	۶۶۴۳ع	۶۶۵۰ع	۶۶۳۷ع
۶۶۴۹ع	۶۶۳۸ع	۶۶۳۹ع	۶۶۴۴ع

۷......واتبعوا ما تتلوا......کانوا یعلمون (البقرۃ:۱۰۲)

کورے تانبہ کے طشت میں اس آیت کو لکھ کر اس کو کندر کی دھونی دے کر پانی سے دھو کر پلایا جائے اور گھر میں چھڑک دیا جائے تو جادو کا اثر جاتا رہے اور اس گھر میں کسی کو جادو کا اثر نہ ہو۔

۸......اگر کسی گھر یا دوکان میں خون کے چھینٹے پڑتے ہوں یا ایسا صرف ایک ہی مرتبہ ہوا ہو تو چلتے ہوئے دریا یا نہر کا پانی لا کر اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھے اور مٹی کے گھڑے میں ڈالے اور اس کے چھینٹے کونوں میں لگائے۔ بفضل خدا آئندہ کے لئے کبھی خون کے چھینٹے نہیں پڑیں گے اور پہلے کے جو بد اثرات ہونگے ان کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

ن	ا	ط	ق
ق	ن	ط	ا
ا	ق	ط	ن
ن	ا	ط	ق

سانولی رنگت: سانولی رنگت بادلوں کی مسکراہٹ ہے

واپسی سحر کے اعمال

ابو نافع

واپسی سحر کا مطلب یہ ہے کہ جادوگر نے جو عمل کیا ہے، وہ اس کو یا کروانے والے کو واپس کر دیا جائے۔ یہاں ایک اہم نکتہ سمجھنا ضروری ہے اور عاملین کے ساتھ ساتھ مریض بھی اس میں بڑی غلطی کرتے ہیں۔ عموماً مریض یہ کہتے ہیں کہ جادو کو واپس کریں تاکہ کرنے والے کو بھی پتہ چلے۔ جب واپسی سحر کا عمل کیا جاتا ہے اور مریض پر سے اثر ختم ہوتا ہے تو کہتے ہیں کہ مخالف کو تو کچھ نہیں ہوا۔ یا ہمارا تو بہت نقصان ہوا لیکن اس کا نہ ہونے کے برابر ہوا۔ اس لئے واپسی سحر کا فلسفہ سمجھنے کی بہت ضرورت ہے۔ اس کے لئے ایک مثال دیتا ہوں۔ عامل نے دس اینٹیں (جادو) آپ کے گھر پھنکوائیں۔ اب آپ نے علاج کروایا تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ نے وہ اینٹیں ضائع کر دیں۔ فرض کریں کہ علاج سے چھ ضائع ہوگئیں۔ اب اگر واپسی سحر کا عمل کرینگے تو باقی بچی ہوئی چار اینٹیں ہی واپس جادوگر یا کروانے والے پر جائیں گی۔ دس نہیں جائیں گی۔ خوب سمجھ لیں۔

واپسی سحر کا حقیقی پتہ اس وقت چلتا ہے جب سحر کا اثر بھی مریض پر بہت ہو اور علاج کرنے کی بجائے واپسی سحر شروع کر دی جائے۔ پھر سحر بھی قوت سے واپس جاتا ہے۔ رہا یہ معاملہ کہ واپسی سے مخالف کو نقصان ہوگا یا نہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ درج بالا مثال کو سامنے رکھتے ہوئے جب واپسی شروع کی تو چار اینٹیں کروانے والے کی طرف پھینکیں۔ اب اس کو لگنا یا نہ لگنا اللہ تعالیٰ کی مرضی پر منحصر ہے۔ چاہے تو دشمن کو کوئی بھی نہ لگیں۔ اور اللہ تعالیٰ چاہیں تو چاروں قوت سے لگیں۔ آپ نے ٹانگوں کا نشانہ لیا اور عین وقت پر دشمن بیٹھ گیا اور اینٹیں سر پر لگیں جس کی وجہ سے اس کا بہت نقصان ہوگیا۔ جب کہ اس نے آپ کی ٹانگوں کو نقصان پہنچایا تھا۔ لیکن چونکہ آپ کی سر پر چوٹ دینے کی نیت نہیں تھی، نیت یہ تھی کہ جتنا مجھے نقصان ہوا ہے، اتنا اس کو ہو، اس لئے شرعاً آپ کی کوئی پکڑ نہیں ہوگی۔

نیز یہ بات الگ ہے کہ آپ جس عامل سے واپسی کروا رہے ہیں، کیا اس میں اتنی طاقت ہے کہ وہ چار اینٹیں اٹھا کر قوت سے واپس کر سکے۔ یا پھر وہ ضائع کر سکتا ہے، واپسی نہیں کر سکتا۔ یہ بعد کا معاملہ ہے۔

ایک نصیحت ہے کہ کبھی بھی واپسی اس عامل سے نہ کروائیں جس کو واپسی کرنی نہیں آتی یا اس میں اتنی طاقت نہیں کہ وہ صحیح واپسی کر سکے۔ ایسا نہ ہو کہ وہ اینٹیں اٹھا کر پھینکے تو تھوڑی دور جا کر ہی گر جائیں۔ یا پھر ایک پہنچے اور باقی نہ پہنچیں۔ لیکن چونکہ واپسی کا عمل کیا گیا ہے تو دوسری طرف سے اب کی بار سخت عمل آئے گا۔ اور مخالف عامل الگ ذاتی بنا پر مزید وار کرے گا۔ اس لئے لڑائی اس وقت کی جائے، جب لڑنے والے ہوں اور سامان اور تدبیر پوری ہو۔ صرف جا کر مخالف کو ایک دو فائر مار کر واپس بھاگ آنے کا انجام کیا ہو سکتا ہے، یہ قارئین آپ پر چھوڑتا ہوں۔

اب واپسی کے چند عملیات درج کئے جاتے ہیں۔

عمل نمبر 1: مرغ والا عمل

سفید مرغ کو باوضو ذبح کر کے اسکے تازہ خون سے ایک کاغذ پر ”جادو بر سر جادوگر“ لکھ کر جہاں مریض سویا ہو، وہاں اس کاغذ کو چھت پر اس طرح لٹکا دیں کہ کاغذ مریض کے سینہ کے مقابل رہے۔ یہ عمل شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی نور اللہ مرقدہٗ کا ہے۔

عمل نمبر 2: پلانے والا عمل

یہ عمل استاذ محترم جناب غلام سرور شباب صاحب کا ہے۔

اگر کسی پر حاسد دشمن نے سحر یا جادو کر دیا ہو۔ یا کسی نے جادو یا کالے علم کی موٹھ چلائی ہو جس کی وجہ سے مسحور بیمار ہو۔ یا جادو کے دیگر بد اثرات مسحور پر ہوں، سب کے لیے یہ عمل خوب کام کرتا ہے۔ مسحور پر سے جادو کے برے اثرات ختم ہو جاتے ہیں اور سحر، جادو یا ٹونہ لوٹ کر جادو کرنے والے پر چلا جاتا ہے، منتر یہ ہے:

”لو بن دھار۔ بن دھار باندھوں۔ لوہا اگن سار۔ تاب تجاری کیا کرایا بھیجا بھیجایا باندھوں۔ دم دم زندہ شاہ مدار“

(بقیہ ص 18)

جن اور جادو کے علاج کا خاص الخاص تھیلی والا عمل

مولانا ابو نافع

سورۂ جن کا یہ ایک خاص عمل ہے، جس سے سخت جادو اور جنات کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ اصل بات سورۂ جن کی طاقت ہے۔ لٰہذہ وہ عاملین جو کہ سورۂ جن کے بڑے عامل ہیں، وہی اس سے کامل استفادہ کرسکتے ہیں۔

طریقہ استعمال یہ ہے کہ تین لال رنگ کے کپڑے کی پوٹلیاں بنائیں۔ ہر ایک پوٹلی میں پانچ رنگ کی دالیں چھٹانک چھٹانک، تھوڑا سا سندور، کپڑوں پر لگانے والے ستارے دس روپے کے، 100 گرام موچی کیل، مریض کے چند بال اور مریض کے دونوں پاؤں کی چٹکی بھر مٹی ڈالیں۔ یہ عمل سوموار والے دن کیا جائے۔ اور سورۂ جن 41 مرتبہ بوقت تہجد پڑھ کر تمام چیزیں پوٹلی میں رکھ کر دم کی جائے۔ یہ ایک پوٹلی شب منگل کو مریض اپنے سرہانے رکھ کر سوئے گا۔ پھر منگل کی صبح جب مریض اٹھے تو اس کے اوپر سے سات مرتبہ وار کر زوال سے پہلے پہلے چلتے پانی میں بہا دیں۔ اسی طرح یہ عمل دوسری منگل اور تیسری منگل کو کریں۔

جب 41 مرتبہ سورۂ جن پڑھ کر دم کریں تو ساتھ ہی پانی اور تیل پر بھی دم کیا جائے۔ پانی مریض سات یوم استعمال کرے گا۔ اور تیل کی رات کو مالش کرکے صبح نہائے گا۔

عمل سے قبل سوا کلو بغیر ہڈی کے گوشت پر سات بار سورۂ جن پڑھ کر مریض کے اوپر سے وار کر کسی ویرانے میں رکھوا دیں۔ جو گوشت رکھ کر آئے وہ پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ اسی طرح تیسری منگل کو عمل کے بعد بھی گوشت رکھوایا جائے۔ یعنی عمل شروع کرنے سے پہلے اور عمل ختم ہونے کے بعد۔

انشاء اللہ جنات اور جادو سے مریض کو نجات مل جائے گی۔ جو بھی جن یا جادوگر ہونگے، وہ مریض کا پیچھا چھوڑ دینگے۔ جو اثرات باقی بچیں، ان کے لئے مریض کو علاج دیتے رہیں۔

(یہ عمل اجازت کے ساتھ مشروط ہے۔ بغیر اجازت نہ کیا جائے۔ع)

بغیر شہرت

بغیر شہرت کے مرجانا پیدا نہ ہونے کے برابر ہے

جادو سے حفاظت کے اعمال

جادو سے حفاظت کے اعمال میں سب سے ضروری بات جو دھیان میں رکھنی چاہئے وہ یہ کہ کوئی عامل یا جن ہر وقت مریض کے ساتھ نہیں رہ سکتا۔اس لئے مریض کو حفاظت اصل میں خود ہی کرنی ہوتی ہے۔آج کل یہ عام شکایت ہے کہ جادو دوبارہ ہو جاتا ہے۔اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ مریض اپنی حفاظت کا خیال نہیں رکھتا۔عامل سے تعویز لیا اور گلے میں باندھ لیا، گھر میں لٹکالیا یا پاس رکھ لیا۔یہ ہرگز کافی نہیں۔

اگر صحیح حفاظت چاہئے تو مکمل اثرات دور ہونے کے بعد حفاظت کے اعمال پابندی سے پڑھتے رہیں۔جب تک حفاظت کی ضرورت ہے، پڑھتے رہیں۔ان میں سب سے اول فوقیت مسنون دعاؤں کو دیں۔پھر دیگر اعمال کو۔ساتھ ہی گھر کے ماحول کو بہتر کریں تاکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت داخل ہو اور شیطان وہاں سے بھاگے۔تب ہی کہیں جا کر حفاظت ہوگی۔

❶ حضرت کعب الاحبارؒ فرماتے ہیں۔کہ چند کلمات اگر میں نہ کہتا رہتا تو یہود مجھ کو گدھا بنا دیتے۔کسی نے پوچھا وہ کلمات کیا ہیں؟ انہوں نے یہ بتلائے:

اَعُوْذُ لِوَجْہِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ لَیْسَ شَیْئٌ اَعْظَمُ مِنْہُ وَ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَ بِاَسْمَآءِ اللّٰہِ الْحُسْنٰی مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ذَرَاَ وَبَرَاَ۔

اگر کوئی شخص اس دُعا کو روزانہ صبح وشام پڑھا کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ سحر و جادو کے اثرات سے محفوظ رہے۔اگر سحر ہو چکا ہو تو اثرات ختم ہو جائیں گے۔

❷ اللھم صل علی محمد سید المصدقین

اگر اس درود کو مکمل طور پر مشک وزعفران سے لکھے اور فریم کروا کر اپنی دکان یا گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگائے تو اس کی برکت سے گھر یا دکان میں کوئی بھی بیماری، جادو ٹونہ داخل نہیں ہو سکے گا۔

❸ عالم ربانی حضرت شاہ ولی اللہ نور اللہ مرقدہٗ فرمایا کرتے تھے کہ قرآن حکیم کی تینتیس (۳۳) آیات ایسی ہیں کہ اگر ان کو روزانہ پڑھا جائے تو جادو سے حفاظت ہوتی ہے۔اور اگر جادو کے زیرِ اثر ہو تو بفضلِ خداوندی جادو سے نجات مل جاتی ہے۔وہ تینتیس (۳۳) آیات یہ ہیں:

الم۔ ذٰلک الکتاب......ھم المفلحون (البقرۃ:1--5)

اللہ لا الہ......خٰلدون (البقرۃ:255--257)

للہ ما فی السمٰوٰت......الکٰفرین (البقرۃ:284--286)

ان ربکم اللہ الذی......رب العلمین (اعراف:54)

وقل الحمد للہ......تکبیرا (بنی اسرائیل:111)

والصّٰفّٰت صفًا......طین لازب (صٰفٰت:1--11)

یامعشر الجن......تنتصران (رحمٰن:33--35)

لو انزلنا ھذا......العزیز الحکیم (حشر:21--24)

قل اوحی الی......شططا (جن:1--4)

❹ ابو جعفر نحاس نے حدیث نقل کی ہے کہ یہ سب آیتیں اگر کوئی شخص دن میں پڑھے تو تمام دن اور اگر رات میں پڑھے تو تمام رات شیطان سرکش اور جادوگر ضرر رساں اور حاکم ظالم اور تمام چوروں اور غنڈوں سے محفوظ رہے گا۔آیتیں یہ ہیں:

آیت الکرسی (البقرۃ:255)

ان ربکم اللہ......من المحسنین (اعراف:54--56)

والصّٰفّٰت صفا......ثاقب (صٰفٰت:1--10)

سنفرغ......فلا تنتصران (رحمٰن:31--35)

۴ یہ نقش برائے تحفظ جملہ آفات وبلیات وعمل سفلی وغیرہ سے ، کا ہے۔
جو کوئی شرف قمر میں چاندی کی تختی پر اس نقش مکرم کو کندہ کرا کر اپنے پاس رکھے گا وہ تمام آفات مندرجہ بالا سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۳۶	۳۹	۴۲	۲۹
۴۱	۳۰	۳۵	۴۰
۳۱	۴۴	۳۷	۳۴
۳۸	۳۳	۳۲	۴۳

۵ سات سچے موتی لیں۔ ہر ایک موتی پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے ایک بوتل میں ڈال دیں اور اس میں پانی بھر دیں۔ یہ پانی مریض کو صبح وشام سات دن تک پلائیں۔ آٹھویں دن موتیوں میں سے ایک موتی کی انگوٹھی بنوا کر مریض کو پہنا دیں اور چھ موتی چھ الگ الگ کنوؤں میں ڈال دیں۔ کنواں مسجد کا ہو تو بہتر ہے۔ انشاء اللہ جادو کے اثرات زائل ہو جائیں گے۔ اور آئندہ جب تک یہ انگوٹھی انگلی میں رہے گی، جادو نہیں ہو سکے گا۔

۶ جو شخص معوذتین کو سوتے وقت پڑھے گا، اس پر ہرگز جادو وسحر کا اثر نہ ہوگا۔

۷ یابنی ادم......تعلمون (اعراف:33-31)
جو شخص اس کو انگور سبز کے عرق اور زعفران سے لکھ کر اولے کے پانی سے دھو کر کھانے میں ملا کر کھائے تو زہر سے مامون رہے اور سحر اور نظر بد سے بھی۔

۸ اس نقش کو لکھ کر پاس رکھیں۔ کوئی سحر جادو اثر نہ کرے۔ بلکہ رزق میں بھی کشائش ہوگی۔ یہ نقش سورۂ طٰہٰ کا ہے۔

۷۸۶

۹۹۸۲۰	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۷	۹۹۸۱۳
۹۹۸۲۶	۹۹۸۱۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۲۴
۹۹۸۱۵	۹۹۸۲۹	۹۹۸۲۱	۹۹۸۱۸
۹۹۸۲۲	۹۹۸۱۷	۹۹۸۱۶	۹۹۸۲۸

علم — علم دل کو اس طرح زندہ کرتا ہے۔ جس طرح بارش زمین کو

دنیا میں جادو، جنات اور نظر بد کے لئے سب سے زیادہ پڑھے جانے والا عمل

"منزل" کے عامل بنیں

جنات اور جادو کے بداثرات سے حفاظت اور علاج کے لئے روزانہ "منزل" کی تلاوت ہمارے اسلاف کا معمول رہا ہے اور آج بھی اکثر گھرانوں میں "منزل" کی روزانہ تلاوت کی جاتی ہے۔ عام شکایت ہے کہ "منزل" پڑھنے کے باوجود اثرات بد سے حفاظت نہیں ہوتی یا اثرات دور نہیں ہوتے حالانکہ جادو، جنات سے حفاظت اور علاج سے متعلق قرآن مجید کی تقریباً تمام آیات "منزل" میں شامل ہیں۔ اس کے باوجود اثر نہ ہونے کی شکایت کی وجہ سوائے اس کے اور کچھ سمجھ نہیں آتی کہ ہم "منزل" پڑھتے تو ہیں لیکن ہماری زبان میں وہ تاثیر پیدا نہیں ہوتی جس سے "منزل" کا پورا اثر ہو۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ "منزل" کی طاقت کو اپنے عمل میں لایا جائے۔ "منزل" کی طاقت کو اپنے عمل میں لانے کے لئے چلہ کرنا پڑتا ہے، جس کے لئے "ادارہ دار العمل چشتیہ" اپنی خدمات فراہم کرتا ہے۔ 40 دن کا چلہ مکمل کرنے کے بعد "منزل" کا فیض اٹھائیں اور دوسرے مسلمانوں کو بھی فیض پہنچائیں۔

وقت کی کمی کے باعث جو افراد چلہ نہیں کر سکتے وہ نقد صدقہ دے کر اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔ اجازت کا صدقہ برائے ممبران -/1100 روپے اور علاوہ ممبران -/1500 روپے ہے۔ "منزل" کے مختلف اعمال اور تعویذوں کی 1 کاپی ساتھ دی جائے گی۔

نوٹ: اجازت لینے والے آگے کسی اور کو اجازت دینے کے مجاز نہیں ہیں

www.darulamal.org/ruhanidarsgah (Blog: www.ruhanidarsgah.blogspot.com)

(042) 35033371, (0322) (0343) 7772772 info@darulamal.org پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

حصار کا خاص عمل

جس میں ملائکہ پڑھنے والے کی حفاظت کرتے ہیں

آج کل "حفاظت" بہت ضروری ہوگئی ہے۔ اس کے بغیر کوئی انسان محفوظ نہیں۔ جہاں آسمانی و زمینی آفتوں کا معاملہ ہے، وہیں نہ نظر آنے والی مخلوق "جنات و شیاطین" سے حفاظت بہت ضروری ہے۔ حیرت ہے کہ پتہ ہونے کے باوجود کہ شیطان ہمارا کھلا دشمن ہے، ہم اس سے حفاظت کا کوئی انتظام نہیں کرتے۔ اسی طرح جنات اور جادو کا ہونا سند سے ثابت ہے اور کسی کو اس میں اختلاف بھی نہیں۔ لیکن پھر بھی ہم اس معاملہ میں بہت غافل ہیں اور جو حضرات روحانی علاج معالجہ کرواتے ہیں، ان کو عموماً یہ شکایت ہوتی ہے کہ دوبارہ اثر ہو جاتا ہے۔ ان سب حضرات کے لئے یہ عمل ایک خاص تحفہ ہے۔ اس کے پڑھنے والے کی حفاظت فرشتے کرتے ہیں۔ اور جنات، شیاطین اور جادو کے شر سے انسان محفوظ رہتا ہے۔

Website: www.darulamal.org/ruhanidarsgah

تنبیہ: یاد رکھیں کہ جو لوگ یہ عمل کریں، ان کو چاہئے کہ ہر ممکن گناہوں سے پرہیز کریں۔ کیونکہ اس عمل میں کامیابی کسی کسی کو ملتی ہے کیونکہ ملائکہ گناہ گار لوگوں کی اس طرح مدد نہیں کرتے، جس طرح گناہ نہ کرنے والوں کی کرتے ہیں۔ آسانی سے سمجھ میں آنے والی بات ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کو راضی رکھیں، اور جو لوگ ناراض رکھیں، وہ دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔ اور فرشتے ان لوگوں کو زیادہ عزیز رکھیں گے جو اللہ تعالیٰ کو عزیز رکھتے ہیں اور ناراض نہیں کرتے یا بہت کم کرتے ہیں۔

اس عمل کا عامل بننے کے لئے اجازت حاصل کرنے کے بعد ایک ماہ کا چلہ کرنا پڑتا ہے۔ چلہ بوقت تہجد کیا جاتا ہے۔ جو احباب یہ عمل کرنا چاہیں، وہ رابطہ فرمالیں۔

اجازت کا ہدیہ ممبران کے لئے 1600 روپے اور دوسرے حضرات کے لئے 2100 روپے ہے۔

نوٹ: اجازت لینے والے آگے کسی اور کو اجازت دینے کے مجاز نہیں ہیں

(042) 35033371, (0322) (0343) 7772772 info@darulamal.org پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

جادو کی اشیاء منگوانے کا خاص عمل

مولانا عارف صاحب

اس عمل کا عامل بننے کے لئے روزانہ مخصوص تعداد میں سورۂ یٰسین کو پڑھا کریں۔اول آخر درود شریف ابراہیمی اکتالیس بار پڑھیں۔عمل کو سوموار سے شروع کریں۔عمل روزانہ بعد نماز عشاء شروع کریں۔اکتالیس روز کے چلہ کرنے سے آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔دوران عمل مکمل جلالی جمالی پرہیز کریں اور روزہ سے رہیں۔روزانہ اپنے قریب لوبان کا بخور جلائیں۔

اگر کسی سحر زدہ مریض پر کئے گئے جادو کی اشیاء کو منگوانا ہوں، تو ایک ٹوکرا الٹا رکھ کر اس پر سرخ رنگ کا کپڑا ڈال دیں۔مریض کو غسل وضو کرا کر اس کے اوپر بٹھا دیں اور خود مریض کے سامنے قبلہ رخ ہو کر بیٹھ کر سورۂ یٰسین پڑھنا شروع کریں۔اپنے دائیں ہاتھ لوبان کی خوشبو بھی جلاتے رہیں۔اکیس مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھنے سے جادو کی اشیاء ٹوکرے کے نیچے آجائیں گی۔اگر دکان یا مکان کے بارے میں کرنا ہو تو اس دکان یا مکان میں اسی طرح ٹوکرا الٹا کر یہ عمل کریں تو دکان یا مکان پر کئے گئے جادو کا سامان حاضر ہو جائے گا۔ان اشیاء پر درود ابراہیمی اکیس بار پڑھ کر دم کر کے ان کو چلتے پانی میں بہا دیں۔عامل جب بھی یہ عمل پڑھے تو وہ لکڑی کی چار بازوؤں والی چوکی پر بیٹھ کر عمل کرے۔ورنہ عمل کارگر نہ ہوگا۔

(اس کے چلہ کرنے میں بیٹھک کا خاص انتظام کرنا ہوتا ہے۔لکڑی والی چار بازوؤں والی چوکی پر بیٹھ کر عمل کریں۔اور اگر ممکن ہو تو ایسے کمرے میں عمل کریں جو آبادی سے دور ہو اور دورانِ چلہ کوئی اندر نہ آئے۔

اس عمل کو کسی بزرگ کی اجازت سے شروع کریں جن کی روحانیت بلند ہو۔پھر کسی استاذ کامل کی نگرانی میں شروع کریں۔ایسے اعمال کرنا آسان نہیں۔صرف علم کی خاطر لکھ دئے۔اگر کرنا ہو تو استخارہ کر لیا جائے۔پڑھائی کا وقت آٹھ سے دس گھنٹہ روزانہ ہے۔ع)

جادو کو حاضر کرنے کا خاص عمل

مولانا عارف صاحب

ہر قسم کے سحر جادو اور ٹونے ٹوٹکے کی حاضری کے لئے بہترین عمل ہے۔

کلمات عمل کا ایک نقش لکھ کر اس پر مریض اور اس کی والدہ کا نام لکھیں۔اس نقش کو مریض کے سر پر رکھیں اور مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر کلمات عمل کو پڑھنا شروع کر دیں۔دورانِ عمل گوگل کا بخور جلائیں۔سحر مریض کے سر چڑھ کر بولے گا۔اس کی باتوں پر یقین نہ کریں۔کلمات عمل پڑھتے رہیں۔

جب مریض پر سکون ہو جائے تو اسے پانی دم کر کے پلائیں۔اسی طرح پانچ روز تک حاضری کریں۔مریض شفایاب ہوگا۔

عمل ہذا کی مخفی نورانی قوتوں کو عمل میں لانے کے لیے پہلے اس کا چالیس روز تک چلہ کرنا ضروری ہے مخصوص تعداد میں جلالی جمالی پرہیز کے ساتھ عمل کرنا ہوتا ہے۔کسی عامل کامل یا بزرگ کامل کی زیرِ نگرانی عمل کریں۔یاد رہے کہ نورانی اعمال میں کامیابی کا دارومدار گناہوں سے بچنا، استاد کی کامل توجہ اور عمل یا اس کی شرائط میں غلطی نہ کرنے میں ہے۔

یہ عمل ایک خاص رازِ سینہ ہے۔تفصیل کے لئے رابطہ کریں۔

نورانی کلمات عمل یہ ہیں:

هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ ﴿الحشر:۲۲﴾

تہمت جو شخص اپنے بھائی، دوست پر تہمت لگائے اور وہ رحمت الٰہی سے محروم رہے گا

جادو کہاں دفن ہے؟ پتہ لگانے کا عمل

خالد مقبول

اگر جگہ کا علم نہ ہو تو یہ عمل کریں

اگر جگہ کا علم نہ ہو اور یہ پتہ لگانا بھی ضروری ہو تو کہ جادو کہاں دفن ہے تو یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ پتہ لگ جائے گا۔

سونے سے پہلے دو رکعت نفل پڑھیں۔ سلام کے بعد گیارہ بار درود ابراھیمی کے ساتھ آٹھ سو بارہ مرتبہ ''یَا خَبِیْرُ'' پڑھیں۔ پھر دعا کریں اور گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر بات کئے بغیر سونے کے لئے مسنون طریقے پر لیٹ جائیں۔ کمرے میں کوئی تصویر، بت، ٹی وی گانا بجانا نہ ہو۔ جب تک نیند نہ آئے ''یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ'' پڑھتے رہیں۔ تین سے سات دن میں معلوم ہو جائے گا۔

(جو لوگ ''یَا خَبِیْرُ'' کے عامل ہوں گے۔ ان کو کامیابی بہت جلد ملے گی۔ ع)

اونٹ کی ہڈی والا خاص عمل

ابو حسنین

اپنے گھر کی جنات اور جادو سے حفاظت کے لئے اور گھر والے بھی جنات اور جادو کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

عمل اونٹ کی ایک عدد ہڈی لیں جو ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ تک ہو۔ ہڈی اونٹ کے جسم کے کسی حصہ کی مرضی ہو۔ سالم ہو، ٹوٹی ہوئی نہ ہو۔ اُسے صاف کر کے اس کے اوپر سورۃ کوثر اکتالیس (41) بار اور سورۃ القارعہ اکیس (21) بار پڑھ کر پھونک دیں۔ اب اس ہڈی پر آٹھ جنات کی ڈیوٹی لگ جاتی ہے۔ اب یہ ہڈی جس گھر میں بھی ہوگی، انشاء اللہ وہ جنات اور جادو سے گھر محفوظ رہے گا۔ اگر کسی گھر میں جنات یا جادو ہے تو صرف سات یوم اس ہڈی کو وہاں پر رکھیں۔ سات یوم میں جنات کا صفایا ہو جاتا ہے۔ اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔

باقی اس عمل کا اگر کوئی چلہ کرنا چاہئے تو اس کا طریقہ بھی درج ذیل ہے۔ اگر کوئی وقت کی قلت کے باعث قارئین میں سے چلہ نہیں کر سکتے تو وہ میرے محبوب استاد جناب محترم المقام ڈاکٹر خالد مقبول صاحب سے اجازت لے کر کر سکتے ہیں۔

طریقہ چلہ ☆ سورۃ کوثر 777 مرتبہ اول آخر 11+11 مرتبہ درود ابراہیمی بعد نماز عشاء 41 یوم۔

☆ سورۃ القارعہ 313 مرتبہ اول آخر 11+11 مرتبہ درود ابراہیمی بعد نماز عشاء 41 یوم تک۔

پرہیز کوئی نہیں۔ دونوں عمل وقت کی قلت کے باعث ایک ساتھ بھی شروع کر سکتے ہیں۔

(جو احباب اس کا عمل کرنا چاہیں، وہ ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ نیز استاذ محترم مولانا امان اللہ صاحب مدظلہ العالی کے شاگردوں کے لئے اونٹ کی ہڈی کے عمل کا ایک خاص طریقہ ہے، وہ معلوم کر لیں۔ ع)

ایک عرب عامل کا جادو کے توڑ کے لئے مجرب عمل

خالد مقبول

" لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ . لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ . لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبُّ الْاَرْضِ . وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ "

" بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ " (تین مرتبہ)

" اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ "

" اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ "

" اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَّ مِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّةٍ "

أعوذُ بِكلماتِ اللهِ التامّاتِ الّتي لا يُجاوِزُهنّ برٌّ ولا فاجرٌ، مِنْ شرِّ ما خلقَ وبرأَ وذرأَ ومِنْ شرِّ ما ينزِلُ مِنَ السَّماءِ، ومِنْ شرِّ ما يعرُجُ فيها، ومِنْ شرِّ ما ذرأَ في الأرضِ ومِنْ شرِّ ما يخرُجُ منها، ومِنْ شرِّ فِتَنِ اللّيلِ والنّهارِ، ومِنْ شرِّ كلِّ طارقٍ إلّا طارقاً يطرُقُ بخيرٍ يا رحمٰن "

أعوذ بالله السميع العليم من الشيطان الرجيم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ * الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ * مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ * اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ * اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ * صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ *

الٓمّٓ * ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْهِ هُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ * الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ * وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ * اُولٰٓئِکَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ * لَآ اِکْرَاهَ فِی الدِّیْنِ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ فَمَنْ یَّکْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَکَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ * اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَوْلِیٰٓؤُهُمُ الطَّاغُوْتُ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ "البقرة" 258-255

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ کُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِکَتِهٖ وَکُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ * لَا یُکَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا کَسَبَتْ وَعَلَیْهَا مَا اکْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ "البقرة" 286-285

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْکِ سُلَیْمٰنَ وَمَا کَفَرَ سُلَیْمٰنُ وَلٰکِنَّ الشَّیٰطِیْنَ کَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَی الْمَلَکَیْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ وَمَا یُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ

حَتَّىٰ يَقُولَا إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ وَمَا هُم بِضَارِّينَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنفَعُهُمْ وَلَقَدْ عَلِمُوا لَمَنِ اشْتَرَاهُ مَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهِ أَنفُسَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ "البقرة" 102

وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ أَنْ أَلْقِ عَصَاكَ فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ * فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ * فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانقَلَبُوا صَاغِرِينَ * وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِينَ * قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ الْعَالَمِينَ * رَبِّ مُوسَىٰ وَهَارُونَ "الأعراف" 122–117

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُونِي بِكُلِّ سَاحِرٍ عَلِيمٍ * فَلَمَّا جَاءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُم مُّوسَىٰ أَلْقُوا مَا أَنتُم مُّلْقُونَ * فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسَىٰ مَا جِئْتُم بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللَّهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللَّهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ * وَيُحِقُّ اللَّهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ "يونس" 81-79

قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِمَّا أَن تُلْقِيَ وَإِمَّا أَن نَّكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَلْقَىٰ * قَالَ بَلْ أَلْقُوا فَإِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِن سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعَىٰ * فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُّوسَىٰ * قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنتَ الْأَعْلَىٰ * وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ "طه" 69-65

وَإِذْ يَعِدُكُمُ اللَّهُ إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّونَ أَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُونُ لَكُمْ وَيُرِيدُ اللَّهُ أَن يُحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكَافِرِينَ * لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ "الأنفال" 8 – 7

وَقَدِمْنَا إِلَىٰ مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَّنثُورًا "الفرقان" 23

قُلْ إِنَّ رَبِّي يَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَّامُ الْغُيُوبِ * قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ "سبأ" 49-48

وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا "الأسراء" 81

بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُونَ "الأنبياء" 18

قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللَّهُ بِأَيْدِيكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ * وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوبِهِمْ وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَىٰ مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ "التوبة" 15-14

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُم مَّوْعِظَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ "يونس" 57

وَأَوْحَىٰ رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا وَمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ * ثُمَّ كُلِي مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ "النحل" 69-68

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ وَلَا يَزِيدُ الظَّالِمِينَ إِلَّا خَسَارًا "الإسراء" 82

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ "الشعراء" 80

وَلَوْ جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا أَعْجَمِيًّا لَّقَالُوا لَوْلَا فُصِّلَتْ آيَاتُهُ ءَأَعْجَمِيٌّ وَعَرَبِيٌّ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ فِي آذَانِهِمْ وَقْرٌ وَهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى أُولَٰئِكَ يُنَادَوْنَ مِن مَّكَانٍ بَعِيدٍ "فصلت" 44

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ * اللَّهُ الصَّمَدُ * لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ * وَلَمْ يَكُن لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ * مِن شَرِّ مَا خَلَقَ * وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ * وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ * وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ أَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ * مَلِكِ النَّاسِ * إِلٰهِ النَّاسِ * مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ * الَّذِيۡ يُوَسۡوِسُ فِيۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ * مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ

اللهم رب الناس أذهب البأس، واشف أنت الشافي، لا شفاء إلا شفاؤك شفاء لا يغادر سقما.

اللّٰهُمَّ إِنِّيۡ عَبۡدُكَ وَابۡنُ عَبۡدِكَ وَابۡنُ أَمَتِكَ نَاصِيَتِيۡ بِيَدِكَ مَاضٍ فِيَّ حُكۡمُكَ عَدۡلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ أَسۡأَلُكَ بِكُلِّ اسۡمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيۡتَ بِهِ نَفۡسَكَ أَوۡ أَنۡزَلۡتَهُ فِيۡ كِتَابِكَ أَوۡ عَلَّمۡتَهُ أَحَدًا مِنۡ خَلۡقِكَ أَوِ اسۡتَأۡثَرۡتَ بِهِ فِيۡ عِلۡمِ الۡغَيۡبِ عِنۡدَكَ أَنۡ تَجۡعَلَ الۡقُرۡآنَ رَبِيۡعَ قَلۡبِيۡ وَنُوۡرَ صُدُوۡرِيۡ وَجِلَاءَ حُزۡنِيۡ وَذَهَابَ هَمِّيۡ.

تحصَّنتُ باللهِ الذى لا إله إلا هُوَ، إلٰهي وإلٰهُ كُلِّ شيءٍ، واعتصَمتُ بربي وربِّ كُلِّ شيءٍ، وتوكلتُ على الحيِّ الذى لا يموتُ، واستدفعتُ الشرَّ بلا حَولَ ولا قُوَّةَ إلا بالله. حَسبِيَ اللهُ ونِعمَ الوكيلُ، حَسبِيَ الربُّ مِنَ العباد، حَسبِيَ الخالِقُ من المخلوق، حَسبِيَ الرازقُ مِنَ المرزوق، حَسبِيَ الذى بيده ملكوتُ كُلِّ شيءٍ، وهو يُجيرُ ولا يُجارُ عليه، حَسبِيَ اللهُ وكَفَى، سَمِعَ اللهُ لمنۡ دعا، ليسَ وراء اللهِ مرمَى، حَسبِيَ اللهُ لا إله إلا هُوَ، عليه توكلتُ، وهُوَ ربُّ العرشِ العظيم.

اللّٰهُمَّ رَحۡمَتَكَ نَرۡجُو فَلَا تَكِلۡنِيۡ إِلَى نَفۡسِيۡ طَرۡفَةَ عَيۡنٍ، وَأَصۡلِحۡ لِيۡ شَأۡنِيۡ كُلَّهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنۡتَ.

اللهم رب الناس أذهب البأس، واشف أنت الشافي، لا شفاء إلا شفاؤك شفاء لا يغادر سقما.

بسم الله أرقي نفسي، من كل شيء يؤذيني، من شر كل نفس أو عين حاسد أو سحر ساحر ومن كل بلاء الله يشفيني، بسم الله أرقي نفسي.

طریقہ مریض خود یہ وظیفہ پڑھے۔ اگر نہیں پڑھ سکتا تو کوئی اور پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ ساتھ ہی روغنِ زیتون پر بھی دم کیا جائے۔ روغنِ زیتون کو کھانے میں اور جسم پر ملنے کے لئے استعمال کیا جائے۔ اور یہ تمام عمل لکھ کر دھو کر زیادہ سا پانی بنایا جائے۔ ایک ہفتہ کا پینے کا پانی نکال کر بقیہ پانی کو کسی بڑے ٹب میں ڈال دیا جائے۔ اور مزید پانی بھی ملا لیا جائے۔ تھوڑا سا نمک بھی ڈالا جائے۔ مریض پہلے اس پانی میں پندرہ منٹ بیٹھا رہے۔ پھر اپنے اوپر پانی بہائے۔ غسل کا عمل ہفتہ میں ایک بار کرنا ہے۔ اور وظیفہ صبح وشام پڑھ کر دم کرنا ہے۔ تا شفاء اس عمل کو جاری رکھنا ہے۔

بہتر ہے کہ پہلی بار عامل خود یہ عمل پڑھ کر مریض، روغنِ زیتون اور پانی پر دم کرے۔ پھر اسی پانی میں یہ تمام عمل پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر دھو کر ملایا جائے۔ آگے عمل کا وہی طریقہ ہے۔

یہ عمل جادو کا سخت توڑ ہونے کے ساتھ ساتھ مضبوط حفاظت بھی ہے۔

جو لوگ اس بات کی شکایت کرتے ہیں کہ ان پر جادو بار بار ہو جاتا ہے، وہ اگر محنت کر سکتے ہیں، تو اس عمل پر محنت کریں۔ پھر نتیجہ خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں کہ کس طرح حفاظت ہوتی ہے اور کس طرح دشمن عامل عاجز آ جاتا ہے مگر اس کا عمل نہیں چلتا۔ یہاں یہ بھی دھیان رکھنا ضروری ہے کہ اس عمل کے پیچھے فرشتے ہیں۔ لہٰذہ جتنا گناہوں سے بچا جائے گا، اتنا زیادہ اس عمل کا فائدہ ہوگا۔

جو لوگ اس عمل کا پرنٹ شدہ پرچہ چاہیں، وہ ادارے سے منگوا سکتے ہیں۔ دو صفحات پر یہ عمل پرنٹ ہے۔ اس طرح مریض اور عامل، دونوں کو ساتھ رکھنے میں مشکل نہیں ہوگی۔ رسالے کا ممبر ہونا ضروری ہے۔

جو لوگ اس عمل کا عامل بننا چاہیں، وہ بھی ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ عمل میں آنے کے بعد اس کی تاثیر بہت زیادہ ہو جائے گی۔ اور پڑھنے والے کا فیض بھی جاری ہوگا جس سے دوسرے لوگ بھی فائدہ اٹھائیں گے۔ مزید جو لوگ چلہ نہیں کر سکتے، وہ بھی اس عمل کی اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔

کالی ماتا کے وار کا توڑ

ابن نظامی

اگر کالی ماتا کے کسی بھگت یا پجاری کی جانب سے کسی پر سخت ترین سفلی وار کیا گیا ہو جسے ہندی میں کالی مرن بھگت بھینٹ کہا جاتا ہے اور اس سے کسی کی جان چلے جانے کا خطرہ ہو تو عامل کامل اس کا علاج ذیل طریقے سے کرے۔

اس مقصد کے لئے لوبان کی کافی مقدار، اگربتیاں 198 عدد اور پانی مناسب مقدار میں عامل اپنے پاس رکھے اور پھر مریض کے گرد حصار قائم کرے۔

سب سے پہلے سات عدد سادہ گتے کے چھ انچ مربع ٹکڑوں پر **یاجبار یاقھار** موٹا کر کے لکھیں اور مریض کے کمرے کی دیواروں، دروازے اور چھت پر ان ٹکڑوں کو اس طرح لگائے کہ جس طرح بھی مریض نگاہ دوڑائے، اسے یہی اسمائے الٰہی نظر آئیں۔

اب لوبان، اگربتیوں اور پانی پر ذیل کی سورہ ہائے مبارکہ ورد بہ تعداد ذیل کر کے دم کیا جائے۔

☆ اول و آخر درود پاک (ایک سو ایک مرتبہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّۃٍ وَّ اَلْفَ اَلْفَ ذَرَّۃٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَآءِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

☆ اسم الٰہی یَا جَبَّارُ یَا قَھَّارُ (گیارہ سو مرتبہ)

☆ سورہ فلق بہ طریق ذیل (ایک ہزار مرتبہ)

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۔ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۔ کُلُّ الْخَبَائِثِ اِبْلِیْسَ شَرِّ کُلُّ ذُرِّیَاتِ اِبْلِیْسَ ۔ وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۔ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۔ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

☆ سورۃ الناس بہ طریق ذیل (ایک ہزار مرتبہ)

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۔ مَلِكِ النَّاسِ ۔ اِلٰهِ النَّاسِ ۔ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۔ کُلُّ خَنَّاسِ اِبْلِیْسَ وَ ھَارُوْتَ وَ مَارُوْتَ وَ دِیْوتَانِ وَ دِیْوتَانِ وَ فِرْعَوْنِ وَ ھَامَانِ وَ شَدَّادِ وَ نَمْرُوْدِ نَارِیَہ ۔ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ کُلُّ ذَرَّۃِ خَنَّاسِ ۔ اَلَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۔ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ۔

☆ سورہ کوثر بہ طریق ذیل (تین سو تیس مرتبہ)

اِنَّا اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۔ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَ انْحَرْ ۔ اِنَّ شَانِئَكَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ۔ کُلُّ خَنَّاسِ الْاَبْتَرُ کُلُّ سِحْرٌ کَالِیْ مَاتَا اَبْتَرُ اَبْتَرُ اَبْتَرُ

☆ حروف مقطعات (ایک سو اکتالیس مرتبہ)

الٓمٓ ۔ الٓمٓرٰ ۔ الٓمٓصٓ ۔ الٓرٰ ۔ حٰمٓ ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ ۔ طٰہٰ ۔ طٰسٓ ۔ طٰسٓمٓ ۔ قٓ ۔ صٓ ۔ نٓ ۔ یٰسٓ

اب اس پانی میں قدرے پانی سحر زدہ کو پلائیں اور بقیہ پانی سے سحرزدہ کو غسل کروائیں۔ غسل کے دوران لوبان کی دھونی اس کے چاروں طرف سلگائیں۔ بعدازاں سات مرتبہ آیت الکرسی اور سات مرتبہ چہار قل پڑھ کر مسحور پر دم کریں۔

مسحور کو شام کو لوبان کی دھونی دیں اور اس کے کمرے میں صبح وشام اور رات کو دو دو اگربتی جلائیں۔ چھ عدد روزانہ جلیں گی۔

مریض کے گلے میں ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے باوضو حالت میں سفید کاغذ پر لکھ کر خوشبو لگا کر ڈال دیں۔

پانی پلانے اور نہانے کا عمل تینتیس روز تک جاری رہے گا۔ اسی طرح لوبان اور اگربتی کا کام بھی اتنے ہی روز چلے گا۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز مریض اس عمل سے کالی ماتا کے پجاریوں اور بھگتوں کے سحری عمل بد سے ہمیشہ کے لئے محفوظ و مامون ہو جائے گا اور ان کا کیا ہوا سحر ان کی طرف واپس لوٹ کر انہیں نقصان پہنچائے گا۔

نقش:

الٓمٓ	الٓمٓرٰ	الٓمٓصٓ	الٓرٰ	حٰمٓ
حٰمٓ عٓسٓقٓ	کٓھٰیٰعٓصٓ	طٰہٰ	طٰسٓ	طٰسٓمٓ
قٓ	صٓ	نٓ	یٰسٓ	نام سحرزدہ مع ماں کا نام

سخت جادو کے توڑ کے لئے بکرے کا مجرب عمل

مولانا عارف صاحب

حد سے زیادہ مایوس اور لاعلاج مریض (خواہ جادو کی وجہ سے بیمار ہو یا ویسے جسمانی مریض ہو) کے لئے یہ ایک انتہائی مجرب عمل ہے۔ ایک کالا بکرا لاکر تین دن کے لئے اسے گھر میں باندھ لیں۔ کاغذ کے تین پرچوں پر اسم الٰہی اَلْمُمِیْتُ چار چار بار لکھ کر ان کاغذوں پر یَا مُمِیْتُ چار سو نوے (۴۹۰) بار پڑھ کر دم کریں۔ مریض پر بھی دم کریں اور اس نیت سے کریں کہ جو مرض، سحر، آسیب، مسان وغیرہ مریض پر مسلط ہے، اسے اللہ تعالیٰ موت سے ہمکنار کردیں۔

پھر یہ تینوں پرچے پانی کی ایک بالٹی وغیرہ میں ڈال دیں اور یہ پانی بکرے کو پلائیں دیں۔ اس پر اس پانی کے چھینٹے بھی ماریں اور اس کے لئے جو گھاس چارہ وغیرہ لائیں، اس پر بھی اس پانی کے چھینٹے ماریں۔

مریض پر جس قدر شیطانی اور سحری اثرات زیادہ ہوں گے، بکرا اسی قدر پانی پینے سے انکار کرے گا اور چھینٹے مارنے پر چیخ و پکار کرے گا۔ اگر آپ دیکھیں کہ تعویذ والا پانی بکرا بالکل نہیں پی رہا اور اتنا وقت گذر گیا ہے کہ اب اگر اسے پانی نہ پلایا گیا تو وہ مرجائے گا، تو اس صورت میں اسے عام نلکے کا پانی پلا سکتے ہیں۔ لیکن اس پانی کے چھینٹے ہرصورت اس پر مارنے ہیں۔ اس پر وہ جتنی چیخ و پکار کرے، اس کی پرواہ نہ کریں۔

تینوں دن یہ عمل دن میں تین تین بار دہرائیں۔ اس طرح کل نو دفعہ مریض پر دم بھی ہوگا اور تینوں تعویذوں پر بھی دم ہوگا۔ چوتھے دن بکرے کو ذبح کر کے اس کا سر جسم سے الگ کرلیں۔ اور سر اور دھڑ دونوں کسی ویرانے میں گڑھا کھود کر دفن کردیں۔ اس بکرے کا گوشت کسی انسان یا جانور کو نہ کھانے دیا جائے۔ اس کی تدفین کے ساتھ ہی مریض کی صحت مندی کے آثار نمایاں ہونا شروع ہوجائیں گے۔

(یہ عمل مبتدی عامل اور عوام کے لئے نہیں، صرف ماہر عامل ہی کرے۔ ع)

خطرناک حالت والے مسحور کا علاج

مولانا عارف صاحب

اگر جادو کی وجہ سے مسحور شدید بیمار ہوگیا ہو اور اس کی حالت بہت نازک ہوگئی ہو تو اس مریض پر سات بار منزل اس طرح پڑھی جائے کہ ہر بار منزل ختم ہونے کے بعد آیات شفاء سات سات بار اور آیت مبارکہ

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَىٰ ۖ قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِن ۖ قَالَ بَلَىٰ وَلَٰكِن لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِي ۖ قَالَ فَخُذْ أَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلَىٰ كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَأْتِينَكَ سَعْيًا ۚ وَاعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (البقرۃ: ۲۶۰)

اکتالیس بار اور آخر میں ہفت سلام سات سات بار پڑھ کر دم کریں۔ ہر دفعہ منزل سے شروع کر کے ہفت سلام کے بعد دم کریں۔ پانی، تیل، نمک، چینی اور مریض کی ادویہ پر بھی دم کریں۔ انشاء اللہ سات دن کے دم سے مریض چارپائی سے اٹھ بیٹھے گا۔

سخت جادو اور جنات کو جلانے والا "کڑاہی" کا خاص عمل

مولانا ابو نافع

یہ کڑاہی والا عمل اس وقت کیا جائے، جب دوسرے اعمال سے علاج کرلیا جائے اور معاملہ کسی طرح نہ سنبھلے۔ کیونکہ اس عمل سے کثیر تعداد جنات جل جاتی ہے۔ قبیلے کے قبیلے جل جاتے ہیں۔ مخالف عامل کی اپنی طاقتیں بھی جل جاتی ہیں۔ اس لئے ایسے بڑے اعمال کرنے میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ ان اعمال کی رجعت بھی سخت ہوتی ہے۔ بغیر اجازت کرنی کی ہرگز اجازت نہیں۔ جو صاحب کریں گے، خود ذمہ دار ہوں گے۔

تیل کی تیاری سرسوں کا تیل بیس لٹر لے لیں۔ اس پر درج ذیل کلام اس کی مخصوص تعداد کے ساتھ گیارہ یوم دم کریں۔ کڑاہی کا تیل تیار ہے۔

1. سورۂ مزمل باموکل .... گیارہ مرتبہ
2. سورۂ فیل باموکل .... اکتالیس مرتبہ
3. آیت قطب باموکل .... اکتالیس مرتبہ
4. چہل کاف باموکل .... اکتالیس مرتبہ
5. الحسبتم تا الراحمین .... اکتالیس مرتبہ

خاص بتیوں کی تیاری خاص بتی بڑی ہونے کی وجہ سے نہیں دی۔ جس کو لینی ہو، ادارے سے لے سکتا ہے۔ سات بتیاں مریض اپنے جسم سے اچھی طرح ملے۔ پھر ایک ایک بتی کو روئی کا پیڈ بنا کر پہلے روئی کی تہہ نیچے لگائیں۔ پھر اوپر بتی رکھیں۔ پھر اوپر تہہ لگائیں۔ اس طرح سات بتیاں بنائیں۔ یہ بتیاں کڑاہی میں علیحدہ علیحدہ رکھی جائیں گی۔ کڑاہی بڑی والی لینی ہے۔

کڑاہی میں بتیاں رکھنے کے بعد تیل ڈالیں۔ اور اس تیل پر سورۂ ھود ایک بار مکمل پڑھ کر دم کریں۔ پھر اس کڑاہی کو جلائیں۔ وقتاً فوقتاً روئی کے گولے کو پٹرول میں بھگو کر اس کڑاہی میں ڈالتے جائیں۔ یہ عمل مریض کے گھر کھلی جگہ کریں۔ یعنی صحن یا چھت ہو۔ اس میں آگ تیز ہوتی ہے۔ گھر کے اندر کرنے سے آگ لگنے کا خطرہ ہے۔

عمل سے قبل پانچوں اعمال کے جنات سے رابطہ کر کے اپنے ساتھ کرلیں۔ تصور کریں کہ مریض کے اندر سے تمام مرض، اثرات بد، جنات، جادو، نظر بد، شیاطین وغیرہ نکل نکل کر کڑاہی میں جل رہے ہیں۔ مریض کو بھی یہی تصور کرنے کا کہیں اور اپنے جنات کو بھی کہیں کہ درج بالا تمام اثرات مریض کے اندر سے نکال کر کڑاہی میں جلادیں۔ کڑاہی جلتے وقت مسلسل کوئی ساتھی سورۂ قریش پڑھتا رہے۔

مریض کی نظر کھولنا

مریض کی نظر کھولنے کے لئے درج ذیل عمل کڑاہی جلتے وقت مریض کی آنکھوں پر دم کریں تاکہ اس کی نظر کھل جائے اور مریض اس عمل کی حقیقت اپنی آنکھوں سے دیکھے۔ اگر مکمل عمل کے بعد بھی نظر نہیں کھلی تو گھبرائیں نہیں عمل کا پھر بھی فائدہ ہوگا۔ عمل یہ ہے:

ولقد علمت الجنة ...... لمحضرون (صافات: 158)

فکشفنا عنک غطائک ...... حدید (ق: 22)

درج بالا آیات سات سات بار پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کریں۔ ہر آیت کے تین دم ہوں گے۔ کسی بھی وقت نظر کھل گئی تو مزید دم نہ کریں۔ اگر اس سے بھی نہ کھلے تو بدوح کا خاص تعویز مریض اپنے دائیں داڑھ میں دبائے۔ آپ امنت باللہ کا عمل پڑھ کر حکم لگائیں کہ مریض کی نظر اس عمل کے لئے کھولو۔ اگر نہ کھلے تو بائیں داڑھ میں دبوائیں اور پھر عمل پڑھ کر حکم لگائیں۔ پھر بھی نہ کھلے تو چونتیس کے تین نقش لکھ کر ان پر دونوں آیات سات بار، چہل کاف اور امنت باللہ سات سات بار پڑھ کر دم کریں اور مریض اپنی آنکھوں سے مل کر جلائے۔ اس طرح تینوں نقش جلائے۔ اگر پھر بھی نہ کھلے تو چھوڑ دیں اور باقی عمل پورا کریں۔

جنات کا حاضر ہونا

جنات اور جادو کڑاہی میں جلتے رہیں گے۔ مریض کی نظر کھلنے پر اس کو یہ سب نظر آئے گا۔ اگر کوئی سرکش جن ایسا آئے جو کڑاہی میں تو آجائے لیکن جلے نہیں اور عمل پڑھے یا اپنے ساتھیوں کو بلائے تو اس کی زبان بند کرنے کے لئے یہ آیت سات بار پڑھ کر انگلی کا اشارہ کر کے تصور میں اس کا منہ سی دیں۔ اور طاقت بھی بند کردیں کہ مزید نہ آئے۔ آیت یہ ہے:

الیوم نختم ...... یکسبون (یس: 65)

(بقیہ ص 42)

دینی اداروں پر ہونے والے سحر و جادو کے توڑ کا مجرب عمل

خالد مقبول

آج کل یہ مصیبت بہت زور پکڑ گئی ہے۔ مسلکی اختلافات کی بناء پر ایک دوسرے پر عمل کروائے جاتے ہیں۔ عموماً اہل حق اس کی زد میں بہت رہتے ہیں۔ باطل ان پر جادو کرواتا رہتا ہے۔ چند علامات یہ ہیں:

مدرسہ میں بچوں کی تعداد میں کمی، غصہ کی زیادتی، پڑھائی کا دل نہ کرنا، پڑھانے کا دل نہ کرنا، گناہوں کی طرف رغبت، نماز و قرآن سے دوری، سنت سے بیزاری، قرآن یا ذکر اذکار نہ کرسکنا، نیک کام ہو جائے تو گناہ کا کام لازمی ہو جانا، حافظے کی کمزوری اور مختلف بیماریاں کا شکار رہنا، معاونین کا تعاون سے انکار یا بہت کم تعاون کرنا وغیرہ وغیرہ۔

جس طرح بیماری لگ جائے تو اس کا علاج کیا جاتا ہے، اسی طرح جادو ہو جائے تو جادو کا بھی علاج کیا جاتا ہے۔ پتہ نہیں ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے جن کے مدارس پر جادو ہو اور واضح علامات بھی ہوں، پھر بھی جادو کے علاج کی طرف کوئی خاطر خواہ توجہ نہیں دیتے۔ شاید یہ بھی جادو کا ہی اثر ہو۔

خیر ایک علاج تحریر کر رہا ہوں۔ جو لوگ محنت سے کر گئے، وہ فائدہ خود دیکھیں گے۔

یہ عمل طاق عدد افراد کریں۔ سب بالغ ہوں۔ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز حاجت پڑھیں اور سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنا حصار کرلیں۔

پھر سفید چادر بچھا کر سفید کپڑے پہن کر اس پر بیٹھیں۔ خوشبو کپڑوں پر بھی لگائیں اور جگہ پر بھی جلائیں۔ بہتر ہے کہ بخور جلائیں۔ اگربتی سے وہ فائدہ کبھی نہیں ہوتا جو بخور سے ہوتا ہے۔ پھر سب لوگ درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر ترتیب سے گھٹلیوں پر پڑھیں۔ جب سب ایک کلام پڑھ چکیں تو دوسرا شروع کریں۔

①	آیت الکرسی	تین سو تیرہ مرتبہ
②	سورۂ کافرون	تین سو تیرہ مرتبہ
③	سورۂ اخلاص	تین سو تیرہ مرتبہ
④	سورۂ فلق	تین سو تیرہ مرتبہ
⑤	سورۂ ناس	تین سو تیرہ مرتبہ
⑥	لاحول ولاقوۃ الا باللہ	گیارہ سو مرتبہ
⑦	اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم	گیارہ سو مرتبہ
⑧	حزب النصر	فی فرد تین مرتبہ

آخر میں گیارہ بار درود شریف سب پڑھنے والے پڑھ کر ڈھیر سارے پانی، چینی، نمک اور بخور یا اگربتیوں پر دم کریں اور پڑھنے والوں میں جو بزرگ ہوں، وہ دعا کروائیں۔ اکتالیس دن کا عمل ہے۔

چینی اور نمک کھانے میں استعمال کریں۔ پانی دن میں ہر نماز کے بعد دوا کے طور پر تین گھونٹ پئیں۔ اس پانی میں کوشش کریں کہ دوسرا پانی نہ ملائیں۔ جو افراد زیادہ متاثر ہوں، ان کو زمین پر کھڑا کر کے ان کے اوپر یہ پانی بہایا جائے۔ جگہ ایسی ہو کہ پانی نالی میں نہ جائے۔ کپڑے پہنے ہوئے پانی بہایا جاسکتا ہے۔ سر ننگا رکھیں۔ پانی بہانے کے بعد دوسرے کپڑے تبدیل کرلیں۔ اتارے ہوئے کپڑے دھو کر استعمال کریں۔ جن بچیوں کو حیض کے دن ہوں، وہ غسل والا عمل نہ کریں۔

نیز سپرے والی بوتلوں میں پانی ڈال کر تمام دیواروں اور کونوں میں چھڑکا جائے۔ یہ عمل صبح اور مغرب کے بعد کیا جائے۔ پانی چھڑکنے کے بعد انہی جگہوں پر دھونی دی جائے۔

انشاء اللہ جو محنت کرینگے، جادو اور سحر سے نجات پائیں گے اور ان کے مخالفین اپنے منہ کی کھائیں گے۔

ممکن ہے کہ عمل کے دوران پڑھنے والوں کو تکلیف بڑھ جائے۔ صبر کریں اور کسی اچھے عامل کی نگرانی میں یہ عمل کریں۔

عاملین کا طریقہ یا اللہ جل شانہٗ کا طریقہ؟

خالد مقبول

موضوع پڑھ کر تھوڑی حیرت تو یقیناً ہوئی ہوگی۔ ہونی بھی چاہئے کیونکہ یہ موضوع ہی بہت اچھوتا ہے۔ مگر ایک ایسی حقیقت ہے، جس سے بہت سے لوگوں نے نظریں چرائی ہیں۔ بہت سے صاحب علم لوگوں نے اس پر کوئی توجہ نہیں دی۔ یہ مضمون خاص ان لوگوں کے لئے ہے جو عاملین کے اور عملیات کے مخالف ہیں۔ جو جادو کے علاج کے طریقہ کار کے مخالف ہیں۔ جو تشخیص، جادوگر اور جادو کروانے والے کے نام پتہ کرنے، جادو کس چیز پر ہوا اور کہاں دفن ہے وغیرہ جیسے سوالات کے مخالف ہیں۔

نبی کریم ﷺ پر جادو ہوا اور یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس کو جھٹلایا نہیں جاسکتا۔ اگرچہ کئی حضرات نے اس بارے میں مختلف تاویل کی ہے، لیکن حقیقت یہی ہے کہ جادو ہوا۔ اور اس کا اثر کئی دنوں تک رہا۔ جادو کے بارے میں بات کرنا مقصد نہیں، جادو کے طریقۂ علاج کے بارے میں بات کرنا مقصد ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے نبی کریم ﷺ پر سے جادو کو ختم کرنے کے لئے کیا طریقہ اختیار کیا؟ غور سے ملاحظہ فرمائیے:

نبی کریم ﷺ کو ایک خواب آتا ہے اور دیکھتے ہیں کہ دو فرشتے آپس میں باتیں کررہے ہیں۔ ان میں سوال وجواب ہورہا ہے۔

1. سب سے پہلا سوال یہ ہوا کہ آپ ﷺ کو کیا ہوا ہے؟ جواب دیا گیا کہ جادو۔
2. دوسرا سوال یہ ہوا کہ کس نے جادو کیا ہے؟ جواب دیا گیا کہ لبید بن عاصم اور اس کی بیٹیوں نے۔
3. تیسرا سوال ہوا کہ کس چیز پر ہوا ہے؟ جواب دیا گیا کہ آپ ﷺ کے بالوں پر۔
4. چوتھا سوال یہ ہوا کہ کہاں دفن ہے؟ جواب میں جگہ بتائی یا دکھائی گئی۔

پھر آپ ﷺ چند صحابہ کے ساتھ اس جگہ پر صبح تشریف لے گئے۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ایک اور صحابی کنویں کے اندر اترے اور ایک کنگھا نکالا جس پر آپ ﷺ کے بال لپٹے ہوئے تھے اور ان میں گرہیں لگی ہوئی تھیں۔ پھر سورۂ فلق اور سورۂ ناس کی تلاوت کی گئی تو ہر آیت پر ایک گرہ کھلتی گئی۔

معوذتین کا شانِ نزول آپ حضرات نے ملاحظہ فرمایا۔ اب غور کریں کہ

1. پہلا سوال کیا تشخیص کرنا نہیں کہ مریض کو کیا ہے؟ یہی تو عامل بھی کرتا ہے۔
2. دوسرا سوال جادوگر کا پتہ کرنا؟ یہ بھی عامل پتہ کرتا ہے۔
3. تیسرا سوال جادو کس چیز پر کیا گیا ہے؟ یہ بھی عامل پتہ کرتا ہے۔
4. چوتھا سوال کہ جادو کہاں دفن ہے؟ یہ بھی عامل پتہ کرتا ہے۔

ان سوالات پر غور کریں گے تو بات واضح سمجھ میں آجائے گی۔ ایک ماہر عامل جو طریقہ اپناتا ہے، یہ وہی طریقہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کے علاج کے لئے اختیار فرمایا۔ اب قرآن وسنت سے ثابت کرنے کی ضرورت نہیں کہ حدیث دکھاؤ جس میں تشخیص کی گئی ہو یا جادوگر کون ہے یا جادو کس چیز پر ہوا ہے، اسے معلوم کیا گیا ہو وغیرہ وغیرہ۔

یہ کہنا درست ہوگا کہ عامل اللہ کے منتخب کردہ تشخیص کے طریقے پر کام کرتا ہے۔ رہی بات کہ عاملین نے غلط طریقے اختیار کئے، یہ ان کی غلطی ہے۔ مگر مطلقاً تمام طریقے کو غلط کہنا بالکل صحیح نہیں۔

اپنی سمجھ کے مطابق لکھ دیا ہے۔ اللہ کرے کے میرے لکھنے کا مقصد صحیح طور پر پڑھنے والے کے ذہن میں بیٹھ جائے۔ اور وہ فضول کی مخالفت ترک کرکے حقائق پر بات کریں۔ آمین

جادو کے متاثرہ مریضوں کا علاج کرنا صرف اہل افراد کو سکھائیں

خالد مقبول

جادو کے متاثرہ مریضوں کے علاج میں بہت احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔جس طرح جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج میں احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے،اس سے کچھ زیادہ جادو میں ضرورت ہوتی ہے۔جنات تو زیادہ تر ظاہری نقصان دیتے ہیں۔لیکن جادو ظاہری کے ساتھ ساتھ باطنی نقصان بھی بہت دیتا ہے۔اور چونکہ جادو میں جنات، جادوگر اور اس کے کلاموں سے واسطہ پڑتا ہے،اس لئے احتیاط کی بھی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔جادو کی کوشش ہوتی ہے کہ اپنے مخالف عامل کے عمل خراب کرے یا ضائع کردے۔جس طرح ایک کمپیوٹر میں وائرس آ جاتا ہے۔اب کمپیوٹر بھی موجود، چلتا بھی ہے،مگر وائرس کی وجہ سے اس کی کارکردگی ٹھیک نہیں۔کبھی بالکل کام نہیں کرتا۔کبھی کم،اور کبھی صحیح اور غلط ملا جلا۔اسی طرح اپنے عمل کا بھی سمجھیں۔عمل میں کئی دفعہ جادو جاتے جاتے کوئی وائرس چھوڑ جاتا ہے جو اس عمل کو فوراً یا کچھ دیر میں ناقص کر دیتا ہے۔یہ کام جنات کے علاج میں بہت کم ہوتا ہے اور جادو میں بہت زیادہ۔

چونکہ جنات نمبر کے مضمون میں تفصیلاً یہ مضمون جنات کے حوالے سے بتایا گیا تھا،اس لئے جنات کا بیان دوبارہ نہیں کیا جائے گا، وہیں دیکھ لیا جائے۔جنات نمبر اپریل 2011 کا شمارہ ہے۔

جادو میں جنات اور جادوگر، دونوں سے واسطہ پڑتا ہے۔جادوگر اور جادو سے بھیجے ہوئے جنات کے بارے میں چند گذارشات ہیں۔

کسی بھی جادوگر کے کئے ہوئے جادو کا علاج کرنے کے نتیجہ میں آپ کی دشمنی جنات کے ساتھ ساتھ اس جادوگر سے بھی ہو جاتی ہے۔اگر جادوگر ماہر ہو اور عمل بھی مضبوط ہوں تو زندگی ایک عذاب بن جاتی ہے۔اس کے کئے ہوئے جادو کی کاٹ کے نتیجے میں وہ ذاتیات پر اتر آتا ہے۔اور پھر مسلسل جادو اور جنات کو بھیجتا ہے۔وہ گھر میں آ کر جگہ جگہ تعویز دباتے ہیں، ہڈیاں، مٹی، خون وغیرہ دباتے اور پھینکتے ہیں۔کھانے میں غلیظ چیزیں ڈالتے ہیں۔جو کلام گھر میں پڑھا جاتا ہے،اس کی کاٹ پڑھ پڑھ کر کرتے ہیں۔کبھی بالکل ساتھ ہی پڑھتے ہیں،اور کلام کو ختم کر دیتے ہیں۔گھر والوں پر جادو کے کلام کا دم کرتے ہیں۔جو جو تعویز لگائے ہوں یا پہنا ہو،اس پر پڑھائی کر کے کاٹتے ہیں۔پورے گھر میں گندگی چھڑکتے ہیں تاکہ نورانی کلام زیادہ سے زیادہ دور ہو اور فائدہ نہ کرے۔الغرض بہت الٹے کام کرتے ہیں۔

یہ کام وہ مریضوں کا ہاں ہی نہیں، عاملین کے ہاں بھی کرتے ہیں۔کیونکہ ایسے عامل بہت ہی کم ہیں جن کی حقیقت میں ایسی حفاظت ہو جیسی بڑے لوگوں کے ہاں یا حساس جگہوں پر ہوتی ہے۔باقاعدہ گارڈز کھڑے ہوتے ہیں۔آنے والے کی تلاشی لی جاتی ہے۔پھر اجازت ملنے پر وہ آتا ہے۔یہ صرف بڑے درجہ کے عاملین کو ہی نصیب ہوتی ہے۔اللہ تعالیٰ سب مخلص اور لالچ سے پاک اور باطنی اصلاح شدہ عاملین کو ایسی حفاظت سے نوازے۔آمین

جنات کے مقابلے میں جادو کی کاروائیاں بہت سخت ہو سکتی ہیں۔اس لئے کسی بھی ایسے انسان کو سکھانا، جو اتنا بوجھ نہیں اٹھا سکتا ہو، ایک ایسے راستے پر ڈالنا ہے جس میں اس کا نقصان لازم ہے۔بہتر ہے کہ سکھایا جائے مگر ہر کسی کا علاج کرنے سے منع کر دیا جائے۔اپنا اور گھر والوں کا علاج کرے۔کیونکہ کسی کا بھی علاج کرنے کا مطلب اس پر مسلط جنات، جادو کے بھیجے ہوئے جنات اور جادوگر...... سب سے دشمنی مول لینا ہے۔اور مریض بھی کئی دفعہ پورا علاج نہیں کرواتے۔عین لڑائی میں عامل کا ساتھ چھوڑ جاتے ہیں۔جس کے لئے لڑ رہے تھے، وہی غائب ہو جاتا ہے۔اس لئے بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔اللہ تعالیٰ سمجھ عطا فرمائیں۔آمین

یہ دونوں اقسام سحر کی سخت اقسام ہیں۔ دونوں کے بارے میں مختصر تفصیل درج ذیل ہے۔ تفصیل انشاء اللہ اگلے شماروں میں آئے گی۔

معیادی سحر معیادی سحر سے مراد وہ جادو ہے، جو ایک خاص مدت کے لئے ہوتا ہے۔ اس میں جو جنات بھیجے جاتے ہیں، وہ خاص مدت میں اپنا مقصد پورا کرنے کے پابند ہوتے ہیں۔ یہ عام جنات نہیں ہوتے، بلکہ سخت قسم کے جنات ہوتے ہیں۔

علاج معیادی سحر کے علاج میں عامل کو مریض کا بہت خیال رکھنا چاہئے۔ یہ عموماً بیمار کرنے کے لئے کیا جاتا ہے۔ اور مریض بڑی تیزی کے ساتھ بیمار ہوتا چلا جاتا ہے یا اس کا نقصان ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس لئے جس مقصد کے لئے سحر کیا گیا ہے، اسی مقصد کے لحاظ سے سحر ختم کرنے کا بڑا عمل کیا جائے۔

جناتی جادو جناتی جادو سے مراد وہ جادو ہے، جو جنات مریض پر کرتے ہیں۔ یعنی جنات میں جو عامل (جادوگر) ہیں، وہ عمل کرتے ہیں۔ یہ سب سے خطرناک قسم ہے کیونکہ عامل جن سے لڑنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں ہوتی۔ اس لئے چھوٹے عاملین کو ہرگز اس طرح کے مریض کا علاج نہیں کرنا چاہئے ورنہ جن عامل اس کو نقصان دینے کے ساتھ ساتھ اس کے عمل بھی خراب کر دیتا ہے۔

علاج جناتی جادو کا علاج کرنے کے لئے کئی کلاموں کو استعمال کرنا پڑتا ہے۔ کبھی کسی کلام کا وار کیا جاتا ہے، کبھی کسی کلام کا تاکہ جب تک مخالف جنات پہلے کلام کی کاٹ کریں، دوسرا کلام سامنے کھڑا ہو۔ اور مریض کو بھی صبر و استقامت کے ساتھ چلنا پڑتا ہے۔ تب کہیں جا کر کامیابی ملتی ہے۔

ماہنامہ خزینۂ روحانیات
62
اکتوبر 2011ء / ذوالقعدہ ۱۴۳۲ھ
حکیم حافظ محمد ابرار الحسن قمر
Re.No.
QH-20422-A
فاضل الطب والجراحت
فاضل درس نظامی
جام صحت دواخانہ
کی مفید و مؤثر ادویات ایک نظر میں
اوقاتِ خدمت
صبح 9 بجے تا اذانِ مغرب
وقفہ دوپہر 12 تا 3 بجے
فون صبح 8 سے 9 بجے تک
تعطیل جمعرات وجمعۃ المبارک
آپ کو اتنا حسین بنائے کہ سب حیران رہ جائیں
بے مثال کریم
حیران کن نتائج
چہرے کے داغ، دھبے، کیل، مہاسے، دانے پھنسیاں، سیاہیاں، چھائیاں اور نشانات بے مثال کریم کے استعمال سے ختم ہوجاتے ہیں۔
بے مثال کریم رنگ گورا کرتی ہے، جلد کو صاف کرتی ہے۔
بے مثال کریم جلد کو تازگی بخشتی ہے، خوشنما بناتی ہے۔
بے مثال کریم آپ کو پُرکشش اور جاذبِ نظر بناتی ہے۔
بے مثال کریم آپ کو اتنا حسین بنائے کہ آپ حیران رہ جائیں۔
طریقہ استعمال
صبح وشام صابن سے چہرہ دھو کر معروف طریقہ سے کریم لگائیں!
اس کے استعمال آپ کی رنگت گلاب کی طرح کھل اُٹھے گی۔
تازگی، شگفتگی، حسن اور ملائمت کے لئے بے مثال کریم ضرور آزمائیں!
آپ اس کے فوائد کے خود ہی معترف ہوجائیں گے۔
(ان شاء اللہ العزیز)
سچی خیر خواہی پُرخلوص ہمدردی، بے لوث خدمت، عاجزانہ دعا اور ادویات پر زرِ کثیر خرچ کرکے آپ کی صحتِ کاملہ کے لئے طب یونانی کے اعجاز کے ساتھ ہمہ وقت کوشاں
خالص الاجزاء، صحیح الوزن اور سریع التاثیر یونانی ادویات سے علاج کا مرکز
ہماری تمام دوائیں بذریعہ ڈاک منگوائی جاسکتی ہیں۔
جستجو
معیار
اعتماد
بچت
یہ تمام دوائیں حاصل کرنے کیلئے اور ہر قسم کے علاج کے لئے درج ذیل مقام پر تشریف لائیں، خط لکھیں یا فون کریں۔
جام صحت
1939
165 حبیب پارک، چونگی ملتان روڈ، لاہور۔
ای میل hafizabrarqamar@hotmail.com
فون 042-37846298
موبائل 0300-4112043

ماہنامہ خزینۂ روحانیات
63
اکتوبر 2011ء / ذوالقعدہ ۱۴۳۲ھ
خوشخبری
جنات نمبر
جنات کے موضوع پر بہت معلومات و اعمال پر مشتمل
ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا ایک سال پورا ہونے پر بارہواں شمارہ "جنات نمبر" شائع ہو چکا ہے
رسالہ عوام و خواص .... دونوں کے لئے .... یکساں مفید
قیمت فی شمارہ
-/50 روپے
جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج کے لئے بزرگانِ دین کے مجربات
جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج کے لئے عاملین کاملین کے مجربات
جنات کے متاثرہ مریضوں کی تشخیص کیسے کریں؟
جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج میں کیا احتیاط کریں؟
عاملین کے جنات سے متاثرہ مریضوں کے علاج کرنے کے واقعات
جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج کے طریقے
جنات کی متاثرہ جگہوں کے علاج کے طریقے
جنات کو مریض کے اندر حاضر کرنے کے اعمال
جنات کو جلانے کے اعمال معہ شرعی حیثیت
جنات کو قید کرنے کے اعمال
جنات سے حفاظت کے اعمال
-/80 روپے کے ڈاک ٹکٹ
بھیج کر شمارہ حاصل کریں۔
شمارہ رجسٹرڈ ڈاک سے بھیجا جائے گا
جنات کو دیکھنا ممکن ہے
جنات کے متاثرہ مریضوں کا علاج صرف اہل افراد کو سکھائیں
عاملِ جنات .... ایک بہت بڑا محسن
جنات کو تابع کرنے کے اعمال معہ شرعی حیثیت
جنات کے عاملین کو نقصان پہنچانے کے واقعات
شمارہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں
Website: www.darulamal.org/magazines/ruhani
www.darulamal.org/publications
Blog: www.khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
E-mail: info@darulamal.org
E-mail: magazine@darulamal.org
برائے رابطہ
Tel. # (042) 35033371
Cell # 0322 / 0343 7772772
خط و کتابت
پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

Monthly Khazina-E-Ruhaniyaat CPL # 288

دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ کے چند خاص اعمال

ان تمام اعمال کی اجازت تین طرح سے دی جاتی ہے۔ اول اجازت کے بعد مکمل چلہ کیا جائے۔ دوم خاص اجازت کے ساتھ مختصر عمل کیا جائے۔ سوم صرف خاص اجازت دی جائے۔ دوسرا طریقہ صرف عاملین کے لئے ہے یا ان لوگوں کے لئے جن کی روحانی طاقت زیادہ ہو۔ تیسرا طریقہ ان عاملین کے لئے ہے، جو پہلے سے چلہ کشی کرتے رہے ہیں اور وہ اس عمل کے ہتھیاروں کو اٹھانے کی طاقت رکھتے ہیں۔

درج ذیل میں روحانی درسگاہ کے چند اعمال درج کئے جا رہے ہیں۔ ان تمام اعمال کو سیکھنے کے لئے روحانی درسگاہ کا طالب علم ہونا ضروری ہے۔ ان اعمال کا تعلق روحانی درسگاہ کے کورسز کے ساتھ نہیں۔ جس عمل کو کرنا ہو، اس کی فیس ادا کر کے کیا جاسکتا ہے۔

چند باموکل اعمال

بسم اللہ باموکل	آیت الکرسی باموکل	آیت قطب باموکل	سورہ یٰس باموکل
سورہ مزمل باموکل	سورہ فیل باموکل	سورہ اخلاص باموکل	چہل کاف باموکل

جادو جنات کے علاج کے لئے چند خاص اعمال

عمل باندھ جادو ہر طرح کا جادو بندھ جاتا ہے	**اعصائے کلیم اللہ** سخت جادو کی کاٹ کے لئے	**تھیلی والا عمل** جادو جنات کی سخت کاٹ کے لئے	**ھانڈی والا عمل** سخت جادو جنات کو جلانے کا عمل
کڑاہی والا عمل بڑے سے بڑے جادو اور جنات کے علاج کے لئے	**بکرے والا عمل** جب جنات یا جادو سخت نقصان دہ ہو تو ان کے علاج کے لئے عمل	**اونٹ کی ہڈی والا عمل** گھر سے جنات و جادو کو نکالنے کے لئے خاص عمل	**نورانی مندرہ** ہر طرح کے جادو اور جن کی کاٹ اور ہر قسم کے مندرے کا توڑ

دفاع کے چند اعمال

منزل	حصارِ قرآنی کبیر	حصارِ خاص	درود تنجینا

چند اعمالِ اولیاء

حزب البحر	حزب النصر	حزب البر	قصیدہ طوبیٰ

رابطہ پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570 فون (042) 35033371, (0322/0343) 7772772

علی آفاق صاحب 0321-4168008 عامر صاحب 0300-8439477 عرفان صاحب 0321-4661681

info@darulamal.org, www.darulamal.org/ruhanidarsgah, www.ruhanidarsgah.blogspot.com